برفاگ
عطا شاد
مرکزی اردو بورڈ

بلوچی نامہ

عطا شاد

بلوچی نامہ

عطا شاد

مرکزی اردو بورڈ
۳۶ جی گلبرگ ، لاہور

بار اول

جون ، ۱۹۶۸ء

تعداد اشاعت ، ۱۱۰۰

قیمت : [illegible] روپے

ناشر

اشفاق احمد
ڈائرکٹر مرکزی اردو بورڈ
۳۶ جی گلبرگ ، لاہور

طابع

سید اظہارالحسن رضوی
مطبع عالیہ ، ۱۲۰/۵ ٹمپل روڈ ، لاہور

ترتیب

رنگ راہ

سماجیات

رسم و رواج ، ۹
تقریبات اور دیگر متعلقات ، ۲۴
توہمات ، ۳۲
علاج معالجہ ، ۴۰
زچہ بچہ ، ۴۴

خانگی زندگی

رہائش گاہ ، ۵۱
آرائش اور زیورات ، ۵۴
کشیدہ کاری ، ۵۹
دوچ کے اقسام ، ۶۱
گھریلو اشیائے استعمال اور دیگر متعلقات ، ۶۳

اشیائے خوردنی

کھجور (درخت) اور اس کے متعلقات ، ۶۷
کھجور کے مختلف اقسام ، ۷۳
کھجور سے بنی ہوئی غذاؤں کی اقسام ، ۷۵
دیگر متفرق اشیائے خوردنی ، ۷۸

اشیائے ساختگی

پشم کی بنی ہوئی چیزیں ، ۸۹
اُون کی بنی ہوئی اشیائے استعمال ، ۹۳
چمڑے کی بنی ہوئی چیزیں ، ۹۶
پتھروں سے بنی ہوئی چیزیں ، ۹۸
اُون کے بنے ہوئے بلوچی ساخت کے خاص کپڑے ، ۱۰۰

زمینداری سے متعلقات

نظام کار (اصطلاحات) ، ۱۰۳
ھل چلانے اور بیج ڈالنے سے متعلقات ، ۱۰۵
ذخیرہ اور ناپ تول کے پیمانے ، ۱۰۷
کاریز اور شنچک ، ۱۱۰

گلہ بانی

گلے ، ۱۱۵
چوپایوں کے بچے مختلف عمروں میں ، ۱۱۷
چوپاؤں کو باندھنے کے لیے مخصوص مقامات ، ۱۲۱
دیگر متعلقات (ا ، ب) ، ۱۲۲
عوضانے ، ۱۲۷
امراض حیوانات ، ۱۲۸
چوپاؤں کے باندھنے کے خاص طریقے ، ۱۳۱

قدرتیات

زمین سے متعلق ، ۱۳۷
پہاڑوں سے متعلق ، ۱۴۱
بادل اور بارش ، ۱۴۵
چمک اور روشنی کے متعلقات ، ۱۴۸
ہوائیں اور موسم ، ۱۴۹
پانی سے متعلق ، ۱۵۰

تفریحات

نغمہ و ساز ، ۱۵۵
کچھ کھیلوں کے باب میں ، ۱۶۰

متفرقات

الفاظ ، ۱۶۱

ُرنگ راہ

ُرنگ راہ ، بلوچستان کی پہاڑی اصطلاح میں کم فاصلے اور مختصر ترین راستے کو کہا جاتا ہے ، چنانچہ میں نے اس کتاب کے دیباچے کا عنوان رنگ راہ ہی رکھا ہے کہ دیباچہ کتاب تک پہنچنے کا سب سے مختصر راستہ یا اس کا مختصر تعارف ہوتا ہے ۔

اس عنوان کا دوسرا جواز یہ ہے کہ اس کتاب کی ترتیب و تکمیل کے سلسلے میں مجھے سب سے پہلے دیباچے کے مرحلے سے گزرنا پڑتا ہے ۔ آپ کہیں گے کتاب کی ترتیب سے پہلے دیباچے کا خیال ذہن میں کیسے آیا ؟ اسی سوال کا جواب رنگ راہ کی مختصر کہانی ہے ۔

آج سے کوئی نو سال پہلے مجھے کچھ پیشہ ورانہ ضروریات کے تحت اور کچھ دوستوں کے اصرار پر اپنی بعض بلوچی غزلوں اور نظموں کا منظوم اردو ترجمہ کرنا پڑا ۔ یہ ترجمے بیشتر ریڈیو یا ریڈیو سے باہر کے مشاعروں میں پڑھے گئے اور انہیں اردو پڑھنے اور سننے والوں کے ایک اچھے خاصے طبقے نے پسند کیا ۔ یہ میرے تجربے کا پہلا مرحلہ تھا ۔

پھر مجھے ایک عزیز دوست عین سلام کے تعاون سے بلوچی لوک گیتوں کو یک جا کرنے ، انتخاب کرنے اور ان کے منظوم اردو ترجمے کا موقع ملا ، جس کے نتیجے میں ایک کتاب چھپی اور ملک کے بیشتر ادبی رسائل نے اسے سراہا ۔ یہ میرے شوق کی دوسری کروٹ تھی ۔

ان ترجموں کے دوران میں نے محسوس کیا کہ ایک زبان کے مزاج کو دوسری زبان میں ڈھالنا ، سماجی اور ثقافتی قدروں کی حفاظت کرتے ہوئے انہیں ایسا لفظی لباس پہنانا ، کہ ان پر تصنع کا شائبہ تک نہ ہو ، معانی کی روح کو ایک لفظ سے دوسرے لفظ میں منتقل کرنا

کہ اس میں اجنبیت کا احساس تک نہ ہو ایک بے انتہا مشکل اور صبر آزما عمل ہے ۔

جب مرکزی اردو بورڈ نے محترم ڈاکٹر نبی بخش بلوچ کے توسط سے مجھے یہ ذمہ داری سونپی کہ میں ایسے بلوچی الفاظ کا ایک مجموعہ مرتب کروں جن کے مترادفات اردو میں موجود نہ ہوں تو ہرچند کہ گزشتہ تجربات کی روشنی میں مجھے اس کام میں مشکلات کا برابر احساس تھا ، میں نے اس ذمہ داری کو قبول کر لیا ۔

بلوچی الفاظ کے اردو مترادفات نہ ہونے کا مطلب یہ تھا کہ مجھے ایسے بلوچی الفاظ کی فہرست مرتب کرنی ہے جن کا بدل نہ عربی میں موجود ہے ، نہ فارسی زبان میں ہے ، نہ ہندی اور نہ سنسکرت میں ملتا ہے ۔ اردو زبان کے مزاج اور اس کی فطرت کا یہی تقاضا ہے کہ آس پاس بولی جانے والی ہر زبان کے الفاظ کو فراخ دلی سے اپنائے ۔ مذکورہ زبانوں کے الفاظ بلا واسطہ یا بالواسطہ اردو میں موجود ہیں اور آئندہ بھی ان زبانوں کے مزید الفاظ کو اپنایا جا سکتا ہے ۔ گویا مجھے ایسا مجموعہ مرتب کرنے کا کام سونپا گیا تھا جس میں مشتمل الفاظ دنیا کی بڑی بڑی زبانوں میں موجود نہ ہوں ۔ یہاں دو باتیں قابل توجہ ہیں :

پہلی بات انسان کی فطرت ، اس کے جذبات اور احساسات کی بنیادی قدریں مشترک ہیں اور یہ وہ قدریں ہیں جنھیں جغرافیائی حدود اور تاریخی تقسیم کوئی گزند نہیں پہنچا سکتی ۔ زبان دراصل انسان کی ایسی بنیادی ضروریات اور احساسات کا ذریعہ اظہار ہوتی ہے جنھیں اقوام اور مذاہب میں تقسیم نہیں کیا جا سکتا ہے اس لیے زبانوں میں اظہار کے مشترک ذرائع کا موجود ہونا قدرتی بات ہے ۔

دوسری بات بلوچی زبان قدیم سہی ، لیکن زمانے کی دست برد اور ستمہائے روزگار سے محفوظ نہ رہ سکنے کی وجہ سے پنپنے اور ارتقا کے عمل سے محروم رہی ہے ۔ بلوچی زبان میں کوئی قابل قدر تحریری سرمایہ نہیں ۔ جو کچھ ہے وہ فقط بوڑھے سینوں کی امانت بن کر رہ گیا ہے ، جس کا مکمل وصول ، تلاش تحقیق ، تصدیق اور انتخاب مشکل ہی نہیں محال

بھی ہے -

بہر حال سمند شوق، کو آزمائش کی رہ نغ[1] پر ڈالنا پڑا اور اس سلسلے میں جن رنگ راہوں کا انتخاب کرنا پڑا ان کی تفصیل روئینہ[2] میں موجود ہے ، مجھے بلوچی طرز زندگی کے ایسے شعبے ڈھونڈنے پڑے جو جغرافیائی تقسیم اور تاریخی حد بندیوں کی وجہ سے انفرادیت کے مظہر تھے ، میں ایسا کرنے میں اس لیے اپنے آپ کو حق بجانب سمجھتا ہوں کہ میرے نزدیک (بلکہ ہر اردو کے خیر خواہ کے نزدیک ایسا ہونا چاہیے) پاکستان کی قومی زبان ہونے کی حیثیت سے اردو کی بقا اور فروغ کا قدرتی تقاضا یہی ہے کہ وہ پورے پاکستان کی زندگی کو پیش کرے - قومی زبان کو اس قابل ہونا چاہیے کہ و ایک عظیم قوم کی زندگی کے جملہ عناصر کو سمیٹ سکے - اردو کی یہ اہلیت جب تک واضح نہیں ہوگی کہ وہ پاکستان کی تمام تر تہذیب ، تمام تر ثقافت ، تمام تر تاریخ اور قدرتی خطوں کی تمام تر خصوصیات کو پیش کرنے کا بھرپور ذریعہ اظہار ہے ، وہ حقیقی معنی میں عظیم پاکستان کی قومی زبان قرار نہیں پا سکتی - اردو اپنے اندر بلوچی زبان کو جذب کرکے ، سندھی کو اپنا کر پشتو کو سینے سے لگا کر اور پنجابی اور بنگلہ بولنے والوں کی زبان بن کر ہی ہماری قومی زبان بن سکتی ہے - میں نے بلوچستان کی سماجی ، معاشی اور تہذیبی قدروں کو اس کتاب میں الگ الگ شعبوں میں تقسیم کیا ہے - اس سے یہ فائدہ بھی ہوگا کہ متعلقہ بلوچی الفاظ کے مفاہیم کو ان شعبوں کے پس منظر میں بہتر طور پر سمجھا اور جانا جا سکتا ہے اور اس طرح ان میں اردو زبان میں جذب ہونے کی بہتر صلاحیت پیدا ہوگی -

بلوچی الفاظ[3] کے ساتھ میں نے اپنی دانست کے مطابق ان کے مورّد مصادر بھی درج کر دیے ہیں تاکہ انھیں اردو میں اپناتے ہوئے کوئی دقت

---

۱ - پہاڑ کے کنارے کنارے دشوار گزار راستہ -

۲ - کاریز کے پانی کی تقسیم کا مقام - (فہرست)

۳ - کتاب میں ایسے مفرد بلوچی الفاظ بھی شامل ہیں جو اردو میں مرکب صورتوں میں موجود ہیں -

نہ ہو ۔ ہرچند کہ اردو زبان کا اپنا ایک مزاج ہے اور وہ ان الفاظ کو اپنے تلفظ میں ادا کرنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے لیکن پھر بھی چلنے کے لیے راستہ ضروری ہے یا پھر ہر چلنے والے کو اپنا راستہ خود بنانا پڑے گا ۔

بلوچی زبان کا بھی دیگر زبانوں کی طرح اپنا ایک مخصوص لہجہ ہے ۔ اگرچہ اس کا صوتی آہنگ اتنا مبہم اور مہمل نہیں تاہم اسے بھی سمجھنے اور ادا کرنے کے لیے میں نے کچھ اعراب بھی لگا دیے ہیں ۔ (یہ اعراب میں نے خود وضع کیے ہیں ، انھیں اردو کے مزاج کے مطابق بدلا بھی جا سکتا ہے) زیر اور ی ے کے درمیانی آہنگ کے لیے میں نے (ٖ) یعنی اُلٹے زیر کا نشان دیا ہے جیسے ٖبیل ، بیل ِبیل — اسی طرح واؤ اور پیش کی درمیانی آواز کے لیے (ٗ) یعنی الٹے پیش کو علامت قرار دیا ہے جیسے ٗطور ٗطور ُطور وغیرہ ۔

بعض الفاظ کی تشریح کے لیے میں نے دائرہ نما ، تھیلا نما چوکور جیسا وغیرہ کے الفاظ یا ان سے ملتی جلتی چیزوں کا نام لکھ دیا ہے (خصوصاً زیورات اور اشیائے ساختگی کے باب میں میری مجبوری کے لیے ظاہر ہے کہ جس چیز کے بارے میں قاری کے ذہن میں کوئی واضح وجود کیا بلکہ تصور تک نہ ہو ، اُسے بغیر نقشے کی مدد کے واضح کرنے کا میرے پاس یہی طریقہ تھا ۔

یہ میری کوتاہیوں کا جواز نہیں بلکہ حقیقت ہے کہ اس کتاب کے لیے جتنی مدت مجھے مرکزی اردو بورڈ کی طرف سے دی گئی تھی وہ اس نوعیت کی کتابوں کے لیے کم ہوتی ہے ۔ پھر بھی میں نے حتی الوسع اس کتاب کو جامع بنانے کی کوشش کی ہے ۔ البتہ خامیوں کے سلسلے میں قارئین کے قیمتی مشوروں کے لیے بھی اپنے آپ کو تیار کیا ہے ۔

مجھے جناب میر محمد بخش بزّی اور صورت خان مری کا خاص طور پر شکریہ ادا کرنا ہے ۔ میں اپنے معزز محسن اور دوست جناب میرٹھ خان، غوث بخش صابر ، غفار ندیم ، محمد مراد اور محمد عمر شاکر کو بھی فراموش نہیں کر سکتا جنھوں نے اس کتاب کی ترتیب وتکمیل میں مجھے اپنے بھر پور تعاون

سے نوازا ۔ میں ان خواتین کا بھی احسان مند ہوں جو اپنی روایات کے مطابق اپنا نام ظاہر نہیں کرنا چاہتیں ۔

میں جناب اثر جلیلی کا بھی ممنون ہوں ، جنھوں نے اس کتاب کے مسودے کو پڑھا اور مجھے اپنے پرخلوص مشوروں سے مستفید کیا ۔

ڈاکٹر نبی بخش بلوچ صاحب کی زبان دوستی اور مرکزی اردو بورڈ کا اصرار اس کتاب کی ترتیب و تکمیل کا اولین موجب بنے ہیں ، جس کا اعتراف نہ کرنا بہت بڑی احسان فراموشی ہوگی ۔

بحیثیت انسان جملہ خامیوں کے اعتراف کے ساتھ ، بلوچی نامہ آپ کی نذر کرتا ہوں ۔

کوئٹہ

۲ فروری ۱۹۶۷ء **عطا شاد**

سماجیات

رسم و رواج

وشّاتک یا وَش اَحَت یا دُرُست شاگات

بلوچ قبائل کے خوش آمدید کہنے کا ایک روایتی انداز ، جس میں مجلس کا بزرگ یا قبیلے کا سردار حاضرین کی باقاعدہ اجازت سے آنے والے کا 'چِشہَبر' یا 'حوال' دریافت کرتا ہے - اس کے بعد مجلس کے دوسرے افراد اس کی خیریت پوچھتے ہیں -

چِہبَر یا حوال

وہ سفری سرگزشت یا آمد کے وجوہ جو ملاقات کرنے والا ، وشّاتک کے دوران ، سردار یا میر مجلس کے دریافت کرنے پر ، بیان کرتا ہے - چِہبَر دینے یا بیان کرنے والا خدا کی بزرگی اور ایمان کی سلامتی کی قسم کھا کر ابتدا کرتا ہے اور اپنے بیان میں کسی قسم کی دروغ گوئی یا مصلحت آمیزی کو معیوب ، بزدلی اور گناہ خیال کرتا ہے - یہاں تک اگر وہ اہل مجلس کے کسی عزیز کو قتل کر کے آیا ہے ، یا قتل کا ارادہ رکھتا ہے تو چِہبَر دریافت کرنے پر وہ نہایت جرأت اور بے باکی سے اظہار حال کرتا ہے -

چِہبَر کے لیے واقفیت ضروری نہیں ہوتی - قبائلی حدود میں داخل ہونے والے یا سرِ راہ چلتے ہوئے کسی شخص سے بھی چہبر دریافت کیا جا سکتا ہے -

چَوٹے بَنْد

وہ تفصیلی چِہبَر جس میں اہل مجلس کو کوئی گہری دلچسپی اور ان ہی

کی خواہش پر تفصیلاً بیان کیا جاتا ہو ۔

دُو ئپسّائی

مختصر چہبر جو کم از کم وقت میں بیان کیا جاتا ہو ، مگر دو ئپسّائی اہل مجلس کی خواہش پر بیان کی جاتی ہے ۔

پَلَّو شِریک

وہ دو یا تین قبیلے جو ایک ہی خطے میں آس پاس رہتے ہوں اور بوقتِ جنگ مل کر ایک دوسرے کی مدد کرتے ہوں ۔

پَلّو شِریکی

پلّو شریک قبائل کی ایک دوسرے کی مدد اور بوقتِ جنگ تعاون کو پلّو شریکی کہا جاتا ہے ۔

مَیار

اگر معاشرے یا تہذیب یا روایتی قدروں کے منافی کوئی عمل سرزد ہو جائے تو وہ عمل 'میار' کہلاتا ہے ۔ میار کا تعلق ایک فرد سے نہیں ، پورے معاشرے سے ہوتا ہے ۔ بعض فعل ایسے ہوتے ہیں جو بظاہر کسی ایک شخص کے حق میں نہیں ہوتے لیکن وہ سماجی قدروں کے عین مطابق ہوتے ہیں ۔ مثلاً گھر آ کر معافی مانگنے والے دشمن کو معاف کردینا (وہ قاتل بھی ہوسکتا ہے) ایک مقدس سماجی قدر اور تہذیب کا تقاضا ہے لیکن اُسے قتل کر دینا یا معاف نہ کرنا بھی 'میار' کہلاتا ہے ۔ 'عیب' یا 'عار' یا 'شرم کی بات' وغیرہ کے الفاظ ، مختلف طرزِ اظہار سے ، ایسے موقع پر استعمال تو کیے جا سکتے ہیں لیکن ان سے کوئی روایتی یا سماجی پس منظر نہیں اُبھرتا ۔ میار کا مطلب پناہ میں آنے والا بھی ہے اور اسے بچانے کی تدبیر کرنا یا اس کی حفاظت کرنا بھی 'میار' کے مفہوم میں شامل ہے ۔

سَیار دار

وہ شخص جو میار کا پاس رکھتا ہے اور معاشرے کی مقدس قدروں کی حفاظت کرنا جانتا ہے -

میار جَلتّی یار میار داری

میار دار کا عمل -

بے میار

وہ شخص جو میار کا پاس نہیں رکھتا - ایسا شخص بلوچ معاشرے میں ذلیل اور غیر مہذب متصور ہوتا ہے -

میارٛیگ یا میاری

بے میاری کا الزام -

جِرگہ

متنازعہ فریق قبائل کے سردار یا معتبروں کا (جو اپنے اپنے قبیلوں کی نمائندگی کرتے ہوں) دوسرے غیر جانب دار قبائلی سرداروں کی معیت میں متنازعہ فریقین کے درمیان فیصلہ صادر کرنے والا دیوان ، جرگہ ، کہلاتا ہے -

آج کل حکومت نے جرگہ سسٹم میں اہم تبدیلیاں کی ہیں اور اُسے باقاعدہ قانون کی شکل دی ہے -

دِیوان

قبائلی سرداروں اور دیگر معتبرین کی مجلس مشاورت ، دیوان کہلاتی ہے -

کُسّٹ و بیر

کسی قبیلے کے فرد یا افراد کے زد و کوب کیے جانے یا قتل ہو جانے

کے انتقام لینے کو لسّٹ و بیر کہا جاتا ہے -

سیل

حملہ آور دشمن کے خطرے کی مدافعت میں یا دشمن پر حملہ کرنے کی صورت میں مجتمع ہو کر مقابلے کے لیے بڑھنا ، یا رات بھر جاگنا ، میل کہلاتا ہے -

سیل کشّی

بڑی قبائلی لڑائیوں میں فریقین کی طرف سے مجتمع ہو کر نعرے لگانا، ڈھول بجانا ، تلواریں بے نیام کرنا ، کلہاڑے ہوا میں لہرانا ، پگڑیاں اُچھالنا اور آگے بڑھ کر دشمن کے مقابلے تک کو میل کشی کہا جاتا ہے ۔ میل کشی فریقین کے آمنے سامنے ہونے تک رہتی ہے -

هَکَّل

دشمن پر حملہ کرنے سے قبل اُسے للکارنا اور مقابلے کے لیے تیاری کا موقع دینا ، هـّکل کہلاتا ہے - هـّکل کی صورت میں دشمن کو یہاں تک موقع دیا جاتا ہے کہ اگر وہ نہتا ہے تو اپنے گھر یا آس پاس کے گاؤں جا کر ، اپنے آپ کو مسلّح کر لے اور مقابلے کے لیے هـّکل کے مقام پر ا جائے -

میڑھ

بڑی قبائلی لڑائیوں کو وقتی طور پر فرو کرنے کے لیے ذیل کے ذرائع کو بروئے کار لانا 'میڑھ' کہلاتا ہے :

(۱) کوئی سید زادہ قرآن[۱] پاک لے کر عین لڑائی میں فریقین کے

---

۱ - قرآن پاک کے تقدس اور سید زادے کے احترام کی خاطر فریقین پیچھے ہٹ جاتے ہیں -

مابین آ جائے ۔
(ب) ایک یا چند بوڑھی عورتیں[1] ننگے سر ، چادر گلے میں ڈالے ، جنگ کے دوران فریقین میں آ جائیں ۔
(ج) کسی ہندو[2] (ایک یا ایک سے زیادہ) کا عین لڑائی میں برسرپیکار فریقوں کے درمیان آ جانا ۔

سیڑھ سَرکہ

چند غیر جانب دار قبائل کے معتبرین جن میں متعلقہ علاقے کا کوئی سید زادہ بھی شامل ہو ، قصور وار یا زیادتی کرنے والے قبیلے کے چند بزرگوں اور معتبرین کی ہمراہی میں مدعی قبیلے کو باقاعدہ اطلاع دے کر ان کے ہاں جاتے اور صلح صفائی کراتے ہیں (جس میں معافی مانگنا بھی شامل ہوتا ہے) اسے سیڑھ مرکہ کہتے ہیں ۔

مَتّ

جنگ آزما قبائل کے کسی ایک فریق کے مقتولین کے خون بہا ، زخمیوں کے عوضانے اور دیگر نقصانات کا دوسرے فریق قبیلے کے مقتولین کے خون بہا ، زخمیوں کا عوضانے اور دیگر نقصانات کا اندازہ لگا کر ان کے تناسب ، کو مٹ کہتے ہیں ۔

مَتّ ہونا

مقتول کے بدلے میں قاتل کے قبیلے کے کسی فرد کو مقتول کے قبیلے کا

---

۱ - بلوچ قبائل میں عورتوں پر حملہ کرنا معیوب اور میار خیال کیا جاتا ہے اور لڑائی بند نہ کرنے کی صورت میں عورت کو ضرب لگنے کا اندیشہ بھی ہوتا ہے ۔

۲ - ہندو (مقامی اقلیت کے افراد) کو بلوچوں کے نزدیک میار (زیر پناہ) سمجھا جاتا ہے ۔ اس لیے بھی ان کے تحفظ کی خاطر لڑائی روک دی جاتی ہے ۔

کوئی فرد قتل کر دے تو قبائلی دستور کے مطابق موخرالذکر مقتول کا سٹّ کہا جاتا ہے ۔

سَٹّ کرنا

قتل کے بدلے قتل کرنا ۔

ہَنْج

اگر قبائلی جرگے (سرکاری نہیں) کے فیصلے یا میڑھ مرکہ کی صورت میں مقتول فریق کے ورثا میں سے کسی مرد کا مقتول کے خون کے عوض) قاتل فریق کی کسی لڑکی سے رشتہ طے کیا جائے تو اُسے ہنج کرنا کہتے ہیں ۔

ہَنج ھونا

متذکرہ صورت میں رشتے میں منسلک ہونے والی لڑکی ہنج کہلاتی ہے اوریہ عمل ہنج ہونا کہلاتا ہے ۔

سیاہ کرنا

عورت اور مرد کے ناجائز تعلقات یا محض شک کی بنا پر ، عورت کے ورثا (خاوند بھائی یا دیور وغیرہ) کی طرف سے ان کے قتل کیے جانے کو سیاہ کرنا کہتے ہیں ۔

سیاہ

قبائلی رواج کی رو سے ناجائز تعلقات کی بنا پر قتل کیے گئے مرد اور عورت کو 'سیاہ' کہا جاتا ہے ۔

باہوٹ

باہوٹ ، پناہ میں آنے والے یا والی کو کہا جاتا ہے جو پناہ دینے والے کا 'میار' بن جاتا ہے ۔

باہسُوٹی

پناہ میں جانے کا عمل ۔

باہسُوٹ داری

باہوٹ رکھنے اور اُسے 'میار' بنانے کا سماجی تقاضا ۔

چیدَہ یا چیدَگ

پتھروں کا ایسا ڈھیر جو بطور یاد گار ایسے شخص یا اشخاص سے منسوب ہو ، جس نے یا جنھوں نے ماضی میں بہادری کا جوہر دکھایا یا بزدلی کا مظاہرہ کیا ہو یا بے گناہی اور بے دردی سے شہید کیا گیا ہو ۔

ہسُوک یا خُوک

شہید کے متضاد لفظ ۔ جس شخص کو انتقاماً مارا جائے ۔

پربتَنّد

منظوم حکایات جو قبائلی لڑکیاں آپس میں مل کر کسی شخص کی بہادری یا بزدلی کے مظاہرے کے باب میں بیان کرتی ہیں ۔

ڈاہ

کسی فرد کے قتل یا زخمی ہونے کی اطلاع جو غیر جانب دار قبیلے کے کسی فرد کے ذریعے قاتل یا زخمی کرنے والے کے کہنے پر دی جاتی ہے ۔ ڈاہ عموماً لڑائی یا تصادم کے خطرے کی اطلاع ہوتی ہے جو ایک مخصوص طریقے سے ڈھول بجا کر دی جاتی ہے ۔

ڈاہ دَؤک

وہ شخص جو قبیلے کی طرف سے لڑائی یا تصادم کے خطرے کی اطلاع کر دے ۔

ڈاہی

وہ غیر متعلق شخص جو چھپے ہوئے دشمن کو حملہ کی تیاری میں دیکھ کر قبیلے کو مطلع کرے یا کسی قتل یا موت کی خبر متعلق قبیلے کے افراد کو پہنچا دے -

ڈ، نشان یا ڈہ چیدہ

وہ نشانات جو خطرۂ جنگ کی صورت میں اپنے قبیلے کے افراد کو مطلع کرنے کے لیے مخصوص اور متوقع آمد و رفت کے راستوں اور مقامات (پانی کے چشمے کنوئیں وغیرہ) پر لگائے جاتے ہیں - بعض قبیلوں کے اپنے مخصوص ڈہ چیدہ بھی ہوتے ہیں جو صرف اسی قبیلے کے افراد کو معلوم ہوتے ہیں -

پڈی یا پوڑی متنازعہ.

جرگہ یا میڑھ مرکہ کی صورت میں کسی متنازعہ فریق کو عوضانہ یا جرمانہ یا شرمانہ کے طور پر جو عائد شدہ رقم دینی پڑتی ہے وہ اس قبیلے کے جملہ افراد میں (عورت اور بچوں کے علاوہ برابر تقسیم کی جاتی ہے - اس طرح اس جمع شدہ جرمانہ وغیرہ کی رقم کو پڈی کہا جاتا ہے -

پڈی یا پوڑی کرنا

مورد" مصدر

پوڈ

ہر ایک کے حصہ کی رقم پوڑی یا پڈی کی صورت میں -

شرمانہ

کسی عورت کو کسی غیر مرد سے گزند پہنچنے ، یا اس کی توہین

کیے جانے کا جرگہی عوضانہ ۔

حَشَر

کئی افراد کا مل کر کسی ایک شخص کے کام کی تکمیل میں مدد دینا - حشر عموماً فصل کاٹنے ، یا لوگ[1] بنانے وغیرہ کے سلسلے میں صرف جانی محنت کی صورت میں ہوتا ہے - اس میں رقم جمع کرنا وغیرہ شامل نہیں -

راجی زمین

ایک مشترکہ ملکیت کی زمین ، جسے ایک قبیلے کے افراد مل کر زیر کاشت لاتے ہیں اور فصل آپس میں تقسیم کر لیتے ہیں -

تَلام

بہت سے آدمیوں کا مل کر کئی درختوں کے تنوں یا بہت سی کھجوروں کے "کنٹوں"[2] کو ایک خاص طریقے سے ملا کر اُٹھا لانے کو تلام کہتے ہیں - تلام کے دوران گانے اور ڈھول بجانے کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے -

مَرک و زِند

ایک ایسا عہد جو اعزا و اقربا اور دوست وغیرہ کے درمیان ایک سماجی مقاطعہ کی حیثیت رکھتا ہے- مرک و زند کی صورت میں متعلقہ افراد نہ کسی کی خوشی کی تقریبات میں شریک ہوتے ہیں ، نہ موت اور سوگ میں حصہ لیتے ہیں -

---

۱- تفصیل آگے آئے گی -
۲- کھجور کے الفاظ کے باب میں تشریح کی گئی ہے -

مِستاگی

بچے کی پیدائش یا کسی عزیز یا دوست کی آمد کی خوش خبری سنانے کے صلے میں جو 'داد' رقم یا کپڑے وغیرہ کی صورت میں دی جاتی ہے مستاگی کہلاتی ہے - مستاگی پہلے سے طے شدہ بھی ہوتی ہے اور مستا گو کی طلب اور مرضی پر بھی دی جاتی ہے -

مِستاگیر

مستاگی لینے والا -

مستاگیری

مستاگی کا عمل -

سَرگَشرد

وہ رقم جو شادی بیاہ کے موقع پر مراثیوں کو دی جاتی ہے -

شیئگان (میزبانی)

ایک رسمِ میزبانی ، جس کے تحت مہمان کو اگر پہلے دن گھی اور دودھ پیش کیا جائے تو اس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ وہ ایک دن اور قیام کرے اور بکری یا دنبہ ذبح کیا جائے تو صرف ایک دن ٹھہرنے کے بعد رخصت ہو جاتا ہے -

وَنڈی

مشترکہ طور پر کوئی بکری یا بھیڑ خرید کر گوشت کو مشترکہ افراد میں برابر تقسیم کیا جاتا ہے - اس مشترکہ خریداری اور تقسیم کو ونڈی کہتے ہیں -

وَنڈ

ونڈی میں ہر ایک حصہ

گَوہ تاچی یا گَوہ تاشی

وہ رقم جو کسی خوشی کے موقعے پر گھوڑ دوڑ میں جیتنے والے کو دی جاتی ہے -

نِشانگ

وہ رقم جو کسی خوشی کی تقریب میں نشانہ بازی میں جیتنے والے کو دی جاتی ہے -

کھوڑی

بہت سے لوگوں کا مل کر کسی ڈاکو کی تلاش میں نکلنے کے عمل کو کوڑی کہتے ہیں -

کھوڑی کرنا

مصدر مورد

بازُو

بیوہ عورت ، متوفی کے ورثا کی بازو کہلاتی ہے اور متوفی کے ورثا میں کوئی بھی قریبی وارث مثلاً متوفی کا بھائی یا چچا زاد بھائی یہ حق رکھتا ہے کہ وہ اس بیوہ سے شادی کرے -

نِیاڑی

بیٹی ، بہن اور اس کے علاوہ اپنے خاندان کی دیگر عورتیں ، جن میں بیشتر سے رشتہ مذہباً جائز ہے ، نیاڑی کہلاتی ہیں اور اُن سے ناجائز تعلقات کو رواجاً حرام قرار دیا جاتا ہے -

سیہ سر

اپنی بیوی کے علاوہ دیگر تمام جوان عورتیں -

سر سفید

بوڑھی عورتیں -

جی جا

ایک کلمہ جو احترام کے طور پر بہن یا ماں یا بڑی ماں کو مخاطب کرتے وقت ادا کیا جاتا ہے -

یک شلوار

ایک ہی دادا ، یا پردادا کی اولاد -

بَراد َری

بلوچی رواجی اصطلاح میں وہ افراد جو ایک ہی خاندان سے ہوں - کوئی غیر قوم غیر فرقہ ، غیر علاقہ یا غیر قبیلہ برادری میں نہیں آ سکتا -

سِیال

برادری کے علاوہ دوسرے ہم رتبہ قبیلے اور دیگر رشتہ دار -

سیال داری

سیال کے ساتھ باہمی ربط و تعلقات -

سیالی

موت واقع ہونے کی صورت میں 'پرس' اور شادی بیاہ کے موقع پر 'سرگشت' دینے کو سیالی کہتے ہیں - یہ رقم (سیالی) ایک طرح کی امانت ہوتی ہے جو مذکورہ صورت حالات میں لوٹا دی جاتی ہے -

پُرس

وہ رقم جو متوفی کے ورثا کو سیال اور برادری کے لوگ بطور سیالی

نوٹ: ہمارے ہاں کسی کی موت کے بعد مرحوم کے گھر یا اسکے قریبی عزیز کے گھر یا بیٹھک وغیرہ میں چند دنوں کیلئے بیٹھ کر فاتحہ خوانی کا رسم ہوتا ہے اس عمل کو پُرس کہتے ہیں۔ شمشاد

دیتے ہیں ۔

سرگشت

وہ رقم جو بچے کی پیدائش یا ختنہ یا منگنی اور شادی کے مواقع پر والدین کو سیال اور برادری کے لوگوں کی طرف سے دی جاتی ہے ۔

پتّر یا تڈّہ

ماتم کا فرش (دری یا چادر وغیرہ) جو موت کے تیسرے دن اُٹھا دیا جاتا ہے ۔ پتّر تعزیت کرنے والوں کے لیے بچھایا جاتا ہے ۔

شسود

وہ مقام جہاں مردے کو غسل دیا جاتا ہے ۔

اول شام

واقعۂ موت کے پہلے دن کی خیرات کی رسم ۔

سے شام

واقعۂ مرگ کے تیسرے دن کی رسم خیرات ۔

سیگ

سوگ کی علامت جو کَلی یا خاکی پگڑی باندھنے کی صورت میں ہوتی ہے ۔

زلف لاچ

شوہر کی وفات پر بیوہ عورت کی زلفیں (کنپٹوں پر بالوں کی ایک کہان لٹ جو شادی کے بعد بنائی جاتی ہے) اُٹھا لینے کی رسم جو بیوگی کی علامت ہوتی ہے ۔

حاک شانی

سوگ منانے کی ایک رسم جس میں عورتیں رو رو کر اپنے بالوں اور سر پر مٹی ڈالتی ہیں -

خشیری

تقریباً ڈھائی گز لمبا ، سفید لٹھے کا ٹکڑا جو کمر زانی یا 'بغل بند' کے لیے استعمال کیا جاتا ہے -

کمر زانی یا زانو بندی

جرگہ یا دیوان میں بلوچ معتبرین کی نشست کا ایک خاص انداز ، جس میں پاؤں کے دونوں پنجوں کو ملا کر اور گھٹنوں کو اُٹھا کر کمر سے خیری کو لپیٹ کے باندھا جاتا ہے -

بغل بندی یا بگل بندی

خیری کو کمر کی طرف سے سامنے لا کر دونوں سروں کو شانوں پر ڈال دیا جاتا ہے - یہ عمل بغل بندی کہلاتا ہے -

سول یا دسوکا یا دپونکا

پگڑی یا خیری کا ایک خاص انداز سے باندھنا کہ اس سے آنکھوں کے علاوہ چہرے کا تمام حصہ ڈھک جائے ، مول کہلاتا ہے -

سول باندھنا یا دسوکا لگانا

مصدر موّرد مول

چُرمُٹ

مول سے ملتی جلتی چیز جو عورتیں باندھتی ہیں -

چُرمَسٹ باندھنا یا چُرمُسٹ لگانا

چرمسٹ کے عمل کو اردو میں چرمسٹ باندھنا یا چرمسٹ لگانا کہا جا سکتا ہے -

کـَواَر

چادر کا دائیں کندھے کے اوپر اور بائیں بغل کے نیچے (یا اس کے اُلٹ) باندھنا کہ اس سے ایک جھولی سی بن جائے ، کوار کہلاتا ہے - کوار عموماً فصل کاٹنے کے دوران باندھا جاتا ہے جس میں کٹائی رکھ دی جاتی ہے -

تقریبات اور دیگر متعلقات

بوتن

بچے کی پیدائش کے سلسلے کی ایک تقریب جو کم از کم ایک دن اور زیادہ سے زیادہ چھ دن تک رہتی ہے - خوشی کی اس رسم میں 'سیالی' دی جاتی ہے اور صفت گیت گائے جاتے ہیں -

صَفَت یا سپت

بو تن کے موقع پر رات کو صفت گیت[1] گانے کی رسم جو چھ راتوں تک منائی جاتی ہے -

ششک

چھٹی سے ملتی جلتی ایک رسم جس میں برادری اور سیال کے لوگوں کو دعوت طعام رات کو دی جاتی ہے - اس موقع پر بچے کا نام رکھا جاتا ہے ، کان میں اذان بھی دی جاتی ہے اور شیرینی بھی بانٹی جاتی ہے -

جَھنڈ

بچے کے بال منڈوانے کی تقریب ، جس کے دوران خیرات وغیرہ کی جاتی ہے -

تَور

یہ تقریب بچے کے ختنہ کے موقع پر منائی جاتی ہے - تور میں بھی خیرات وغیرہ کا اہتمام کیا جاتا ہے -

---

۱ - صفت کے بارے میں تفصیل تفریحات کے باب میں موجود ہے -

گام بتّری

بچے کے نئے نئے اُٹھنے چلنے کے موقع کی تقریب جس کے تحت بچے کے قدموں میں جائے نماز بچھا دی جاتی ہے اور اس پر مچکی[2] لڑھکا کر بچے کو کئی بار چل کر (روٹی) اُٹھانے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ گام بتّری کے بعد مچکی خیرات کر دی جاتی ہے۔

آش یا دنتان پروشی

بچے کے پہلے دانت نکلنے کے موقع پر خوشی کی تقریب جس میں ڈلگ[3] پکائی جاتی ہے اور بچے کو چٹائی جاتی ہے۔

شلوار

اس تقریب میں بچے کو شلوار پہنائی جاتی ہے۔ جس کے بعد اُسے اس قابل سمجھا جاتا ہے کہ وہ میدان جنگ میں جا کر لڑ سکتا ہے اور مارا جاسکتا ہے۔ شلوار کی رسم سے پہلے بچے کا میدان جنگ میں مارا جانا 'میار' خیال کیا جاتا ہے۔

حبر بندی

لڑکے کی طرف سے لڑکی کے گھر رشتے کی بات چیت کے سلسلے میں طعام اور خاطر داری کی رسم۔

ربالو

رشتے کی بات چیت کے سلسلے میں لڑکے کی طرف سے جانے والا پیغام رساں وفد ربالو کہلاتا ہے۔ خاتون ربالو کی صورت میں یا ان کے آمد کی خبر سن کر متعلقہ لڑکی اپنے آپ کو میاراً چھپا لیتی ہے اور سامنے آنے سے کتراتی ہے۔

۱۔ صفت گیت کے بارے میں تفصیل، تفریحات کے باب میں موجود ہے۔

۲، ۳۔ مچکی ڈلگ ایک خاص قسم کی روٹی اور خوراک تفصیل غذاؤں کے باب۔

سانگ اور شربت خوری

وہ تقریبات جن میں شادی کی بات پکی کی جاتی ہے - اس سلسلے میں گانے بجانے کا بھی انتظام کیا جاتا ہے اور ''لب'' بھی طے کیا جاتا ہے -

لَبّ

وہ زمین یا جائداد جو لڑکے کی طرف سے شادی کے سلسلے میں لڑکی کے نام کی جاتی ہے -

پُرَ داچ

وہ کپڑے یا زیورات جو شادی کے موقع پر لڑکے کی طرف سے لڑکی کو دیے جاتے ہیں - عموماً پرداچ سانگ کی تقریب میں عورتیں طے کرتی ہیں -

چِٹّ

وہ جوڑا یا زیور جو لڑکے کی طرف سے شادی کی بات طے ہو جانے کے بعد دیا جاتا ہے - چٹ بچے کی پیدائش کے فوراً بعد بھی دیا جا سکتا (باہمی رضامندی سے) ہے - چٹ دینے کے بعد لڑکی لڑکے کے لیے مخصوص سمجھی جاتی ہے -

کِلّہ

شادی کے شروع ہونے کی پہلی تقریب ، جس میں دلھن کو ایک سرخ رنگ کے پردے میں (جو چادر کی طرح ہوتا ہے) رکھا جاتا ہے - جس کے اندر وہ نکاح کی رات تک اور نکاح کے بعد تین دن تک (لڑکی والوں کے گھر) رہتی ہے - کلہ لوگ[1] یا کل[2] کے کسی کونے میں اس

---

۱ ، ۲ - تفصیل رہائش گاہ کے باب میں -

نوٹ: آجکل یہ مجلس کے نام سے بھی مشہور ہے - غمشاد
ملاحظہ

صورت سے باندھا جاتا ہے کہ اس میں دلھن قبلہ رو ہو کر بیٹھ سکے دلھن سے متلعق شادی کی تمام رسومات کلشہ کے اندر ادا کی جاتی ہیں -

دان ڈلی

شادی کے سلسلے میں آٹا پیسنے کی ایک تقریب ، جس میں کئی عورتیں مل کر ، کئی چکیوں سے آٹا پیستی ہیں اور ساتھ ہی ساتھ خوشی اور مسرت کے گیت بھی گاتی رہتی ہیں -

دُزّکی یا دُزّی حنّام

شادی کی رسم شروع ہونے کی پہلی رات کی تقریب ، جس میں دلھا دلھن کو مہندی لگانے کی ابتدا کی جاتی ہے -

حنّی بند یا پاشی حنّام

شادی کی رسم کی دوسری رات کی تقریب جس میں دلھا کے گھر والوں کی طرف سے دلھن کو اور دلھن کے گھر والوں کی طرف سے دلھا کو مہندی لگاتی جاتی ہے -

حنّی جوڑ یا حنّی سار

حنی بند کی رات مہندی کو ایک خاص طریقے سے ایک بڑے تھال میں رکھ کر مختلف رنگوں کی موم بتیوں کو جلا کر ، سجایا جاتا ہے اور مہندی لگانے کے دوران دلھا کے سامنے رکھا جاتا ہے جس میں وہ حسب استطاعت پیسے رکھ دیتا ہے جو شیرینی کے طور پر مہندی لگانے والی کو دی جاتی ہے -

دست بند

ایک رسم میار ، جس میں دلھن مہندی لگوانے میں مزاحمت کرتی

ہے اور اس صورت میں کہ وہ اپنی دونوں مٹھیاں بھینچ کر بند کر لیتی ہے ۔ پھر لڑکے کی طرف سے مہندی لگانے والی عورت اُس کی مٹھیاں کھول کر اس میں مٹھائی یا نقدی وغیرہ رکھ دیتی ہے ۔

سرگوپ

وہ عورت جو شادی کی تقریبات میں سب سے پیش پیش رہتی ہے ، ناچتی گاتی ہے اور دلھا دلھن کے سنگھار وغیرہ بھی کرلیتی ہے ۔ سرگوپ دلھا دلھن کی طرف سے دو مختلف عورتیں ہوتی ہیں جنھیں دونوں کی طرف سے سرگوپی کا معاوضہ دیا جاتا ہے ۔

جانی

وہ عورتیں جو دلھن کو کلشے کے اندر لحاف میں سلا کر لحاف کو چاروں طرف سے میخیں ٹھوک کر مضبوط کر دیتی ہیں اور اس کے اندر کونوں میں چاروں طرف بیٹھ جاتی ہیں ۔ جانیوں کا کام دلھن تک پہنچنے والی مہندی لگانے والی عورتوں کو چھیڑنا اور مزاحمت کرنا ہوتا ہے ۔ یہ عورتیں یا دلھن کی سہیلیاں کلشے کے اندر دلھن کے ساتھ شادی کی آخری رسومات تک مستقل طور پر رہتی ہیں ۔

حنی لُوجی یا حنام گوازی

مہندی لگانے کی تقریب میں ایک کھیل جس میں دلھا دلھن کے دوست عزیز و اقارب ایک دوسرے کو زبردستی مہندی کے پیڑے سے بنا کرمارتے ہیں ۔ یہ مہندی جسم کے کسی حصے پر یا کپڑوں پر ماری جا سکتی ہے ۔ یہ کھیل باہم دگر کھیلا جاتا ہے ۔

جنّن

شادی کی تیسری اور نکاح کی رات کی تقریب ۔ جنّن برات کو بھی کہتے ہیں ۔

نوٹ ۔ سرگوپ شادی کے تمام سرگرمیوں میں سرگرمی سے حصہ لیتی ہے خاص طور پر
لوڑکی کا سامان رحمد گھر میں ہے تو تمام سامان قیمتی کر دولہا دلہن کیلئے تیار کرنے کا انتظام بھی وہ کرتی ہے

چونٹک یا چَوک

وہ شادی بیاہ کے گیت اور تقریبات جو "دُزی" یا حنّی بند یا "جن" کے علاوہ مگر پہلے منائی جاتی ہیں - چونک یا چوک عموماً امیر گھرانے مناتے ہیں جو سات سے چودہ دن تک بھی رہتا ہے -

کورَگ

وہ مقام یا میدان جہاں دلہا کو گھوڑے پر سوار کر کے لے جایا جاتا ہے اور جہاں اُسے نہلا دھلا کر نیا جوڑا پہنایا جاتا ہے۔ یہاں نشانہ بازی کا مقابلہ ہوتا ہے تیغ آزمائی کی جاتی ہے اور خوشی اور مسرت کے گیت گائے جاتے ہیں کورگِ اس رسم کو بھی کہا جاتا ہے - کورگ کا مقام عموماً دلہا کے گھر یا مکان (لوگ) سے قریب ترین میدان میں ہوتا ہے - کورگ کی خصوصیت یہ ہے کہ دولہا کو گھوڑے پر لانے لے جانے کے لیے اس کے راستے الگ الگ بنائے جاتے ہیں -

دیوان

وہ مقام جہاں دلھا کو کورگ پر لے جانے کے بعد لا کر بٹھا دیا جاتا ہے - یہاں گول دائرے کی شکل میں لوگ جمع ہو کر بیٹھ جاتے ہیں ، یہاں ان کو خوراک پیش کی جاتی ہے اور طعام کے بعد وہ سیالی دے کر رخصت ہوتے ہیں - دیوان میں دلھا کو قبلہ رو بٹھا دیا جاتا ہے -

نَوک بَدل

وہ 'سیالی' جو پہلی بار دی جاتی ہے -

کُہن بدل

وہ 'سیالی' جو ایسے ہی تقریب میں لی جا چکی ہو اور بدل کے طور

نوٹ: چونک یا چوک "مرل" کے "گورا" "دھلانی دادگی" "کنکر" نامراد اہم۔

پر لوٹا دی جاتی ہو -

بجّار یا نات

وہ امداد جو نقدی یا جنس یا بھیڑ بکری کی صورت میں شادی کی تقریبات سے پہلے سیال اور برادری کے لوگوں کی طرف سے دولھا کو شادی اخراجات کے سلسلے میں دی جاتی ہے - بجار ختنے یا دیگر خوشی کی تقریبات پر بھی لیا جاتا ہے

لوٗڈکی

شادی کے سلسلے میں اطلاع دہی یا پیغام رسانی کو لو ڈکی کہا جاتا ہے -

لوٹوک

سرگوپ کی نگرانی میں عورتوں کا ایک وفد ، جوگھروں میں جا کر لو ڈکی کرتا ہے - یہ عورتیں گاتی ناچتی گھروں میں پہنچتی ہیں -

لوٹوکی

وہ رقم یا شیرینی جو سرگوپ کو لوڈکی کے دوران نقدی کی صورت میں دی جاتی ہے لوڈوکی کہلاتی ہے -

ذرشان یا شنکی

وہ رقم جو دولھا کو کورگ اور دلھن کو کلہ میں سنگھار وغیرہ کے دوران نچھاور کی جاتی ہے -

سرر یچ (سرگشت)

وہ سیالی جو دلہن کو سنگھار کرتے وقت اس کے بالوں میں رکھ کے دی جاتی ہے یہ ذرشان سے اس لیے مختلف ہے کہ ذرشان دلھن یا دولھا کے عزیز و اقارب کی طرف سے کی جاتی ہے اور

نوٹ: سرر یچ کا مطلب ہاں اس رقم کو کہا جاتا ہے جو جنج کے دن باراتی کو دعوت کھانے کے بعد دی جاتی ہے - جسکا لوٹانا شادی کی تقریب میں یا ہر کوئی رنج و غم داری یا جو طلب الامداد سمجھا گیا ہے

سرریچ سیال اور برادری کی عورتوں کی طرف سے دی گئی 'سیالی' ہوتی ہے ۔

وان

شادی بیاہ کی تقریب میں ہمساؤں اور سیال اور برادری کے لوگوں کو بھیجی جانے والی خوراک 'وان' کہلاتی ہے ۔

گِس دپی یا درگَہی

وہ شیرینی کی رقم جو دولھا سے نکاح کے بعد کلہ میں جانے کے لیے سرگوپ کو دی جاتی ہے ۔

مُبار بائی

شادی کی پہلی صبح کی تقریب جس میں دولھا کے عزیز و اقارب کی عورتیں سرگوپ کی معیت میں گاتی ہوئی لڑکی کے گھر جاتی ہیں ۔ (بلوچ معاشرہ میں دولھا تین دن تک دلھن کے گھر قیام کرتا ہے) اور مبارک باد پیش کرتی ہیں ۔ اس موقع پر ذرشان بھی کی جاتی ہے ۔

جان شُود

شادی کی وہ تقریب جس میں غسل دینے اور نہلانے دھلانے والی عورت (عام طور پر سرگوپ) کو دولھا یا دلھن کے کپڑے (نیا جوڑا پہنانے کے بعد) دیے جاتے ہیں ۔ دولھا کے پرانے جوڑے البتہ ڈومب یا لوڑی (میراثی) کو دیے جاتے ہیں ۔

مَنگیر

ساحلی علاقوں میں شادی کی ایک خاص رسم ، جس کے تحت کئی افراد کی آپس کی شادیاں مشترکہ اخراجات سے ایک ہی ساتھ انجام دی جاتی ہیں ۔ منگیر ایک قسم کی (Group Marriage) ہوتی ہے ۔

توہُمات

آس آف

چور اور مجرم کو ثابت کرنے کے لیے آگ اور پانی کی آزمائش کا ایک قدیم طریقہ جس کے تحت مجرم کو گناہ گار یا بے گناہ قرار دینے کے لیے اُسے گہرے پانی (دریا وغیرہ) یا جاتی آگ پر سے گزارا جاتا ہے - نہ جلنے اور نہ ڈوبنے کی صورت میں ملزم بے گناہ قرار دیا جاتا ہے -

گُنشگ آف

اگر کسی کا کوئی عزیز یا دوست کہیں دور سفر پر چلا جائے اور کافی عرصہ گزر جانے کے بعد اس کے بارے میں کوئی خبر یا اطلاع نہ ملے تو ایسی صورت میں ایک شخص (عزیز یا دوست وغیرہ) منہ میں پانی بھر کر اپنے عزیزوں یا گھر والوں کو اطلاع دیے بغیر کہیں پاس چھپ کران کی گفتگو سن لیتا ہے - سب سے پہلی بات سن کر وہ منہ سے پانی گرا دیتا ہے اور اس سے اپنے عزیز کے بارے میں کوئی فال نکالتا ہے -

آس و زُبان

جلتی آگ کی آواز یا آگ کے شعلوں سے ، کوئی نتیجہ یا مطلب نکالنا ، جو دوستی ، دشمنی ، خوشی ، غم ، سے متعلق ہوتا ہے ، آس و ژبان کہلاتا ہے - ایسی صورت میں آگ فوراً بجھا دی جاتی ہے -

آس آپـئـوگ

اگر آگ سلگانی مشکل ہو جائے ۔ تو کہا جاتا ہے کہ آس اپوگ لاؤ یعنی کہیں اور سے یا کسی اور گھر سے دوسری آگ لے آؤ ، اس طرح سے دوسری آگ اپوگ یعنی سوکن کہلاتی ہے اور اپوگ کی جلن سے پہلی آگ سلگ اٹھتی ہے ۔

نام نـہ گِروٗک

کہا جاتا ہے کہ رات کے وقت نمک کا نام لینے سے انسان پر مصیبت آجاتی ہے اور وہ خوار زار ہوتا ہے ۔ اس لیے نمک کو 'نام نہ گروگ ، کہہ کر حاصل کیا جاتا ہے ۔

شَپ[1] کـئـوَرگ

نمک کی طرح رات کے وقت اگر چھانی لینے کی ضرورت پیش آئے تو اُسے شپ[1] کورگ کہہ کر حاصل کیا جاتا ہے ۔

شنشبــہ شانشزدہ

ایک توہم ، جس کے تحت سنیچر کے دن عورتیں بال نہیں دھوتیں ۔بصورت دیگر بھائی یا باپ کی موت واقع ہو سکتی ہے ۔

پال

کسی خاص مقصد کو حاصل کرنے کے لیے سفر پر جاتے وقت اگر کوئی دوست یا اجنبی آواز دے کر روکے یا کوئی بات کرے تو اُسے پال کرنا کہتے ہیں پال کیے جانے کے بعد مدعا حاصل نہیں ہوتا ۔

چیلـک ڈک

اس توہم کا تعلق بچے کو نظر لگنے سے ہے ۔ ایک رسی بچے کے قد کے برابر

---

۱ ۔ شب کوزی ۔

لی جاتی ہے اس پر سات گانٹھیں ایسی عورتوں سے دلوائی جاتی ہیں جو 'اول نکاح' ہوں ۔ یعنی بیوگی کے بعد ان کی دوبارہ شادی نہ ہوئی ہو ۔ پھر اُس رسی پر نمک مرچ چھڑک کر اُسے چار کِشک (چوک) پر جلا دیا جاتا ہے اور راستہ بدل کر مڑے بغیر واپس آیا جاتا ہے یہ عمل چیلک ڈک کہلاتا ہے ۔

کُٹینکی یا گِس ٹپّی

ماہ صفر کے اختتام پر بچے ہاتھوں میں چھوٹی چھوٹی لکڑیاں لے کر گھر گھر جا کر دیواروں ، باڑوں وغیرہ پر مارتے اور کہتے ہیں ۔ کہ ''رخصت ! گراں جانی ، آ جا ، سبک آسانی'' یہ عمل کٹینکی کہلاتا ہے ۔

مازَگ

پِیش[1] سے نکالا جانے والا ایک فال ، جس سے سفر کنندہ کے بارے میں خبر معلوم کی جاتی ہے ۔

گشوندو یا دُروہی

وہ قسم یا پیر بزرگ کا واسطہ جو فال کنندہ ذریعۂ فال مازگ یا تسبیح کو دیتا ہے ۔

پِتَغ یا بَشَردشت

ایک پان نما چوڑی ہڈی جو بکری کے اگلے پاؤں کے اوپری حصے میں ہوتی ہے ، جسے پِتَغی دیکھ کر بارش ، بیماری (وبا) ، خشک سالی اور ملکی حالات کے بارے میں پیشین گوئی کرتا ہے ۔

---

۱ ۔ کھجور کے باب میں وضاحت کی گئی ہے ۔

پتغی یا بردشت چار

پتغ دیکھنے والا ۔

پدگیر

شکار یا چور کے پاؤں کے نشانات کو پہنچانے اور رہنمائی کرنے والا ۔

سترگ پال

سری (بکری یا دنبہ کی) سے نکالے جانے والی فال ، جس سے حاملہ عورت کے بچہ یا بچی جننے کی پیش گوئی کی جاتی ہے ۔

ہوردگ یا کوردگ

پیروں کی قبر کے سراہنے کی مٹی جو تبرک کے طور پر کھائی جاتی ہے ۔

نظر بُر

نظر بد کے علاج کے سلسلے میں تازہ پیش کے پتوں کو کاٹنے کا ایک توہم۔ پتوں کو ملا کر برابر کاٹا جاتا ہے اور کچھ پڑھ کر پانی (برتن کے اندر) میں ڈال دیا جاتا ہے ۔ یہاں تک کہ پیش کے پتے جو ایک مخصوص اندازے کے مطابق لیے جاتے ہیں کٹتے کٹتے ختم ہو جاتے ہیں ۔

درنگ بُر

اس حالت میں جب کہ درد زہ میں مبتلا ہونے والی عورت سے کوئی دوسری عورت ملے اور اول الذکر کو بچہ جننے میں بڑی تکلیف کا سامنا کرنا پڑے (جیسا کہ عام عورتوں کا خیال ہے) درنگ بُر کا عمل کیا جاتا ہے ۔ درنگ بُر میں عورت کے قد جتنا رسّا لے کر اُسے کسی چوراہے میں کچھ عمل پڑھنے کے بعد جلا دیا جاتا ہے ۔ رسا جل کر راکھ ہو جاتا ہے اور اُدھر تکلیف سے نجات مل جاتی ہے ۔

پشانک بند

ایک پتھر کے چھوٹے سے ٹکڑے پر لمپ (ناک کا پانی) لگا کر اسے کسی کپڑے میں لپیٹ کر سر راہ پھینک دیا جاتا ہے کہ کوئی راہ گیر کسی قیمتی چیز کے دھوکے میں اسے اٹھائے گا ۔ اس طرح یہ یقین کر لیا جاتا ہے کہ زکام راہ گیر کو لگ جائے گا اور اصل مریض تندرست ہوجائے گا ۔ زکام کے لیے اس طریقہ علاج کو پشانک بند کہتے ہیں ۔

گوانکو

ایک بد روح جو رات کے وقت نام لے کر کسی سوئے ہوئے شخص کو بلا لیتی ہے ۔ جواب دینے اور مکان سے باہر نکلنے پر نام لیا جانے والا شخص مر جاتا ہے لیکن اس کو پہچاننے اور سمجھنے والا شخص یہ کہہ کر بچ جاتا ہے کہ وہ ''نمک تول رہا ہے'' ۔

واب بند

ایک عمل ، جس سے انسان کو ایک خاص مدت کے لیے غرق خواب رکھا جاتا ہے ۔

تیر بند

وہ عمل جس سے تیر یا بندوق کی گولی انسانی بدن پر اثر نہیں کرتی ۔

تیغ بند

وہ عمل جس سے تلوار انسانی بدن پر اثر انداز نہیں ہوتی ۔

بندگ

وہ عمل جس سے مرد کی قوت مردمی زائل ہو جاتی ہے ۔

دپ بند

وہ عمل جس سے دشمن کے مخالفانہ ارادوں کو نیست و نابود کردیا جاتا ہے ۔

چَشم بَند

وہ عمل جس سے انسان قوت بینائی رکھتے ہوئے بھی دیکھ نہ سکے۔

مسوم آسِن

ایک خاص قسم کا پتھر جو موم کی طرح ملائم ہوتا ہے۔ اسے گِھسا کر کھلا دیا جاتا ہے۔ جس سے دشمن کا سلوک دوستانہ ہو جاتا ہے۔

شا مُشرز

ایک سبز رنگ کا پتھر جس کے اوپر چھوٹے چھوٹے سے مختلف رنگوں کے نقش سے ہوتے ہیں۔ یہ چھید کر کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔ جو سحر جادو وغیرہ سے محفوظ رکھتا ہے۔

آسان پُری

ایک بدبو دار ہلکا سا کوئلہ نما پتھر جو جنات اور نظر بد وغیرہ سے محفوظ رہنے کے لیے ساتھ رکھا جاتا ہے۔

مَریمی

ایک سرخ رنگ کا پتھر جو دو شخصوں میں دشمنی کو استوار رکھنے کے لیے عام پتھر پر رگڑ کر کھلایا جاتا ہے۔

دار لیلا

ایک زرد رنگ کی لکڑی جو دشمن کو زیر کرنے اور باہم تعلقات کی بحالی کے لیے لحاف اور کپڑوں وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔

حاک دوستی

ایک خاص علاقے کی سرخ رنگ کی خاک (کہتے ہیں کہ وہ ایران کا

کوئی علاقہ ہے) جو محبت اور دوستی کو بڑھانے کے لیے کپڑوں پر چھڑکائی جاتی ہے -

گُٹْوئی

وہ خاکستری رنگ کے پتھر کے مہرے جو گلے کے سوجنے کی ایک بیماری کے لیے گلے میں باندھے جاتے ہیں -

نِسّاَر یا اپّاس

وہ عمل جس سے انسانوں کو بلاؤں ، مال اسباب اور مویشیوں کو چور اور درندوں سے محفوظ رکھنے کے لیے کیا جاتا ہے -

دِیم حونی

بیماری سے شفایابی ، لمبے سفر سے واپسی ، بچے کی پیدائش ، نو بیاہتا کو گھر لانے اور نیا مکان بنوانے وغیرہ کے موقع پر دنبہ یا بکری یا بیل کی قربانی اور خیرات دیم حونی کہلاتی ہے -

بی‌بی دَسْتی

ایک مخصوص قسم کی خیرات جو عورتیں منت مانتے وقت مرادیں بر آنے کے دوران کرتی ہیں - یہ خیرات ایک بزرگ خاتون بی بی کے نام سے منسوب ہے - خاص بات اس میں یہ ہے کہ اس خیرات میں کوئی مرد یا بچہ یہاں تک کہ حاملہ عورت بھی شامل نہیں کی جاتی اس سلسلے میں پکائی گئی خورا ک بھی عورتیں ہی مردوں سے محفوظ جگہ میں مل کر کھاتی ہیں اور برتن وغیرہ دور لے جا کر کسی ندی کے کنارے یا پوشیدہ مقام پر صاف کیے جاتے ہیں -

اوْلاٹْک

خوراک ، خوراک اور پانی کے ظروف یا شروع کیا جانے والا کوئی کشیدہ وغیرہ کو ألانگھنا اولانک کہلاتا ہے - اولانک شدہ

ظروف وغیرہ کو دھویا جاتا ہے اور کشیدہ کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ وہ اب آسانی سے مکمل ہونے والا نہیں ۔

زکت

وہ عمل جس سے کراس (Cross) لکیریں بچے کی پیدائش کے موقع پر زچہ اور بچہ کے کمرے میں بد روح اور بلاؤں سے مدافعت کے لیے لگائی جاتی ہیں ۔

علاج معالجہ

داگ

جوڑوں کے درد ، پیٹ اور سینے کے درد یا سر کے درد کے سبب یا پھر ہاتھ یا پاؤں اُترنے کی صورت میں بدن کے مخصوص حصوں یا رگوں کو لوہے کی باریک سلاخ یا بڑی سیخ سے (جو آگ میں سرخ کی جاتی ہے) داغ دیا جاتا ہے جس سے اُن حصوں میں آبلے سے اُبھرتے ہیں ۔ یہ طریقۂ علاج داگ کہلاتا ہے جو انسان اور حیوان دونوں کے لیے یکساں طور پر مفید سمجھا جاتا ہے ۔ داگ کے نشانات چیچک کے داغوں کی طرح باقی رہتے ہیں ۔

داگ دینا یا کرنا

داگ کے عمل کی اردو ۔

داگٹو

وہ لوہے کی سلاخ یا بڑی سیخ جس سے بدن پر داگ کیا یا دیا جاتا ہے داگو کہلاتا ہے ۔

تِشْرُّکل

ہلکا اور نسبتاً کم تکلیف دہ داگ جو بچوں یا بوڑھوں کو پیٹ یا کنپٹی پر دیا جاتا ہیں ۔

چالٹک

جسم کی ٹوٹی ہوئی ہڈیوں یا اُترے ہوئے جوڑوں کو ملانے کے لیے

چالک کا علاج کیا جاتا ہے - چالک میں بدن کے شکستہ حصوں کو لکڑیوں کی ایک خاص ساخت اور ترتیب سے باندھ لیا جاتا ہے جسے مناسب اور ضروری معیاد کے بعد کھول لیا جاتا ہے - چالک مال موشیوں کے لیے بھی موزوں علاج خیال کیا جاتا ہے -

چالشکی

چالک کے خاص معالج ، جو عموماً چرواہے ہوتے ہیں -

پوشت

کچھ خاص بیماریوں کا علاج مریض کو بکری یا دنبے کی تازہ کھال پہنا کر کیا جاتا ہے جو پوست کہلاتا ہے - کھال جسم کے جس حصے مثلاً پاؤں کی طرف سے یا سر کی طرف سے پہنی جائے ، دوبارہ اس طرف سے اتاری نہیں جاتی اور زیادہ سے زیادہ بارہ گھنٹے تک بدن پر رہتی ہے -

پوشت کرنا

اردو کی صورت میں محاورہ -

ساٹ

باریک کپڑے کی ایک پٹی پر گو‌نجت (ایک سریش صفت بوٹی) ، بکری کے بال اور میٹ کی مٹی کا ایک آمیزہ بنا کر لگا دیا جاتا ہے - اور پٹی جسم کے اس حصے میں چپکا دی جاتی ہے جہاں سے کہ درد محسوس ہوتا ہے - یہ علاج 'ساٹ' کہلاتا ہے ساٹ انسان اور چوپاؤں دونوں کے لیے مفید سمجھا جاتا ہے -

ساٹ کرنا

ساٹ کا فعل -

گلِ مُودَ

ایک خاص دوا ، جو بکری کے بالوں اور میٹ کی مٹی سے تیار کی جاتی ہے اور مال موشیوں کی شکستہ ہڈیوں کو جوڑنے کے کام آتی ہے ۔

گشوَلت یا کُبَگ

ناف گرنے کی صورت میں گولت یا کبگ کا علاج آزمایا جاتا ہے ۔ سب سے پہلے مریض کو سیدھا لٹا دیا جاتا ہے اور اس کے ناف کے اوپر تھوڑا سا گیلا آٹا رکھ دیا جاتا ہے ۔ گیلے آٹے پر گھی یا سرسوں کے تیل سے سلگائی ہوئی کپڑے کی ایک گول چھوٹی سی گھٹی خاص ساخت کے ایک گول ڈبے میں ڈال کر اُلٹا دی جاتی ہے ۔ جو مناسب مدت کے بعد اُٹھا لی جاتی ہے ۔ گولت کے ماہرین ہی یہ علاج عمل میں لاتے ہیں ۔

ِتیر ریچ

خوف یا دہشت کی وجہ سے دل کے کمزور پڑ جانے کا علاج ۔

مریض کے سینے پر پیتل کا کوئی کٹورا پانی بھر کر رکھ دیا جاتا ہے اور اس میں سیسہ پگھلا کر ڈال دیا جاتا ہے ۔ یہ عمل دو یا تین بار کیا جاتا ہے ۔ جس سے مریض کا خوف جاتا رہتا ہے اور وہ تندرست ہو جاتا ہے ۔

گْوات یا نیمون

ایک نفسیاتی مرض ، جو کسی چیز کی طلب رکھنے لیکن خاص وجوہ کی بنا پر اظہار مدعا نہ کر سکنے کے نتیجے میں لاحق ہوتا ہے ۔ جو گوات یا نیموں کہلاتا ہے ۔ ایسے مریض کا علاج 'مست' یعنی موسیقی سے کیا جاتا ہے ۔

گْواتی یا نیموِنی

گوات کا مریض ، جو موسیقی سے مست ہو کر اظہار مدعا کرتا ہے ۔

مات

گواتی کا معالج (مرد یا عورت) جس کی زیر نگرانی موسیقی کا اہتمام کیا جاتا ہے مات ہی مست ہو کر تشخیص کرتا ہے۔ کہ مریض کو واقعی گوات کا مرض ہے یا نہیں۔

چیر سوچ

کچھ خاص قسم کی بیماریوں کا علاج خوشبوؤں یا بد بوؤں کی مدد سے کیا جاتا ہے کسی برتن میں انگارے ڈال دیے جاتے ہیں اور ان پر وہ مخصوص خوش بو یا بدبو چھڑک دی جاتی ہے جو سلگتے ہی پھیل جاتی ہے پھر مریض کے چہرے کو برتن سمیت چادر سے ڈھانپ لیا جاتا ہے۔ اور وہ اس بو کو برابر سونگھتا رہتا ہے۔ علاج کے اس عمل کو چیر سوچ کہا جاتا ہے۔

بو سوچ

وہ برتن (خاص) جس میں چیر سوچ کے دوران انگارے اور بو ڈال دی جاتی ہیں۔

نوٹ:۔ مات کی جگہ عام طور گواتی ء مات کا لفظ مستعمل ہے۔ [illegible]

زَچّہ بَچّہ

تنشچ

پیدائش کے بعد بچے کو باندھنے کا ایک خاص عمل جو بلوچ قبائل میں آج بھی عام اور مقبول ہے تَنشچ کہلاتا ہے۔ تنچ کے ذریعے بچے کو سونے سے پہلے اس کے ہاتھ، پاؤں اور جسم کو مخصوص طریقے سے باندھا جاتا ہے۔

تَنچنا

تنچ کا مصدر مورد، تنچنا ہو سکتا ہے جو تنچ کے عمل کے لیے استعمال ہوگا۔

لَتّا

وہ خاص کپڑے جن میں بچے کو لپیٹ کر باندھا یا تنچا جاتا ہے۔

دراج بَند

دراج بند کپڑے کی ایک لمبی پٹی ہوتی ہے۔ جو سردیوں کے موسم میں خاص طور پر اور گرمیوں میں عموماً تنچنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

پتَن بند

پتن بند ایک چوڑی پٹی ہوتی ہے جو بچے کے دونوں ہاتھ، سینہ اور پیٹھ کو ملا کر باندھنے کے کام آتی ہے۔

پاد بَنْد

پتن بند باندھنے کے بعد بچے کے دونوں پاؤں کو ایڑیوں کے قریب کپڑے کی ایک علیحدہ پٹی سے باندھا جاتا ہے - یہ پٹی پاد بند کہلاتی ہے -

دزْ بَنْد

وہ کپڑا جو تنچنے کے دوران بچے کے سر سے لپیٹا جاتا ہے -

کلِیمر یا گُنّتی

ایک تکونی شکل کا تعویزنما (جس پر کشیدہ کاری بھی کی جاتی ہے -) جو دراج بند کے ایک سرے یا درمیان میں سیا جاتا ہے اور جو تنچنے کے بعد بچے کے سینے پر آ جاتا ہے - جسے بچہ چوستا یا جس سے کھیلتا ہے -

سر تَنْچ

بچے کے پیدا ہوتے ہی اس کی کھوپڑی کو اوپر کی طرف سے ہلکا سا دبا دیا جاتا ہے تاکہ اس کا سر گول رہے - سرتنچ اس عمل کو کہتے ہیں -

وسْلہ

نو مولود بچے کی کھوپڑی کے ملائم حصے کو ، وسلہ کہا جاتا ہے -

دُرنْگی

تقریباً ایک فٹ اونچے لوہے یا لکڑی کا 'سہ پایا' سہارا (Stand) جس کے اندر بچے کا سر رکھ کر اوپر سے اوڑھنی ڈال دی جاتی ہے - اس طرح سے رضائی وغیرہ کے دباؤ سے بچہ محفوظ رہتا ہے اور اس کا دم نہیں گھٹتا -

یہ بات قابل ذکر ہے کہ بلوچ مائیں بچے کو پیدائش کے بعد اپنے ساتھ سلانے سے احتراز کرتی ہیں -

پاس

وہ مقررہ اوقات جن میں بچہ دن یا رات کو جاگ پڑتا ہے -

مہٖر

علحیدہ سوئے ہوئے بچے کے جاگ پڑنے سے ماں کو چھاتیوں میں جو ایک قسم کی مر مر[1] سی محسوس ہوتی ہے - بے شک بچے کی ماں علیحدہ کمرے ہی میں ہو ، مامتا کی اس مخصوص حس کو مہر کہتے ہیں -

مِر مِر

وہ قدرتی گد گداہٹ سی جو 'مہر' کے وقت بچے کی ماں کی چھاتیوں میں پیدا ہوتی ہے مر مر کہلاتی ہے -

مہر کرنا

مامتا کے مہر کرنے کا عمل مذکورہ -

مِر مِرانا

مرمر کا اردو مصدر -

مِرمِراہٹ

اردو

---

۱ - اعصابی کمزوری کی وجہ سے پاؤں کی ہڈیوں میں جو چیونٹیاں سی چلنے کی کیفیت محسوس ہوتی ہے اسے بھی مر مر کہتے ہیں -

آشکواب یا مُرُوواب

بچے کے سوتے وقت آنکھوں کا ہلکا سا کھلا رہنا ۔

اِشکنڈ

تین سے پانچ ماہ تک کا نا مکمل بچہ جو حمل گر جانے سے ضائع ہوتا ہے ۔

کُل یا کُول

چوپاؤں کا نا مکمل بچہ ۔ پرندوں کا نا مکمل انڈا بھی کلُ یا کول کہلاتا ہے ۔

نیپگ

حمل ٹھہرنے کے بعد عورت کی کسی خاص کھانے کی چیز کے لیے طلب گاری ۔ جس کے نہ ملنے پر بچے کی آنکھ میں نقص پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے ، نیپگ کہلاتی ہے ۔

نیپگ کرنا

نیپگ کا اردو مصدر ۔

نیپگی

نیپگ کرنے والی عورت ۔

تَرَزنگ

زچگی کی حالت (جو چالیس دن تک سمجھی جاتی ہے)میں عورت ۔

تَرَزنگی

زچگی کی ابتدائی حالت ۔

ہَم شیِرْک

حاملہ ماں کا دودھ پینے والا بچہ ، جس کے دودھ کی مدت پوری نہیں ہوتی -

شِیر جَت

وہ عارضہ جو ہم شیرگی کے سبب سے بچے کو لاحق ہوتا ہے -

شِیر شَریک

وہ بچہ جو اپنی ماں کے علاوہ کسی دوسری عورت کا دودھ پیئے تو موخرالذکر عورت کا شیر شریک بچہ کہلاتا ہے -

شِیر گُہار

شیر شریک بچی کا رشتہ دودھ پلانے والی عورت کے بچے یا بچی سے -

شِیر بْراس یا شیر بْرات

شیر شریک بچے کا رشتہ برادری ' دودھ پلانے والی عورت کے بچے یا بچی سے -

شِیر ماس یا شِیر مات

ماں کے علاوہ دوسری دودھ پلانے والی عورت کا رشتہ مادرانہ -

شِیر شَرْم

دودھ کے رشتہ کی لاج - شیر شریکی شرم -

خانگی زندگی

رہائش گاہ

لـثـوگ

بلوچستان کی ایک خاص رہائش گاہ جس کی بنیاد تقریباً چھ فٹ تک مستطیل نما اور اس کے بعد سے چھت کا حصہ tant جیسا ہوتا ہے ۔ لوٹگ اینٹ یا مٹی سے نہیں بلکہ کھجور کے درخت کے مختلف حصوں (کشنٹ کرز اور پیش) سے بنایا جاتا ہے ۔

گـِز دپی

پہاڑی گنے کی خشک لٹوں، پیش اور کرز سے بنایا گیا ایک خاص طرز کا ایک پٹ والا دروازہ جو لوٹگ کے لیے مخصوص ہے ۔

کُلّ

لوٹگ سے ملتی جلتی ایک امیرانہ رہائش گاہ جس کے مستطیل نما بنیاد چھ فٹ تک کچی مٹی یا اینٹوں کی مدد سے بنائی جاتی ہے اور اوپر کا بقیہ حصہ چٹائی کرز کنٹ وغیرہ سے مکمل کیا جاتا ہے ۔ کل میں گز دپی کی بجائے دروازہ (لکڑی کا) لگاہوتا ہے ۔

کـَـرگین

عام لوٹگ سے بڑا مکان ۔

ہـَـرپُشـت

آمین[۲] کے دوران فصل وغیرہ کی نگہ داشت کے سلسلے میں ایک

---

۱ ، ۲ ۔ وضاحت کھجور کے درخت کے باب میں موجود ہے ۔

امیرانہ عارضی رہائش گاہ جو نخلستان میں بنائی جاتی ہے ۔ ہرپشت لوگ سے چھوٹا ہوتا ہے ۔

ٹپّو

چٹائی کی بنی ہوئی ایک غریبانہ رہائش گاہ جس کی بنیاد مستطیل نما کی بجائے دائرہ نما ہوتی ہے ۔

کُڈِک

ٹپو سے ملتی جلتی مگر پیش اور کرز سے بنائی گئی رہائش گاہ جو زیادہ تر مال مویشیوں کے لیے استعمال میں آتی ہے ۔

مِنَک

وہ کُنڈے جو لوگ یا کُل کے بازؤں کی طرف متوازی گاڑے جاتے ہیں ۔ یہ تعداد میں دو ہوتے ہیں ۔

تیر

وہ کُنڈے جو منک کے اوپر زمین کے متوازی لگایا جاتا ہے ۔

چُکِ مُنک

وہ باریک لکڑیاں جو لوگ یا کُل کے تنبونما حصہ میں لگائی جاتی ہیں ۔

دودپ

ٹپو ہر پشت اور کڈک کی طرح تیر منگ اور چک منک کی مدد کے بغیر بنائے جانے والی رہائش گاہ ۔ دو دپ چٹائی سے بنائی جاتی ہیں ۔ لیکن ٹپو کی طرح گول نہیں ہوتی اور اس کے دونوں بازو (عرض کی طرف کے حصے) بغیر دز بند یا گزدپی کے کھلے رہتے ہیں ۔ ساخت کے اعتبار سے دودپ لوگ یا کل کے اوپری حصہ (مستطیل نما بنیاد کو چھوڑ کر) سے ملتی جلتی ہے ۔

کاپَر

ایک چار پایہ سائبان جو کنٹ کرز وغیرہ سے بنایا جاتا ہے اور گھروں کے سامنے عام دیوان یا نشست گاہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ کاپر کے اوپر (چھت کے اوپر) آمین کے موسم میں کھجور خرما وغیرہ خشک کرنے کے لیے بھی رکھا جاتا ہے ۔

دو سَشرپ

اٹھ منگوں کی مدد سے بنایا جانے والا (ہشت پایہ) سائبان جو دوکاپروں کے برابر ہوتا ہے ۔

گِدان یا گِدام

دو دپ سے ملتی جلتی مگر کمان نما لکڑیوں پر بکری کے بالوں سے بُنی ہوئی چادر سے بنائی گئی خانہ بدوشانہ رہائش گاہ گدان کہلاتی ہے ۔

گِنشدار

وہ کمان نما لکڑیاں جن پر گدان کو کھڑا کیا جاتا ہے ۔

آرائش اور زیورات

دیمی

کنواری لڑکیوں کے گالوں اور ہونٹوں پر کے بال ، جو شادی کے موقعے پر ایک خاص عمل سے صاف کیے جاتے ہیں -

دیمی کرنا

دھاگوں کی مدد سے دیمی کو صاف کرنے کا عمل -

دانیچک

ایک مرکب آمیزہ جو آرائش گیسو کے لیے عورتیں بالوں پر لگا لیتی ہیں - دانیچک بالوں کو چپکائے رکھتا ہے جس سے بال ہوا کے دباؤ سے محفوظ رہتے ہیں - سر کے بالوں پر لگانے کا یہ آمیزہ ایک ہفتے تک کے لیے کافی ہوتا ہے -

میہلب

ایک خوشبو جو دانیچک کے آمیزہ میں ملی ہوتی ہے -

جوز باک

مہلب کی طرح کی ایک اور خوشبو جو دانیچک میں ڈالی جاتی ہے -

آمتڑ

ایک مرکب سفوف جس کے استعمال سے دانتوں کا رنگ چمک دار

سیاہ ہو جاتا ہے - بلوچستان کی پہاڑی اور دیہاتی عورتیں آمڑ کو زیبائش کا ایک ضروری جز خیال کرتی ہیں -

سرُچوڑ یا سر چیڑہ

مانگ کے دونوں طرف پیشانی پر گری ہوئی لٹوں کو ایک خاص طریقہ سے بیندھا جاتا ہے اور مانگ کے دونوں طرف پھیلا دیا جاتا ہے - یہ بیندھی ہوئی لٹیں سرُچوڑ کہلاتی ہیں -

لا-دن

مختلف خوشبوؤں کے مرکب سے تکونی شکل میں بنائی گئی ، پتھر کی طرح سخت اور پائدار خوشبو جو پھول دار دھاگوں اور سوتیوں میں پرو کر گلے میں ڈالی جاتی ہے - لادن کی خوشبو سال سال بھر چلتی ہے -

ہیر َکلمپر

الایچی ، سپاری ، لونگ اور دیگر مہرہ کو ریشم کے مختلف رنگ کے دھاگوں میں پرو کر ایک گچھا سا بنالیا جاتا ہے جس کے بیچ میں لادن کو بھی سمویا جاتا ہے - خوشبوؤں کا یہ پھول دار گچھا ہیر کلمپر کہلاتا ہے -

َزبادان

ایک میناب کار (میناکاری) اور منقش تکونی شکل کا زیور جس کے تینوں طرف چاندی کے پھول پتے ڈولن اور دنتان پاچ لگاکر گلے میں پہنا جاتا ہے -

ڈولَن

چاندی کی ایک گول منقش ڈبیا جو خوشبوئیں بھرنے اور زبادان میں لگانے کے کام آتی ہے -

دنتان پاچ

زبادان میں لگائے جانے والا ایک اور چپٹا نوک دار زیور جو تقریباً ڈیڑھ انچ لمبا ہوتا ہے جو آرائش کے علاوہ دانت اور کان کا میل صاف کرنے کے بھی کام آتا ہے -

پُلُّک یا پُلّی

ناک میں چھید کرکے پہنا جانے والا ایک اور زیور مثلاً لونگ جو عورتیں ناک میں پہنتی ہیں -

پُلوہ

مستطیل گول تقریباً پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن جتنا ، فیروزہ جڑا زیور جو نتھنوں کے درمیان کو چھید کر کے پہنا جاتا ہے ، جیسے بلاق -

دُرّ

کان کی لو میں چھید کر کے پہنا جانے والا سونے کا ایک زیور جو گول کمانی کی شکل کا ہوتا ہے جیسے بالی -

باڑی

کان کے درمیانی حصہ میں چھید کرکے پہنا جانے والا ایک اور سونے کا زیور جو گول اور اندر سے کھوکھلا اور اوپر سے منقش ہوتا ہے -

سالنک

چاندی کا ایک زنجیر نما ، باوچی زیور جو گلے میں پہننے کے کام آتا ہے -

گُتّب

کلائیوں میں پہنا جانے والا گول اور کھوکھلا ، چاندی کا ایک زیور جو تقریباً چھ انچ لمبا اور تین یا چار انچ قطر کا ہوتا ہے ۔ گب چوڑیوں کی طرح ہاتھوں کے پنجوں سے نہیں بلکہ کھول کے کلائی میں باندھا جاتا ہے ۔

مَنْگلی

کڑے کی شکل کا تقریباً ایک انچ چوڑا چاندی کا ایک بلوچی زیور ۔

باہَینک یا باہُو بَنْد

بازو میں پہنا جانے والا ایک گول کھوکھلا (تقریباً ایک انچ قطر کا) زیور جس کے اندر تانبے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے سے رکھے جاتے ہیں ۔ جو بازوؤں کی مختلف حرکتوں کے ساتھ جھنکتے رہتے ہیں۔ مثلاً بازو بند وغیرہ ۔

ٹِکّ

روپے کی طرح چپٹا گول ، چاندی یا سونے کا ایک زیور جو عموماً پٹی پر لگا کر پیشانی پر باند ھا جاتا ہے۔

پَٹّی

کشیدہ شدہ کپڑے کی ایک تقریباً ایک یا ڈیڑھ انچ چوڑی پٹی جس کو ایک خاص ترتیب سے ٹِک" لگا کر پیشانی پر باندھا جاتا ہے ۔

تلمَل

چھوٹے چھوٹے چوکور نما چاندی کے بنے ہوئے منقش زیور جو پرو کر ہاتھوں کی کلائیوں پر باندھے جاتے ہیں ۔

دَسْتُونْک

مہروں اور موتیوں کو بیندھ پرو کر کلائیوں پر باندھا جاتا ہے. جو دستونک کہلاتا ہے -

کید

ایک سونے کی نازک زنجیر جو دونوں کانوں کے دُرّوں کو بالوں کے اوپر سے ملاتی ہے -

چَنْگ

یہ کید کے درمیان لگی ہوئی منقش Hook سی ہوتی ہے جو کلپ کی طرح بالوں میں لگائی جاتی ہے -

مُتّی

تقریباً دو پونے دو انچ لمبا گول اور کھوکھلا مگر درمیان میں اُبھرا ہؤا زیور جو دو چوٹیوں کو ملانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے - متی پر بھی میناب اور نقش کاری کی جاتی ہے -

ژنبَوک

بلوچستان میں عورتوں کا ایک اور پسندیدہ زیور جو مُتی سے لمبی مگر جس کا ایک سرا اُبھرا اور گول ہوتا ہے - متی کے ساتھ چوٹیوں میں ٹانکی جاتی ہے - ژنبوک کے نچلے کنارے میں (جو گول ہوتا ہے) چاندی کے پتے سے لگے ہوتے ہیں جو جنبش سے جھنکتے رہتے ہیں -

کشیدہ کاری

پَشک

بلوچی ساخت کی کشیدہ شدہ مرد یا عورت کی قمیض ۔

زِی یا جِیگ

عورت کی پشک کا وہ کشیدہ شدہ حصہ جو گریبان اور سینہ پر رہتا ہے ۔

پَندول یا گمُتان

پشک کی جیب جو تقریباً ڈیڑھ فٹ لمبی اور $\frac{3}{4}$ فٹ چوڑی ہوتی ہے ۔ جس کا نچلا حصہ مستطیل اور اُوپر کا حصہ تکونی ہوتا ہے اور تکونی حصہ دو جانب سے کھلا ہوتا ہے ۔

بَندوک یا زِی بَنْد

ایک خوبصورت رنگین پھول دار دھاگا جو عورتوں کی پشک کا گریبان باندھنے کے لیے جیگ یا زی کے اُوپر یعنی گلے پر بندھا ہوتا ہے ۔

دوچ

پشک کا بلوچی کشیدہ یا کشیدہ کا فن ۔

دوچ گِر یا زِیکَن

بلوچی کشیدہ (دوچ) کی ماہر عورت ۔

پیرگیر

پشک کی ابتدائی کاٹ ناپ وغیرہ -

اوتاک یا اوتاگ

وہ تار جسے کپڑے میں سے نکال کر دوچ کے لیے مختلف حصے بنانے اور راستے بنا کر ان کی بنیاد پر دوچ کو آگے بڑھانے کا کام لیا جاتا ہے -

بغل گشاد

رنگیں کپڑے کا ایک تکونی ٹکڑا جو پشک کے بغل میں سیا جاتا ہے - یہ پشک کی ضرورت بھی ہے اور زینت بھی -

چکن

چمڑے کا دوچ -

سرتل

پاپوش کا دوچ شدہ اوپری حصہ -

ٹوپ

بلوچی ٹوپی کی ایک قسم جو کاٹ میں کنٹوپ سے ملتی جلتی ہوتی ہے مگر کنٹوپ کی طرح اتنی لمبی نہیں ہوتی کہ کانوں تک آ جائے - اس پر شیشے اور کشیدے کا کام کیا جاتا ہے -

ڈوچ کے کچھ اقسام

گُل وایر کَش

وہ خاص دوچ جو سرخ رنگ کے ریشم کے کپڑے پہ کیا جاتا ہے ۔ اس قسم کے دوچ کی پشک عموماً شادی کی رات دلھن کو پہنائی جاتی ہے ۔ گل وایر کش ہفت[1] رنگی دوچ ہوتا ہے ۔

نال وٹِکّ

آسمانی رنگ کے ریشمی کپڑے کے لیے دو رنگی دوچ۔ اس کی پشک شادی کے تیسرے دن کے لیے مخصوص ہے ۔

کُنڈی گُل

ایک اور ہفت رنگی دوچ جو زرد رنگ کے ریشمی کپڑے پر کیا جاتا ہے ۔

پیت وِ ڈکّ

''یک رنگی'' دوچ جو سرخ کپڑے پر سیاہ اور آسمانی رنگ کے کپڑوں پر سرخ ریشم سے کیا جاتا ہے ۔

ڈَکار دوچ

زرد اور سرخ ریشم کے تاروں سے آسمانی رنگ کے کپڑے پر دوچ

---

۱ ۔ سات رنگ کے ریشم کے تاروں سے بنایا ہوا (کشیدہ کیا ہوا)

چـٔـورا ٔدوچ

سرخ رنگ کے کپڑے پر آسمانی رنگ کے ریشم کا دوچ -

دو سُوتی

زرد رنگ کے کپڑے پر سرخ رنگ کے ریشم کا خاص دوچ

شیشگی

سرخ رنگ کے کپڑے پر ہفت رنگی کشیدہ ، جس میں چھوٹے چھوٹے شیشے سے بھی جڑے ہوتے ہیں -

کانٹلـٔـو

یہ خاص کشیدہ سرخ کپڑے پر ہفت رنگی اور آسمانی رنگ کے کپڑے پر دو رنگی (زرد اور سرخ) ریشم سے تیار کیا جاتا ہے -

سـٔـوسُم

زرد و سرخ کپڑے پر ہفت رنگی کشیدہ

سُرگی پانچ

یہ کشیدہ موسم سے مختلف ہے - لیکن اُسی قسم کے کپڑے پر ہفت رنگی ریشم سے تیار کیا جاتا ہے -

سہ کُنڈک

دو رنگی کشیدہ جو عموماً آسمانی رنگ کے کپڑے کے لیے مخصوص ہے -

پنچ کُنڈک

سرخ کپڑے پر ہفت رنگی کشیدہ، دوسرے دوچوں سے مختلف -

جالار

سرخ کپڑے پر ہفت رنگی کشیدہ ، یہ بھی ایک خاص قسم کا دوچ کہلاتا ہے -

گھریلو اشیائے استعمال اور دیگر تعلقات

برُونک یا اُردُو

بلوچی گھروں یا مکانوں یا گدانوں میں کسی ایک گوشے ، تقریباً چار فٹ آونچا چبوترا سا بنایا جاتا ہے - جس کے اوپر خاص انداز سے لحاف کو سجا کر رکھا جاتا ہے - اس کے سامنے زیبائش کے لیے رنگ دار اُون کی شفی[1] لٹکائی جاتی ہے - لحاف کی یہ سجاوٹ برونک یا اُردو کہلاتی ہے -

رَف

بلوچی ساخت کے مکانوں کے اندر تقریباً چھ فٹ اونچائی پر ، چاروں طرف ، دیوار کے ساتھ ساتھ ، نو انچ کے قریب باہر اُبھرا ہؤا چھجہ سا بنا لیا جاتا ہے - جو رف کہلاتا ہے - رف پر برتن اور استعمال کے دوسرے ظروف سجا کر رکھ دیے جاتے ہیں -

بُغ چڑی

کپڑے کا بنا ہؤا لفافہ نما تھیلا جس میں عورتیں سلائی کا سامان ، سوئی دھاگہ وغیرہ یا سنگھار کا سامان رکھتی ہیں - مثلاً تلے دانی

کرسان یا کاسَگ

لکڑی کی ایک تھالی سی جو آٹا گوندھنے کے کام آتی ہے -

---

۱ - شفی کی تفصیل اون کی اشیا کے باب میں آئے گی -

نوٹ = رف کو ہمارے ہاں شیلف کہا جاتا ہے جو دیوار کے [illegible] عموماً بنا ہوتا ہے - [illegible]

جَلّک

یہ ایک چھوٹا سا جیبی چرخا ہوتا ہے - اسے انگلیوں کی مدد سے پھرا کر دھاگے بنالیے جاتے ہیں - جلک بلوچ خواتین کا ایک مستقل ساتھی ہوتا ہے - جو وہ اُٹھتے بیٹھتے اپنے پاس رکھتی اور دھاگہ بناتی رہتی ہیں -

ترنگَڈ

رسے سے بُنا ہؤا جالی دار مستطیل نما بورا جو بھوسہ بھر کر لانے لےجانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے -

شَکُرُ

لکڑی کا ایک خاص کنگھا ، جس کے دانت عرضاً کی بجائے طولاً ہوتے ہیں یہ تقریباً سوا انچ چوڑا اور چھ انچ لمبا ہوتا ہے اور لیکھیں نکالنے کے کام آتا ہے -

کئوسیچ

خشک کدو کے گول خول سے بنایا ہؤا ظرف جس میں گھی خرما وغیرہ بند کر کے ٹانگا جاتا ہے -

درنگ

تین لکڑیوں کی تکونی جو ہر کونے پر تقریباً ڈیڑھ فٹ لمبی ہوتی ہے - گھر کی اندورنی چھت میں رسیوں کی مدد سے ٹانگی جاتی ہے - اس پر اشیائے خوردنی دودھ ، سالن ، خرما وغیرہ رکھا جاتا ہے - جیسے چھینکا

بندکَش یا آنجا کَش

تقریباً پنسل جتنی باریک اور طویل لکڑی ، جو ناڑا ڈالنے کے کام آتی ہے -

پتینک

وہ بیکار کپڑوں کا پلندہ جو دوائیں وغیرہ باندھ کر خاص طور پر گھر کے کونے کدرے میں رکھا جاتا ہے -

اشیائے خوردنی

کھجور (درخت) اور اس کے متعلقات

گُشّ

نر کھجور کا درخت، یا نر کجھور کا کچا خوشہ جو فصل کے لیے مادہ کھجور کے کچے خوشوں سے پیوند کیا جاتا ہے۔

گُشّ کرنا یا لگانا

فصل کے لیے کھجور کے پیوند لگانے کا عمل

پینَگ

گش نہ کرنے کے نتیجے میں خراب فصل پینگ کہلاتی ہے جو عام مدت سے تقریباً ایک ماہ کے بعد آتی ہے اور بغیر گٹھلی کے ہوتی ہے۔

ہکیم

گش کا گچھا اور ابتدائی فارم جو نرم اور میٹھا ہوتا ہے اور کھانے کے کام آتا ہے۔

کُوش یا کُشّ

ایک شیریں اور خوش ذائقہ خوردنی جو گشونشگ (کھجور کے پکے نہال) کو کاٹ کے، تنے کے اوپری حصے سے نکالی جاتی ہے۔ کوش ہکیم کی جڑ میں بھی ملتی ہے جو بے انتہا سفید ہوتی ہے۔

ڈولکسو

وہ سربند خول جس سے ہکیم پھوٹ کر نکلتا ہے۔

پیش

کھجور کے پتے -

کَرز

پیش کا تنا جو خشک ہونے اور پیش کو صاف کرنے کے بعد لوگ وغیرہ کی تعمیر میں کام آتی ہے -

کَلَم پوگ

کرز کے وقتاً فوقتاً کاٹے جانے سے کھجور کے تنے پر جو اُس کی خشک جڑ باقی رہتی ہے - کلم پوگ کہلاتی ہے -

لمپش

خرما چننے کے بعد جو خشک خوشے رہ جاتے ہیں لمپش کہلاتے ہیں -

کانزگ

لمپش کا تنا -

ہوش

پکی ہوئی کجھور کے گچھے میں جو ڈنٹل ہوتے ہیں جن سے کھجوریں لگی ہوتی ہیں -

ہولُمب

چھوٹے چھوٹے خوشے جو مل کر ہوش بنتے ہیں ، ہولمب کہلاتے ہیں -

گَرک

پیش کی ابتدائی شکل جو تازہ اور سفید ہوتی ہے -

سَوّ

وہ گش جو زیادہ پختہ ہونے کی بنا پر مادہ کھجور میں پیوند کے قابل نہیں رہتا ۔

مچ گُشّ

گش کرنے کا موسم ۔

پُہکّ

گش کرنے کے بعد خرما کی سب سے ابتدائی شکل جو ہرے رنگ کی ہوتی ہے جس کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے ۔

رَنگ

پکی لیکن سخت کھجوریں جو پیک کی آخری اور خرما کی پہلی شکل ہوتی ہے ۔

گوائی

رنگ کے موسم کا اعلان ۔

کُلونٹ

رنگ کے بعد اور پوگس سے پہلے کی شکل ۔

پوگس

ادھ پکے خرما جو قدرتی طور پر نصف کلونٹ اور نصف 'نا' ہوتی ہے ۔

رِیکی

گرم ریت میں ڈال کر نرم کیے جانے والے غیرقدرتی خرما ۔

سوراپگ

ایک غیر قدرتی طریقہ پخت سے پکائی گئی کھجور ،

نوٹ = ہمارے علاقے میں پیشک کو یون اور پوگس کی جگہ درو ہانچ استعمال ہوتا ہے ۔ [illegible]

(کلونٹ پر نمک اور پانی چھڑک کر اسے دیگچی میں چھان کر بند کردیا جاتا ہے ۔ مناسب دیر رکھنے کے بعد وہ پک کر نرم ہوجاتا ہے) جو سوراپگ کہلاتا ہے ۔

نا

قدرتی طور پر پختہ اور نرم—مکمل کھجور ۔

پیش نا

سب سے پہلے پکنے والی نا ۔

پش پاگ

موسم کی سب سے بعد پکنے والی نا ۔

وَرّود

خود رو کھجور کا درخت جس کی 'نا' بھی ورود کہلاتی ہے ۔

ہُش کیچ

ایک خاص قسم کا خورما جو درخت پر ہی پک کر خشک ہو جاتا ہے ۔

گَدّگ

'نا' کی گٹھلی ۔

پسون

درخت پر یا درخت سے گری ہوئی خراب اور سڑی ہوئی کھجور ۔

آمین

کھجوروں کی فصل کا موسم جو تقریباً تین ماہ سے پانچ ماہ تک رہتا ہے ۔

بَرواز

وہ خانہ بدوش جو آمین کے دوران نخلستان میں آتے اور اقامت کرتے ہیں ۔

کجھوریں چنتے اور جمع کرتے ہیں اور آمین کے اختتام پر واپس چلے جاتے ہیں -

ایسَرحت

آمین کا اختتام -

مَچ بُرّ

ایرحشت کے دوران 'ہوشوں' کے کاٹنے کا عمل مچ بر کہلاتا ہے -

روپ یا مَچ روپ

آمین کے دوران خرما چننے کا عمل روپ یا مچ روپ کہلاتا ہے -

روپنا یا مَچ روپنا

روپ کا اردو مصدر

پارِنجی

ایک رسم میزبانی جس میں 'مچ روپ' کے وقت راہ گیر یا مسافروں کو بلا کر خرما پیش کیے جاتے ہیں -

کَئوت

مختلف کھجوروں کو خشک کرنے کے لیے الگ الگ ڈھیر میں تقسیم کیا جاتا ہے - یہ مختلف ڈھیر کوت کہلاتے ہیں -

شَگَنَنْز

ایک مخصوص قسم کا باڑہ جو عارضی طور پر آمین کے دنوں میں لگایا جاتا ہے - جس میں کئی کوت رکھے جاتے ہیں - شگنز ، کھجوروں کو چوروں یا جانوروں سے محفوظ رکھنے کے لیے بنایا جاتا ہے اور آمین ختم

نوٹ : پارنجی مچ روپ کی جگہ مچ بر کی جگہ ... یا مچ بر ... ختم ...

ہوتے ہی یعنی ایرحت پر اٹھا لیا جاتا ہے -

چیشنکی

کھجور کے درخت سے خود بخود ہوا کے زور سے گری پڑی کھجی جو عموماً بروار اُٹھا لے جاتے ہیں -

کھجور کے مختلف اقسام

پیش نا

شَکَرِی

گونَزلی

گـَـوگ نا

آپ دندان

سُہریں آپ دَندان

کَلیرو

حُسینی

وِشّ کاونٹ

پُل

رُوگَینی

کوزِنباد

دِشتاری

مُوزاتی

آمین کی ابتدا سے لے کر تقریباً ایک ماہ تک پک کر تیار ہونے والے مختلف اقسام خرما جو بلوچستان کے گرم خطے تربت تمپ مند وغیرہ کے قرب و جوار

سے متعلق ہیں -

شُہر

رَبئی

سَبزو

کَہَر با

خُشکیچ

بلوچستان کے سرد خطوں کے ابتدائی اقسامِ خرما۔

بیگم جَنگی

چَپ شُک

حَلینی

پش پاگ

آمین کے آواخر میں پک کر تیار ہونے والا خرما یہ خرما ، ابتدائی موسم کے خرما سے زیادہ لذیذ اور زیادہ قیمتی ہوتا ہے -

کھجور سے بنی ہوئی غذاؤں کی اقسام

چانگال

کھجور کو ایک خاص قسم کی روٹی اور گھی میں گوندھ کر ایک خاص قسم کی خوراک تیار کی جاتی ہے۔
جو چانگال کہلاتی ہے۔

مَدَر

کھجور کو گھی میں بھون کر پکایا جاتا ہے۔

پُنڈی

کھجور کے پیڑے (گول) جو بھنی ہوئی جوار کے آٹے سے بنائے جاتے ہیں۔

کَپّو

کھجور کے کاونٹ کو کاٹ کر خشک کیا جاتا ہے اور پھر کھجور کے شیرے میں ڈال کر مٹی کے گھڑوں[1] میں بند کر دیا جاتا ہے۔ ایک خاص مدت گزر جانے کے بعد گھڑا کھول دیا جاتا ہے۔ کھجور کی اس شیرہ آمیز غذا کو کپو کہا جاتا ہے۔

ہُنبی

موزاتی (ایک خاص کھجور) کو شیرہ میں ڈال کر ہُنب یا ٹین میں بند کردیا جاتا ہے۔ کھجور کی یہ غذا ہنبی کہلاتی ہے۔

۱۔ گھڑے جو کھجور کے لیے مخصوص ہیں۔ ہُنب کہلاتے ہیں۔

لڑ

موزانی کی کھونٹ کو کاٹ کر (عرضاً) رسیوں میں پرو کر خشک کرلیا جاتا ہے - جو لڑ کہلاتا ہے - لڑ کافی عرصے تک چل سکتا ہے - اور خراب نہیں ہوتا -

پڑ بند

مکران کے پہاڑی علاقوں میں موزاتی کی کھجسّی کو پہاڑی پیش میں محفوظ کیا جاتا ہے - یہ غذا پڑ بند کے نام سے مشہور ہے -

سائریچ یا دا نگی

کہربا (ایک اور قسم) کی کھجور کو درخت سے اتار کر پات[1] میں بند کردیا جاتا ہے - کافی دیر تک خراب نہ ہونے والی یہ کھجور سائریچ یا دانگی کہلاتی ہے -

لگتّی

ایک یا کئی قسم کی خشک شدہ 'نا' پانچ من سے دس من تک وزن نکال کر گورپات[2] پر پھیلا دیا جاتا ہے - پھر ان پر پانی چھڑکا دیا جاتا ہے - اس طرح 'نا' نرم ہو جاتی ہے - پھر پانچ یا چھ آدمی مل کر اسے پاؤں سے دبا دبا کر میدہ کر دیتے ہیں - یہ عمل دو دن تک (وقفہ وقفہ کے بعد) رہتا ہے- اس کے بعد اس خرما کو پاتوں میں بند کردیا جاتا ہے - جو لگتی کہلاتی ہے -

دز ُپنڈ یا دز لگاش

خرما کے چنے ہوئے دانوں کو دھوپ میں خشک کرنے کے بعد ان کے گڈک نکال دیے جاتے ہیں اور ہاتھوں کی پے بہ پے داب سے گرکو[3] میں بند کردیے جاتے ہیں - دزپنڈ کھجور بالکل سفید ہوتی ہے -

---

۱ ۲ ۳ - پیش کے باب میں تفصیلاً مذکور ہے -

کَتَل

وہ ''نا'' جو اتارنے اور خشک کرنے کے بعد بات میں ٹھونس کر ڈالی جاتی ہیں ۔ اس طرح کھجور کے دانے پچک کر ایک دوسرے کے ساتھ چپک جاتے ہیں ۔

سُند پُشْت

وہ خورما کہ جو درخت پر سے اُتارنے کے بعد خشک کرکے سُند میں ڈالا جاتا ہے ۔ سُند میں اسے آسانی سے ہوا بھی لگتی رہی ہے اور دانے رس رس کر ایک دوسرے کے ساتھ چپک بھی جاتے ہیں ۔ یہ کھجور جو سُند پشت کہلاتی ہے ۔ تازہ اور دیرپا رہی ہے ۔

مَسُوچ

شیرہ کشی کے بعد جو خرمے بچ رہتے ہیں ، موچ کہلاتے ہیں اور مال مویشیوں کو کھلائے جاتے ہیں یہ ان کی خاص خوراک سمجھی جاتی ہے ۔

دیگر متفرّق اشیائے خوردنی

آپ واد یا بے سورا

گرم پانی میں گھی ، نمک اور گرم مصالحے ملا کر بنائے جانے والا 'سالن' ہے -

تریت

روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے سالن میں ڈال دیے جاتے ہیں جو مناسب وقفے کے بعد سالن میں نرم ہو کر مل جاتے ہیں - روٹی ملے ہوئے اس سالن کو تریت کہا جاتا ہے -

کچری

بلوچستان کے پہاڑوں کی ایک خود رو پیداوار (پھل) گشون جو تاثیراً انتہائی گرم ہوتی ہے - کو کوٹ کر نچوڑ لیا جاتا ہے - جس سے اس کی چکنائی ، چھلکے اور ہڈک (بے کار سخت حصہ) علیحدہ ہو جاتے ہیں - چکنائی اور چھلکوں کو مناسب مقدار میں گرم پانی میں ملا کر کچھری کا سالن تیار کیا جاتا ہے -

آسری یا چچک

املی کو کوئی گھنٹے بھر کے لیے پانی میں رکھا جاتا ہے جو قدرتی طور پر نرم ہوجاتی ہے - پھر اس کا پانی نچوڑ کر اس میں نمک یا چینی ملا کر روٹی تریت کی جاتی ہے - یہ سالن چچک کہلاتا ہے -

سب نارُشت

پکے ہوئے آم کو گرم راکھ کی تاپ دے کر نرم کیا جاتا ہے - پھر نچوڑ کر اسے گرم پانی اور گھی میں ملایا جاتا ہے -

بٹّ و ماش

گھی کے بغیر چاول اور ماش کی کھچڑی ، جس میں گھی کو گجنگ کے عمل سے الگ سے ڈال دیا جاتا ہے -

گیجگ

دو یا تین چھوٹے پتھروں کو انگاروں پر گرم کر کے سرخ کیا جاتا ہے - پھر ان کو گھی کے برتن میں ڈال کر (سرد گھی میں) اس کا ڈھکنا بند کر دیا جاتا ہے - اس طرح سے گھی پگھل کر گرم ہوجاتا ہے - جو بٹ و ماش میں ڈالنے کے کام آتا ہے - ان گرم پتھروں کو جو گھی میں ڈالے جانے کے بعد کالے پڑ جاتے ہیں - گجگ کہتے ہیں -

گیجنگ کرنا

مذکورہ عمل -

ڈوڈی

جوار کی روٹی کو چھاچھ میں تریت کیا جاتا ہے - جو ڈوڈی کہلاتی ہے -

چمڑی

خوبانی کو خشک کرکے پانی میں بھگوکر نرم کیا جاتا ہے اور اس میں گھی گرم کر کے ڈال لیا جاتا ہے - اس سالن کو چمڑی کہتے ہیں -

چڑّک

دنبے کی چکی کاٹ کر اس کے چھوٹے چھوٹے قتلے بنائے جاتے ہیں اور

انھیں ہلکے پانی میں جوش دے کر اس کا گھی الگ کیا جاتا ہے - اس عمل میں جو پکے ہوئے قتلے رہ جاتے ہیں چڑک کہلاتے ہیں - چڑک روٹی کے ساتھ کھانے کے کام آتا ہے -

سَجّی

سالم دنبہ یا ہرن وغیرہ کے گوشت کو ایک خاص طریقے سے آگ کے شعلوں کی ہلکی آنچ پر بھون لیا جاتا ہے - اس طرح سے گوشت پک کر نرم ہو جاتا ہے جو سجی کہلاتا ہے -

کَدِیت یا تبائِگ

سالم دنبہ یا اس کے بڑے ٹکڑے کر کے (کھال نکالنے کے بعد) اس پر نمک اور انار دانہ چھڑکا دیا جاتا ہے اور اُسے مکان کے اندرونی چھت میں لٹکا کر خشک کیا جاتا ہے - یہ گوشت مدتوں تک خراب نہیں ہوتا کدیت یا تبائگ سفر کے دوران بھی استعمال کیا جاتا ہے -

غوررسا یا گُرسا

سالم دنبے کے گوشت کو پانی میں اس حد تک جوش دیا جاتا ہے - کہ اس کی ہڈیاں الگ ہو جاتی ہیں پھر اسے اِنزک[1] میں بند کر دیا جاتا ہے - یہ گوشت بھی مدتوں تک خراب نہیں ہوتا اور سفر کے دوران خصوصیت سے استعمال کیا جاتا ہے -

سبزِک

کچے گندم کے دانوں کو بھون کر خشک کیا جاتا ہے - اور پھر پیس کر گھی اور شکر کے ساتھ ملا دیا جاتا ہے - اس سفوف کو سبزک کہتے ہیں -

پشت

جو کے دانوں (کچے خوشوں کے) کو پیس کر پانی میں حل کیا جاتا ہے -

---

۱ - چمڑے سے بنی ہوئی اشیاء کے باب میں دیکھیے -

اور اس پر گھی ڈالا جاتا ہے جو کھجور کے ساتھ کھانے کی غذا سمجھی جاتی ہے ۔

ڈَلگ یا ڈَلیدہ

گندم کو صاف کر کے ڈلا[1] جاتا ہے اورگھی میں پکایا جاتا ہے ، روٹی کے ساتھ کھائے جانے والی یہ خوراک ڈلگ کہلاتی ہے ۔

دانکو یا سَالَغ

خشک غلے کو بھون کر اس پر نمک ، مصالحہ اور گھی چھڑک دیا جاتا ہے ۔

آبئوس یا آبئو یا سَرسئوچ

گندم یا جواری کے تازہ خوشوں کو مکئی کی طرح آ گ پر بھونا جاتا ہے۔ جو آبوس یا آبو یا سرسوچ کہلاتا ہے ۔

پُوت یا پُوتک

جواری کے کالے خوشوں کو (جو جواری پکنے سے پہلے تیار ہو جاتے ہیں) کو بھونا جاتا ہے اور اس کی روٹی بنائی جاتی ہے جو پوت یا پوتک کہلاتی ہے ۔

پُلہ

جوار کو دانکو کی طرح بھونا جاتا ہے ۔ یہ خوردنی پُلہ کہلاتی ہے ۔

ھیذلئو

جواری کے ادھ پکے دانوں میں نمک ڈال کر ھیذلو تیار کیا جاتا ہے ۔

---

۱ ۔ ایک خاص قسم کی چکی ڈلونک سے دانوں کو توڑنا جیسے دلنا

کُـوہَل

گندم یا ماش یا مکئی کو پانی میں اُبال کر کھایا جاتا ہے ۔ اس غذا کو کوہل کہا جاتا ہے ۔

سَتوّ

آبو کا آٹا بنایا جاتا ہے اور آٹے کو پانی یا دودھ میں حل کیا جاتا ہے ۔

پیرہ

گندم کے دانوں کو صاف کر کے لسی میں ملا دیا جاتا ہے ۔ کئی دنوں تک رکھنے کے بعد غلہ لسی کو جذب کرلیتا ہے اس کے بعد سکھا کر پیسا جاتا ہے ۔ پانی اورگھی کی مناسب مقدار سے اس کا آمیزہ سا بنا لیا جاتا ہے جو کھجور کے ساتھ کھایاجاتا ہے ۔

دوشـک

توُد اور دوسرے میوؤں مثلاً بادام کو جوش دے کر گھی ملا کر رکھا جاتا ہے جو دوشک کہلاتا ہے ۔ اس صورت میں پھل وغیرہ دیر تک چل سکتے ہیں ۔

گـَرسانہ

مقامی جڑی بوٹیوں (کمرکش ۔ سازگ ۔ شوتک ۔ وڈوف) میں آٹا اور گڑ ملا کر انھیں گھی میں بھون لیا جاتا ہے - جس سے ایک قسم کا حلوہ بنتا ہے جو زچہ کو کھلانے کے لیے مخصوص ہے ۔

زرشود

مچھلی کو کاٹ کے دھو لیا جاتا ہے پھر اس پر نمک چھڑک دیا جاتا ہے اس کے بعد اُسے خشک ہونے تک دھوپ میں رکھا جاتا ہے ۔ یہ خشک مچھلی جو خراب ہوئے بغیر کافی دیر چل سکتی ہے ، زر شود کہلاتی ہے ۔

پاٹئو

خربوزے کے بیج کو خشک کرکے نمک چھڑک کر توے پر بھونا جاتا ہے جو سردیوں میں چلغوزے کی طرح استعمال کیا جاتا ہے ۔

کٹوسرک

دال مونگ کی پھلی کو آگ میں بھون کر کھایا جاتا ہے ۔

آچار

گرم مصالحوں پیاز وغیرہ کو آٹے میں ملا کر موٹی روٹی سی بنائی جاتی ہے۔ جو صرف دھوپ میں سکھائی جاتی ہے ۔ آچار کھانے میں مصالحے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

سُوچکی

گھی اور چینی کی ملاوٹ سے بنائی جانے والی روٹی جو مدتوں تک خراب نہیں ہوتی ۔

پُوس

ایک قدرتی ساگ (خود رو) مگیر کو (جو بلوچستان کے پہاڑوں میں ملتا ہے) ۔ سکھا کر پیس لینے کے بعد اُسے آٹے اور شکر میں گوندھا جاتا ہے ۔ پوس کی موٹی روٹی بھی مدتوں تک رہتی ہے اور خراب نہیں ہوتی ۔

کٹول

چھوٹی روٹی جو بچوں کے لیے پکائی جاتی ہے ۔

بیرزَن

بیرزنی[1] سے پکائی گئی روٹی -

بُسری

پکانے سے پہلے ایک چپاتی پر گڑ کے چھوٹے چھوٹے قتلے پھیلا دیے جاتے ہیں اور اس کے اوپر دوسری چپاتی رکھ کر اُسے توے پر ڈال دیا جاتا ہے - جب پکنے کو ہوتی ہے - تو اتار کر داغے ہوئے گھی میں ڈال دیا جاتا ہے اس طرح بسری پکنے کے بعد گرم گرم کھائی جاتی ہے -

سی سرک

چاول کے آٹے کو پانی میں حل کر کے بڑے چمچے کی مدد سے توے پر بڑی اور موٹی روٹی بنائی جاتی ہے جو سی سرک کہلاتی ہے -

تینی

چاول کے آٹے کو پانی میں پتلا حل کر کے بڑے چمچے کی مدد سے (گھاؤ سے) توے پہ پتلی اور باریک روٹی بنائی جاتی ہے - جس میں بے شمار چھید ہوتے ہیں اور کئی سو کی تعداد میں پکائی جاتی ہے اور ہر شخص کم از کم پندرہ بیس روٹیاں کھا سکتا ہے - تینی کی روٹی بڑی مشق اور محنت کے بعد پکائی جا سکتی ہے -

شُردو

زچہ کے لیے پکائی جانے والی روٹی جو سی سرک کی طرح پکائی جاتی ہے - لیکن

۱- بیرزنی : دو فٹ اونچا اور سوا فٹ چوڑا ایک خاص قسم کا روٹی پکانے والا چولھا جو تنور اور انگیٹھی دونوں سے مختلف ہوتا ہے - اس کے بیچوں بیچ تقریباً نو انچ کی اونچائی پر ایک مٹی کا توا لگا ہوتا ہے جو بیرزن کی روٹی پکانے کے کام آتا ہے -

یہ غلہ کے آٹے سے ہوتی ہے اور اس پر پکانے کے بعد گھی اور چینی چھڑک دی جاتی ہے -

کرُنو

گول اور گرم پتھر میں لگائی گئی روٹی جو سفر میں پکائی جاتی ہے - (توے کے بغیر)

شتی یا کاک یا پُرانی

توے کی مدد کے بغیر پکائی گئی ایک اور روٹی جو گرم راکھ کی تپش میں تیار کی جاتی ہے - یہ بھی شکار اور سفر کے دوران استعمال میں آتی ہے -

چِکاّ

دودھ کو دہی بنا کر مکھن علیحدہ کیا جاتا ہے اور لسی کو موٹے کپڑے میں باندھ کر ٹانگ لیا جاتا ہے اس طرح اس کا پانی رِستا رہتا ہے اور لسی کا چِکّا بن جاتا ہے -

شِیلانچ

چِکّا کو خشک کرکے اس کے گول ، چوکور، تکونی پیڑے[1] بنائے جاتے ہیں - جو خشک ہو کر شیلانچ کہلاتے ہیں -

خُرود

چکّا جو جوش دی گئی لسی سے بنتا ہے - خرود کہلاتا ہے -

نر خُرود

خرود کے رسے ہوئے پانی کو ایک بار پھر موٹے تھیلے یا کپڑے میں چکّایا[2] جاتا ہے - اس صورت سے جو بچا ہؤا خرود بنتا ہے - نرخرود کہلاتا ہے -

---

۱ - ان پیڑوں کو پُشک کہا جاتا ہے -
۲ - چکانا ، چکا بنانے کے لیے استعمال کیا گیا ہے -

اشیائے ساختگی

پیش کی بنی ہوئی چیزیں

پات

پیش سے بنا ہؤا ایک خاص قسم کا مستطیل نما، تھیلا ، جس میں خرما منا[1] جاتا ہے - جو تقریباً تین ساڑھے تین فٹ لمبا اور چوڑان میں ڈیڑھ فٹ (بند حصہ) اور $\frac{3}{4}$ فٹ (وہ کھلا حصہ جس سے خرما منا جاتا ہے) ہوتا ہے- اس کے بڑے پاتوں میں گندم یا اناج بھی ڈالا جاتا ہے -

گوَرپات

پیش کی ایک گول قسم کی چھٹائی جو تقریباً 7 فٹ قطر کی ہوتی ہے - گور پات کے اوپر خرما منا جاتا ہے جو بعد میں پاتوں میں ڈالا جاتا ہے -

پاچِک

ڈیڑھ فٹ قطر کی ایک پیش ساختہ گول تھیلی نما ، یہ بھی خرما مننے یا شِننے[2] کے کام آتی ہے -

---

۱ - اردو ترکیب مصدر کی پیروی میں مِن سے بنایا گیا ہے - مِننا ، کھجور (خرما) کو ایک خاص طریقے سے نرم کرکے ہاتھوں کی مدد سے پات وغیرہ میں ٹھونسنے کو کہا جا سکتا ہے -

۲ - شِن سے اردو مصدر شننا بنایا گیا ہے - جس کے معنی ہیں - کھجور کو صاف کرکے اس کے دانے الگ الگ کیے جائیں - مننا دانوں کو ملا کرٹھوسنا اور شننا الگ الگ کر کے ڈالنے کو کہا جاتا ہے - اس لیے مننا ، شننا کا متضاد لفظ ہے -

گرکُو

گرک سے بنا ہوا پتلا مستطیل نما تھیلا ، جو تقریباً ایک فٹ لمبا اور چار انچ چوڑے قطر کا ہوتا ہے -

سُنڈ

پاچک کی ساخت کا ایک پتلا بُنا ہوا تھیلا جو فصل کے دوران کاونٹ وغیرہ کو ڈھانپ کر باندھے جانے کے کام آتا ہے - اس طرح کاونٹ پک کر زمین پر گر کر خراب ہونے سے بچ رہتا ہے - اور سند ہی کے اندر جمع ہوتا رہتا ہے -

کُنڈہ

پہاڑی پیش سے بنا ہؤا - ایک چھوٹا کشتی نما گلاس (تقریباً $\frac{3}{4}$ فٹ لمبا) جوسفر کے دوران پہاڑی علاقوں میں کار آمد ہوتا ہے - اور عموماً ندی نالوں کے پاس رکھا ملتا ہے -

کپات

تقریباً $\frac{3}{4}$ فٹ چوڑا ایک چوکور سا تھیلا جو کجھور چننے کے کام آتا ہے -

کٹُور

چھ انچ قطر کا ایک گول تھیلا ، جو کشیدہ کاری کے دوران کپڑے وغیرہ رکھنے کے کام آتا ہے -

سلُو

کٹور نما ، لیکن نسبتاً بڑا تھیلا جو ڈھکنے سے بند کر دیا جاتا ہے - یہ بھی کپڑے یا عورتوں کے سنگھار وغیرہ کا سامان رکھنے کے کام آتا ہے -

سَواس

پہاڑی پیش کی بنی ہوئی پاپوش جو پاؤں میں رسیوں کی مدد سے باندھی جاتی ہے۔

تشر کُل

پہاڑی پیش کی بنی ہوئی سواس سے ایک مختلف پاپوش۔

بَزبانی

جَتک[1] سے بنائی گئی پاپوش۔

تَـکور یا پَربُـند

ایک خاص ساخت کا مضبوط رسا جو کھجور کے درخت پر چڑھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے رسے کا یہ سہارا کمر اور کنٹ کو ملا کر باندھا جاتا ہے۔ کمر کی طرف کا حصہ پتلا اور کنٹ کی طرف کا باریک ہوتا ہے۔ کلم پوگ پر پیر رکھ تور کو اُوپر کی طرف ہلا ہلا کر درخت پر چڑھا جاتا ہے۔

اُو بِنْد

وہ لمبی رسی جو خرمے اتارنے کے کام آتی ہے۔ اس کے ایک سرے پر جو زمین کی طرف ہوتا ہے کپات باندھا جاتا ہے اور اوپر درخت پر تور کے ذریعے چڑھ کر دوسرا کھینچا جاتا ہے۔ پھر کپات کو خرمے سے بھر کر اوبند کے ذریعے نیچے چھوڑ دیا جاتا ہے۔

۱۔ جَتک: کوٹ کر خشک کی جانے والی پیش جو عام پیش سے زیادہ مضبوط ہوتی ہے۔

سَپِٹ

پیش کا گول ٹوکرا جو کھجور بھر کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لانے لے جانے کے کام آتا ہے ۔

پُوّر

پیش کی بنی ہوئی ایک چھوٹی گیند ۔

کَنّچ

ایک مستطیل نما تھیلا جو گدھے کی پیٹھ پر لاد کر مٹی یا اینٹ ڈھونے کے کام آتا ہے ۔

تَیچ

پیش کی ایک چوکور نما ، چھلنی ۔

لَچُکّ

اناج محفوظ رکھنے کا ایک پیشی تھیلا ۔

رَوت

پیش کی باریک رسیاں جو چارپائی بننے کے کام آتی ہیں ۔

سِچکان

پیش پر کشیدہ ۔

ریدَگ

پیش کی ایک قسم جو کافی مضبوط ہوتی ہے ۔

سَورَگ

ریدگ کا متضاد ، کم زور پیش ۔

اُون کی بنی ہوئی اشیائے استعمال

جُوال

اُون سے بُنا ہوا بورا ، جس میں تقریباً پانچ من سے پندرہ من تک اناج محفوظ کیا جا سکتا ہے ۔

تکّی یا چِنشتہ

اُون سے بنا ہؤا صندوق نما تھیلا ، جو عورتوں کے کپڑے وغیرہ رکھنے کے کام آتا ہے ۔

خُرجین یا خُرجین

اُون کے بنے ہوئے تھیلے ، جو سفر کے لیے کارآمد ہوتے ہیں ۔ خرجین کے دو حصے ہوتے ہیں ۔ جن میں زادِ سفر ، نقدی کپڑے وغیرہ رکھے جاتے ہیں اور بند کر دیے جاتے ہیں ۔ یہ گھوڑے پر اس طرح رکھا جاتا ہے کہ اس کے دونوں حصے گھوڑے کے دونوں طرف آ جاتے ہیں اور اس کے اوپر سواری کی جاتی ہے ۔

کنٹونٹ

اون کی بنی ہوئی خاص قسم کی رنگیں دری ۔

شُفی

ایک رنگیں دری نما ، سرپوش جو زیبائش مکان کے لیے بنا لیا جاتا ہے ۔ چونکہ یہ برونک یا اُردو پر لٹکا دیا جاتا ہے اس لیے اس کے تین طرف

(نیچے اور دونوں گوشوں میں) اُون کے رنگین پھول اور دیگر گل کاری کی جاتی ہے - یہ اُون کا سرپوش نہایت قیمتی ہوتا ہے اور امیرگھرانوں میں استعمال کیا جاتا ہے -

مُختلَف

ایک ازار بند جو کم از کم ڈیڑھ انچ موٹا ہوتا ہے - اس کے دونوں سروں پر پھول کے گچھے سے بنے ہوتے ہیں - مختف اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے - اور جیب کا بھی کام دیتا ہے - جس میں نقدی وغیرہ محفوظ کی جا سکتی ہے - جیسے ہمیانی -

شیکِن یا بِشینٹک

اُون سے بنا ہؤا ایک موٹا چادر نما ، جو گوندھا ہؤا آٹا رکھنے اور پیڑے بنانے کے استعمال میں آتا ہے -

پَرزونَگ

اُون سے بنا ہؤا ایک خوبصورت رنگین دستر خوان -

نال دان

ایک تکون تھیلا جو رنگین اور پھول دار ہوتا ہے - یہ گھریلو سامان (سنگھار سے متعلق) یا نقدی وغیرہ محفوظ کرنے کے کام آتا ہے - امیر گھرانوں میں زیبائش کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے -

ڈَپُّر

اُون سے بنا ہؤا ایک خاص رنگین بچھونا جو امیر گھرانوں میں قالین کی جگہ استعمال ہوتا ہے - ڈَپُّر خام اون کو ایک خاص طریقے سے زمین پر بچھا کر اور اس پر پانی چھڑکا کر بنایا جاتا ہے جیسے نمدہ -

زوڈ

ٹپر کا بنا ہوا ایک کوٹ نما ، جو سردیوں میں پہننے کے کام آتا ہے ۔

شیپ سَر

اُون سے بُنی ہوئی ایک پھول دار رسی جو چوٹیوں (بالوں کی) اور ان میں مٹی یا ژنبوک ڈالنے کے کام آتی ہے جیسے چٹلا یا موباف ۔

تُورہ یا تُورگ

اُون کا بنا ہؤا تقریباً ڈیڑھ فٹ لمبا تھیلا ، جو آٹا یا سفر کا توشہ رکھنے کے کام آتا ہے ۔

گوالَگ

بکری کے بالوں سے بنا ہؤا بورا جو اناج رکھنے کے کام آتا ہے ۔

چُوڑینٹک

بکری کے بالوں سے بنا ہؤا رسہ جو گدان کے چوڑ[1] باندھنے کے کام آتا ہے ۔

گَسُوچان

بکری کے بالوں سے بنا ہؤا تھیلا جو آٹا رکھنے کے کام آتا ہے ۔ گوچان گوالگ سے چھوٹا ہوتا ہے ۔

---

۱ - چوڑ وہ حلقے جو زمین پر گدان کے چاروں طرف گاڑے جاتے ہیں ۔

چمڑے کی بنی ہوئی چیزیں

چَـتّـوٹ

کچے چمڑے کے پاپوش جو میخ کے بغیر چمڑے ہی کے تسموں کی مدد سے بنائے جاتے ہیں -

کِـتّپ

چمڑے کا بنا ہاؤ چاقو پوش ، جوکمر بند کے ساتھ باندھا جاتا ہے -

اسپان یا بَـنْڈگان

چمڑے کی ساخت کی بوری (دنبے کی کھال سے) جو سفر کے لیے آٹا محفوظ رکھنے کے کام آتی ہے -

کُـردُم

لوہے کی باریک تاروں سے بنی ہوئی ، چھڑی ، جس پر چمڑے کا غلاف چڑھایا جاتا ہے - اس کے ایک سرے پر گول موٹا سکہ لگا ہوا ہوتا ہے - اور دوسرا سرا بیضوی شکل میں مڑا ہؤا ہوتا ہے - کردم ہاتھ میں تھامنے کی بجائے ، کمر میں باندھنے کے کام آتی ہے -

اِنـزکـّ

دنبے کی کھال سے بنایا جاتا ہے جو دودھ وغیرہ رکھنے اور مسکہ بنانے کے کام آتا ہے -

زکّت

لیلے کی کھال سے بنایا جاتا ہے اور صرف گھی رکھنے کے کام آتا ہے ۔ جیسا چھوٹا مشکیزہ ۔

کَلّی

یہ بھی لیلے کی کھال سے بنائی جاتی ہے لیکن اس میں صرف پانی رکھا جاتا ہے ۔

پتھروں سے بنی ہوئی چیزیں

تاپَنگ یا تافَنگ

پتھر سے تراشا گیا ایک تواسا ، جو ایک خاص روٹی (تافگی) پکانے کے کام آتا ہے ۔

ڈلونٔشک

ایک چکی نما پتھر جو چاول کا چھلکا صاف کرنے کے کام آتا ہے ۔ ڈلونک کا اُوپری پاٹ چھیددار ہوتا ہے ۔ جہاں سے چلانے کے دوران چھلکے نکلتے رہتے ہیں ۔

وانِک

وہ بڑا پتھر جو ندی کے کنارے رکھا جاتا ہے ۔ جو کپڑے دھونے اور پٹخنے کے کام آتا ہے ۔

وانٔک

وہ چپٹا گول پتھر جو دوائیں پیسنے اور کوٹنے کے کام آتا ہے جیسے پتھر کی سل ۔

مُشتِک

ایک گول سا پتھر جو وانک پر دوائیں کوٹنے اور پیسنے کے کام آتا ہے جیسے بٹا ۔

کُتِینٛدان

تین کتگوں سے بنایا ہوا پہاڑی چولھا ، جس پر تاپگ رکھا جاتا ہے -

کُتَگ

سخت اور گول پتھر جو کتندان کے لیے کام آتے ہیں -

اون کے بنے ہوئے بلوچی ساخت کے خاص کپڑے

شال یا ڈپّی

ایک بلوچی ساخت کا کپڑا جو عموماً بھورے یا سیاہ رنگ کے دنبے کے اون سے بنایا جاتا ہے - یہ کپڑا گون سے ملتے جلتے کوٹ کی ایک خاص قسم کے لیے استعمال کیا جاتا ہے - جسے شال یا ڈپی کہا جاتا ہے -

پیلہ

آسمانی رنگ کا ایک خاص ریشمی (بلوچی ساخت کا) دوپٹہ جو تقریباً ڈیڑھ گز لمبا اور ایک گز چوڑا ہوتا ہے - جس کے کناروں پر سونے کے ٹک اور پتے لگائے جاتے ہیں - یہ دوپٹہ پیلہ ، شادی کی پہلی رات دلھن کو پہنایا جاتا ہے -

سہنا

بلوچی ساخت کا ایک اور خاص قسم کا ریشمی دوپٹہ جو سبز رنگ کا ہوتا ہے یہ تقریباً چار گز لمبا اور ڈیڑھ گز چوڑا ہوتا ہے - یہ دوپٹہ شادی کے تیسرے دن پہنایا جاتا ہے -

منابس

ایک اور بلوچی ساخت کی چادر جو سات رنگوں سے (ریشم کے) بنائی جاتی ہے - اور حجلہ عروسی میں بچھا دی جاتی ہے - منابس بھی تقریباً چار گز لمبی اور ڈیڑھ گز چوڑی ہوتی ہے -

زمینداری سے متعلقات

نظام کار (اصطلاحات)

ُوا ہنڈ یا واجہ

مالک زمین

زمین دار

واہند سے خاص شرائط پر (جو ہر علاقے میں مختلف مقرر ہیں) زمین حاصل کرکے اپنی زیر نگرانی کاشت کروانے والا بلوچستان کی نظام کاشت کاری کے مطابق زمین دار کہلاتا ہے - جو واہند کو پیداوار کا ایک حصہ (پانچواں) ہر فصل پر دیتا ہے ، زمین دار کا یہ حق نگرانی اس کی وفات کے بعد اس کی اولاد کو خود بخود منتقل ہو جاتا ہے - گویا زمیندار مالک زمین کا ایک شریک حصہ دار ہوتا ہے -

َبزگَر

وہ مزارع جو زمین دار کاشتکاری کے لیے متعین کرتا ہے - بزگرکو معاوضہ کے طور پر پیداوار کا ایک خاص حصہ یا مقررہ رقم دی جاتی ہے - جو رواجاً مقرر ہوتا ہے لیکن اس کا حق کاشت کاری نسلاً بعد نسل منتقل نہیں ہوتا -

لَٹ ّ َبستہ

موروثی مزارع

َشریک یا َبجّک یا َبڈّی

وہ مزارع جس کا حق محنت اس کی منشا کے مطابق طے کیا جاتا ہے جو

نقدی یا پیداوار دونوں صورت میں ممکن ہے - یہ ایک عام مزدور کی طرح ہوتا ہے - جس کا حق محنت نسلاً طے شدہ نہیں ہوتا -

دہقان

تمام شریکوں کا نگران ہوتا ہے - جس کے حقوق شریک کی طرح متعین کیے جاتے ہیں -

سیہ تیر

نائب دہقان

اسُبن

نائب سیہ تر

سیہ شرتی

وہ کھیت جس کی پیداوار ، دہقان کو حق محنت کے طور پر دی جاتی ہے - بیج دہقان کو مقرر کرنے والے کے ذمہ ہوتا ہے اور کھاد کی فراہمی دہقان خود کرتا ہے

بڈ

دہقان کے شریک کا عوضانہ ، (نقد یا جنس)

زماندار

کھجور کی فصل کا ٹھیکہ لینے والا - جو اپنے شریک اور دہقان لگا کر فصل اٹھاتا ہے -

ہل چلانے اور بیج ڈالنے سے متعلقات

ڈال

بارش کی آمد سے پہلے زمین پر ہل چلانے اور اُسے ہموار کرنے کا عمل جس کا مقصد یہ ہے کہ زمین میں بارش کا پانی جذب ہو جائے یا غیر ضروری گھاس پھونس اٹھا لی جائے اور بیج ڈالنے کے لیے زمین نرم ہو جائے۔

کیڑی

زمین پر عام ہل چلانے کا عمل، زمین کو ہموار کرنے یا اس میں بیج ڈالنے کی غرض سے نہیں۔

سُول

ہل چلانے کا وہ عمل جو آب پاشی کے بعد زمین میں لمبائی کی سمت کیا جاتا ہے۔ اگر سُول کے بعد پھر بارش ہو جائے تو سُول کا عمل پھر دہرا دیا جاتا ہے۔

لیٹ

سول کے بعد زمین میں چوڑائی کی سمت ہل چلانے کا عمل،

بھاڑا

متوازی ہلوں کے سلسلے کے ٹوٹ جانے کا عمل؛ جو بعد میں درست کیا جاتا ہے۔

اوڑ یا پَل

ہل چلانے سے پیدا ہونے والی لکیریں (گہری)

سِدّی

وہ بیج جو سوٗل اور لیٹ کے بغیر بارش کے فوراً بعد بویا جاتا ہے -

نَڑ

تقریباً تین فٹ لمبی اور $\frac{3}{4}$ فٹ قطر کی کھوکھلی لکڑی جس کے ذریعے پَلوں میں بیج ڈالا جاتا ہے -

ٹُوٹی

نڑ کے اوپر کا قیف -

نَڑ بِیج

نڑ کے ذریعے ڈالا جانے والا بیج -

چَٹ بِیّج

چھڑکنے کے مخصوص بیج -

ھُژ بیّج

بارش کی آمد سے پہلے خشک زمین میں ڈالا جانے والا بیج -

مُوڑَغ

وہ بیج جو بارش کے بعد اُگنے کے قابل نہ ہو -

گِدڈی

گدڈی وہ حصۂ فصل جو فصل کاٹنے والوں کو عوضانے کے علاوہ بطور بخشیش دیا جاتا ہے -

لائی

وہ مزدور جنھیں فصل کاٹنے کے عوض فصل ہی کا کچھ حصہ دیا جاتا ہے -

ذخیرہ اور ناپ تول کے پیمانے

کُولی

زمین کے اُوپر بنا ہؤا مٹی کا ایک تنور نما ، گودام جو تقریباً آٹھ فٹ لمبا اور بارہ فٹ گولائی تک ہوتا ہے ۔ اناج بھر کر ، اسے اُوپر سے بند کردیا جاتا ہے اور سطح زمین کے ساتھ مناسب سوراخ سے کولی میں سے وقتاً فوقتاً اناج نکالا جاتا ہے ۔

کُشرم

اجناس کے لیے زمین دوز گودام جو تقریباً تین فٹ چوڑا اور بارہ فٹ لمبا ہوتا ہے ۔

سَرک یا کیلو

لکڑی کا ایک خاص برتن جو اناج ، گھی ، تیل وغیرہ تولنے اور ناپنے کے لیے معیار کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ مثلاً گندم کے لیے بائیس سَرک تین من کے برابر ہوتے ہیں ۔ اسی طرح دیگر اشیائے خوردنی مصالحہ جات وغیرہ کے لیے الگ الگ سرک مقرر ہیں ۔

چوتَڑا

سَرک کا چوتھا حصہ ۔

گواز

دونوں بازؤں کو پھیلانے کی لمبائی (انگل تک) گواز کہلاتی ہے ۔

سَرمُرد

پاؤں سے لے کر سر تک کی لمبائی - جو عام طور پر تقریباً سوا پانچ فٹ کے برابر ہوتا ہے - ناپ کا یہ معیار کنوؤں یا اونچی چیزوں کے لیے ہوتا ہے -

تِیر دَور

عام بندوق کی گولی یا کمان کے تیر کی پہنچ تک کا فاصلہ -

تاس

بلوچستان میں مشترکہ کاریزوں میں پانی کی تقسیم کا ایک خاص معیار - تاس تانبے کا ایک ہلکا چھوٹا سا برتن ہوتا ہے - جس کے اندر ایک بے انتہا باریک چھید کیا جاتا ہے اور پانی کے ایک بڑے برتن میں رکھ دیا جاتا ہے - جتنی مدت میں تاس پانی سے بھر جاتا ہے اور گر جاتا ہے؛ وہ ایک 'تاس' کی مدت کہلاتی ہے اور پانی کا وہ حصہ جو کاریز سے اس پوری مدت میں کھیت کو سیراب کرتا رہتا ہے؛ ایک ''تاساپ'' کہلاتا ہے،

تگار

مٹی کا بنا پانی کا بڑا ظرف جس میں ''تاس'' رکھ دیا جاتا ہے - تگار کہلاتا ہے -

پاد

تاس کا معیار صرف رات کی آب پاشی کے لیے مقرر ہے - دن کے وقت کاریز کے پانی کا تعین سائے اور اُس کے ناپ سے کیا جاتا ہے - اور اس کا معیار پاد کہلاتا ہے - ایک 'پاد' ایک پاؤں کے پنجے کی لمبائی کے برابر ہوتا ہے - پاد' وقت کے تعین کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے -

---

۱ - سردیوں کے زمانے میں دن کا سایہ دو ہنگام یعنی 48 تاس کے برابر ہوتا ہے - جس کو پاد سے ناپا جاتا ہے - گرمیوں میں دن کا سایہ ساڑھے تین ہنگام کی مدت تک رہتا ہے -

نوٹ: "سرمرد" ہمارے ہاں "سرمُردمت" سے ناپا جاتا ہے۔ [illegible]

ھَبہٌ

تین تاس کی مدت کا پانی ۔

تَنشُو

چھ تاس کی مدت کا پانی ۔

لیم ہَنگام

بارہ تاس کی مدت کا پانی ۔

ہَنگام

چوبیس تاس کی مدت کا پانی ۔

کاریز اور شُنچُک

کاریز

یہ بلوچستان کا ایک مشہور ذریعہ آب پاشی ہے جس سے سلسلہ در سلسلہ سرنگ دار کنوؤں کے ذریعے اونچی سطح کے حاصل کیے ہوئے پانی کو نیچی سطح کے کھیتوں تک لے جا یا جاتا ہے -

کَہن

کاریزوں کے سرنگ دار کنوئیں -

گُمانہ

کاریز کا سب سے گہرا اور سب سے اونچی سطح کا کہن جو پہلا کنواں ہوتا ہے -

ٹوپَکی

کاریز کے وہ دوسرے کہن جن میں پانی کا چشمہ پھوٹتا ہے -

نمبُور

کاریز کے کہن کو آپس میں ملانے والی سرنگ -

روُئینہ یا سرچاخ

کاریز کا وہ حصہ جو کنوئین کی بجائے گہرے نالے کی شکل اختیار کرتا ہے اور کھیتوں تک جا پہنچتا ہے -

نوٹ :- "نمبور" ہمارے یہاں "منسوب" کے نام سے جانا جاتا ہے - عمر

شَـوَن یا تَـڑ

سرچاخ یا روئیَنہ کا وہ حصہ جو کاریز کے درمیان بھی ہو سکتا ہے اور جس کے کنارے اترنے چڑھنے کا راستہ بنالیا جاتا ہے جس سے کاریز میں غسل کرنے یا کپڑے دھونے کے کام میں آسانی ہوتی ہے -

کَنَـّات یا کاریـز کش

کاریزوں کی صفائی وغیرہ کے پیشہ ور کام کرنے والے -

شُنچُک

یہ ایک چھوٹا نظام آب پاشی ہے جس کے ذریعےزمین کے اس حصے پر پانی لے جایا جاتا ہے جو سطح آب سے بلند ہو ، اس کی تشریح یوں کی جاسکتی ہے - کہ کھیت کے پاس ہی ایک گڑھے میں پانی جمع کیا جاتا ہے اور اس کے کنارے اوپر کی سطح پر ُکنٹ کے دو سَنگ گاڑے جاتے ہیں - جن پر تیر رکھ دیا جاتا ہے - تیر کے اوپر ایک لمبی مگر مضبوط لکڑی عموداً باندھی جاتی ہے - اس کے ایک سرے پر بھاری پتھر اور دوسرے سرے پر ایک چھوٹی لکڑی کے ذریعے ایک مشکیزہ نما بالٹی باندھی جاتی ہے اس صورت میں ایک طرف بھاری پتھروں کا وزن اور دوسری طرف بالٹی ، دونوں ایک spring کی شکل اختیار کرتے ہیں - گڑھے کے اندر ایک تختے پر کھڑا کسان ڈھول (سنکیزہ نما بالٹی) کھینچ کر پانی میں ڈبو دیتا ہے اور اسے اوپر چھوڑ دیتا ہے ، جو بھاری پتھروں کی وجہ سے اوپر آ جاتا ہے اور اس کا پانی نالی میں گرتا رہتا ہے : جس سے کھیت سیراب کیا جاتا ہے -

شُنچوک

ُشنچک کا کام کرنے والے -

شُنچنا

شنچوک کا عمل ، (مورّد)

گلہ بانی

گلّے

رمَگ

بکریوں کا گلہ ۔

سیگڑھ یا سیہڑھ

دنبوں کا گلہ ۔

زاغل

بکری کے بچوں کا گلہ ۔

گشورپَڑ

دنبوں کے بچوں کا گلہ ۔

بگّ

اونٹوں کا گلہ ۔

ہتّرکل

اونٹوں کے بچوں کا گلہ ۔

گورُم

گائے بیل کا گلہ ۔

گابیڑ

بچھڑوں کا گلہ ۔

گَلَگ

گھوڑوں کا گلہ -

باہِر

گدھوں کا گلہ -

رَم یا ولَرّ

پرندوں کا اُڑتا ہوا جُھنڈ -

جَہار

پرندوں کا فصل پر بیٹھا ہوا جُھنڈ -

گَیسَغ یا گَلسَگ

کتوں کا گلہ -

ہاریں گورم

گائے بیلوں کے گلے در گلے -

لوٗدھ

بھیڑیوں کا گلہ -

چوپایوں کے بچے مختلف عمروں میں

بکری کے بچے

شِنِک

زیادہ سے زیادہ چار ماہ کی مدت تک کا بچہ (نر بھی مادہ بھی)

ترشِتر

چار ماہ سے دانت توڑنے کی عمر تک کا بچہ (نر)

کِتاچ

چار ماہ سے دانت توڑنے کی مدت تک کا بچہ (مادہ)

پاچِن

دانت توڑنے کی مدت سے بعد تک کی عمر کا بکرا ۔

بُز

دانت توڑنے کی مدت سے بعد تک کی عمر کی بکری ۔

دنبی یا بھیڑ (مادہ) کے بچے

گُورَگ

زیادہ سے زیادہ چار ماہ کی مدت تک کا بچہ (نر یا مادہ)

کَٹّور

چار ماہ سے دانت توڑنے کی مدت تک کا بچہ (نر)

پُلاٹ

چار ماہ سے دانت توڑنے کی مدت تک کا بچہ (مادہ)

گُرانڈ

دانت توڑنے کی مدت سے بعد تک کا دنبہ (نر بھیڑ)

میش

دانت توڑنے کی مدت سے بعد تک کی دنبی (مادہ بھیڑ)

گائے کے بچے

گوسک

اندازاً چھ ماہ تک کی عمر کا بچہ (نر یا مادہ)

ٹاب

تقریباً چھ ماہ کی مدت سے دانت توڑنے کی عمر تک کا بچہ (نر)

پُرآپ

چھ ماہ کی مدت سے دانت توڑنے کی عمر تک کا بچہ (مادہ)

کارِیگَر

دانت توڑنے کی مدت سے بعد تک کا بیل -

ڈگیّ یا مادَگ

دانت توڑنے کی مدت سے بعد تک کی گائے -

گھوڑے کے بچے

کُتّرگ

چھ ماہ تک کا بچہ (نر یا مادہ)

لَونڈ

چھ ماہ سے دانت توڑنے کی مدت تک (نر)

بِہان

چھ ماہ سے دانت توڑنے کی مدت تک (مادہ)

مَتر

لونڈ یا بہان جو اب تک کام میں نہ لایا جاسکا ہو (نر یا مادہ)

نَریان

دانت توڑنے کی عمر سے بعد تک (نر)

مادیان

دانت توڑنے کی عمر سے بعد تک (مادہ)

اونٹ کے بچے

جُڑُک

چار ماہ تک کی عمر کا بچہ (نر یا مادہ)

ہُرک

تقریباً ایک سال کی عمر تک (نر یا مادہ)

کَوانٹ

دانت توڑنے تک کی عمر کا بچہ (نر)

پُرآپ

دانت توڑنے تک کی عمر کا بچہ (مادہ)

لیٹرہ

دانت توڑنے کی عمر سے بعد تک کا اونٹ ۔

ڈاچی

دانت توڑنے کی عمر سے بعد تک کی اونٹنی ۔

چوپاؤں کے باندھنے کے لیے مخصوص مقامات

جھوک

اونٹ کے باندھنے کا مقام

جُتّب

بھیڑ بکریوں کے لیے مخصوص جگہ (سردیوں کے لیے)

واڑ

بھیڑ بکریوں کے لیے مخصوص جگہ (گرمیوں کے لیے)

کُڑ

گائے بیل کے لیے -

کُنڈّی

گوسک یا روڈ (گائے کے بچے) کے لیے -

باڈر

اصطبل سے مختلف ، بغیر چار دیواری کے ، گھوڑے کو بارش کے زمانے میں ٹپر یا موٹی چادروں سے لپیٹا جاتا ہے جو بوہاڈر کہلاتا ہے ،

دیگر متعلقات

(الف)

کاکم

مال مویشیوں کے بچے جو پیدائش کے بعد اٹھنے کے قابل نہ ہوں ۔

ریجی

وہ چوپائے جو پہاڑوں پر چلنے کے عادی نہ ہوں ۔

کُوہی

وہ چوپائے جو پہاڑوں پر چلنے کے عادی ہوں ۔

تلیٹ

ریجی جانوروں کا پہاڑوں پر جانے اور سموں کے زخمی ہونے کی وجہ سے لنگڑا کر چلنے کو تلیٹ کہتے ہیں ۔

جیذ یا زید

وہ خاص شکار گاہ یا چراگاہ جہاں مال مویشی یا دوسرے جانور درندے وغیرہ آ جمع ہوتے ہیں ۔ زید کے لیے جانور عادی ہوتے ہیں اور گم ہونے کی صورت میں اکثر زید ہی میں ملتے ہیں ۔

وَہلارو

ایک خاص موسم میں چوپاؤں کا چرتے چرتے اچانک بھاگ کھڑا ہونے کا عمل ۔

پیش کارچ

وہ چوپائے جو ذبح ہونے سے پہلے مر جائیں (بیماری وغیرہ کی وجہ سے)

تانگ

موسم کی تبدیلی کی وجہ سے چوپایوں خصوصاً اونٹ کا اپنی پرانی چراگاہوں کی طرف بھاگنے کی کیفیت ۔

تانگنا

تانگ کا مصدر ۔

زَنک

کسی چوپائے کے بچہ جننے کی حالت ، جس سے اس کی عمر کا حساب لگایا جاتا ہے جیسے یک زنک ، پہلا بچہ جننے والا چوپایا ، دو زنک ، دوسرا بچہ جننے والا چوپایا وغیرہ وغیرہ ۔

کُردوک

وہ جانور جو بدکنے کے عادی ہوں ۔

چُنّری

نیا نیا بچہ جننے والی اونٹنی ۔

ہِڈک

وہ چھوٹا بیل ، جو ہل چلانے یا باربرداری کے قابل نہ ہو ۔

گَمگیر

وہ گھوڑا جو بدکنے کے وجہ سے یقین کی حد تک سواری کے ناقابل ہو ۔

ہنجاہ

عام چوپائے کو باندھنے کا خاص مقام ۔

جھوک

اونٹ کے گلے یا گائے بیلوں کے سونے لیٹنے کے نشانات ۔

گُل سیہ

وہ خاص قسم کی بڑی میخ جو گھوڑے یا گائے یا گدھے کو باندھنے کے لیے ہنجاہ میں گاڑی جاتی ہے ۔

(ب) بھیڑ بکریاں

چیک

وہ بھیڑ بکریاں جو چرواہے کی مدد کے بغیر ، چراگاہ جا کر چرنے اور واپس آنے کی عادی ہوں ۔

رنٹ

وہ بھیڑ یا بکری جو تھن سوکنے کی وجہ سے دودھ نہ دیتی ہو ۔

شیر بنَد

وہ بھیڑ یا بکری جو کچھ عرصہ کے لیے دودھ دینا بند کر دے ۔ کسی بیماری وغیرہ کی وجہ سے ۔

وت شیر یا خدا شیر

وہ بھیڑ یا بکری جو قبل از وقت (بچہ جننے سے پہلے) دودھ دینے لگی ہو ۔

ڈوہ

بھیڑ یا بکریوں کو یک جا کر کے دوہنا ۔ یعنی رمگ کا رمگ یا میہڑہ کا

سیہڑھ ایک ساتھ دوہنے کا عمل ۔

دینی یا دینو یا دیوڑی

وہ بھیڑ یا بکری جو کسی کو امانت کے طور پر دودھ پینے کے لیے دی جاتی ہے ۔

دَروُش

وہ نشان جو بھیڑ یا بکری کے کان یا بالوں کو کاٹ کے بنایا جاتا ہے تاکہ ریوڑ میں آسانی سے پہچانی جا سکے ۔

اِکی لا

دروش زدہ بکری یا دنبہ ۔

ھیٹو

وہ بکری جو بھیڑوں کے ساتھ چرے ۔

گھان

ایک دوا ، جو بھیڑ یا بکری کے تھنوں میں اس لیے لگائی جاتی ہے کہ اس کا بچہ اس کا دودھ نہ پی سکے ۔

چتّی یا کُو َرگ

بکری کے مود (بال) میں ایک سرخ سا بال جو روئی کی طرح ملائم ہوتا ہے ۔

سیل

اگر بکری کا بچہ پیدا ہوتے ہی مر جائے ، تو اس کا پیٹ چاک کرکے اس کے اندر اس کا شیردان نکالا جاتا ہے ۔ جو پنیر بنانے کے کام آتا ہے ۔ یہ شیر دان سیل کہلاتا ہے ۔

پاڑیک

وہ بندی خانہ جہاں سے عوضانہ دے کر فصل خراب کرنے والے بھیڑ یا بکری کو نکالا جا سکتا ہے - یہ مقام عموماً قبیلے کے میر یا مقبر کے زیر نگرانی ہوتا ہے -

عوضانے

ڈروڈ

سالانا معاوضہ جو چرواہے کو دیا جاتا ہے ۔

چار ک

ہر چار سال کے بعد کا معاوضہ چارک کہلاتا ہے ۔

سَربَندی

ایک خاص معیاد کے لیے مقررہ رقم جس کی ادائیگی کے ساتھ بھیڑ بکریوں کے پیدا ہونے والے بچوں کی تعداد کا نصف بھی معاوضہ کا لازمی حصہ ہوتا ہے ۔

لاپ شریکی

ایک خاص معاوضہ جس کے تحت بھیڑ بکریوں کا نصف حساب اور اس کے ساتھ دودھ ، گھی وغیرہ بھی چرواہے ہی کو ملتا ہے ۔ لیکن ملکیت اصل مالک کی رہتی ہے ۔

گھال

چالیس دنبے پر ایک دنبہ جو رضا کارانہ طور پر قبیلے کے سردار کو دیا جاتا ہے ۔

سوبجہ

وہ معاوضہ جو گم شدہ بھیڑ یا بکری کی نشان دہی یا خبر لانے والے کو دیا جاتا ہے ۔

بُنْگاہ

وہ پیشگی رقم جو گمشدہ بھیڑ یا بکری کو ڈھونڈ کر لانے کے لیے دی جاتی ہے ۔

امراض حیوانات

جو گیِر

گھوڑوں کی ایک خاص بیماری ، جو شدت گرمی میں زیادہ غلہ کھانے اور اس پر پانی پی لینے سے پیدا ہوتی ہے ۔ اس عارضہ میں گھوڑا چلنے پھرنے سے معذور ہوتا ہے ۔

چارَو

چوپایوں کی وہ بیماری جس سے ان کے پیروں کی ایڑی میں زخم پڑتا ہے ۔ یا کیڑا نکلتا ہے ۔

رال

چوپایوں کے پیٹ میں کیڑا پڑنے کی بیماری ۔

بی زارَو

اس عارضہ میں مبتلا چوپایوں کی ناک جمتی ہے آنکھ سے پانی بہتا ہے ، اور سر ہلتا رہتا ہے ۔

رِی

جانوروں کے دست آنے کی بیماری ۔

ٹاک

چوپایوں کا ہیضہ ۔

گَلِسی

اس بیماری میں چوپایوں کی گردنیں پھول جاتی ہیں اور وہ کھانے پینے سے معذور ہو جاتے ہیں -

سیذ یا سِید

چوپایوں کے بدن کی ایک خاص رگ ٹوٹنے کے نتیجے میں دست آنے کا عارضہ -

ساٹئو

ٹائی فائیڈ -

ہِڈکا

وہ بیماری جس سے جانوروں میں خصوصاً گدھوں اور گھوڑوں کا پچھلا دھڑ ٹیڑھا ہو جاتا ہے -

مَلَو

اس بیماری میں چوپایوں کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں -

بشود

ایک کیڑا جو ہمیشہ دبلے پتلے چوپایوں کو لگتا ہے -

چُچڈ

ایک خاص کیڑا جو گھوڑوں کے پچھلے اور نچلے دھڑ میں چمٹا ہوتا ہے -

ڈنگ

ایک بڑی مکھی جو گھوڑوں اور کتوں کو کاٹتی ہے جسے اردو میں بگ کہتے ہیں

مَزِیری

لاغر جانوروں کی جلد کے اندر ایک کیڑا ، جو آہستہ آہستہ بڑھتا رہتا ہے اور جلد کے پھٹ جانے کے بعد نکلتا ہے اور زخم چھوڑ کر اڑ جاتا ہے -

مَشوہَل

وہ بیماری جس سے جسم کا ایک خاص حصہ پھول جاتا ہے اور پھٹ جاتا ہے -

شیِ سُک

وہ زخم جس سے بدن میں زہر پھیلتا ہے -

سرِ گین

گھوڑوں یا باربرداری کے جانوروں کا زکام -

چوپایوں کے باندھنے کے خاص طریقے

اشکیل[1]

ایک مضبوط رسا جس کے ذریعے چوپایوں کے ، خصوصاً گھوڑوں یا گدھوں کے اگلے اور پچھلے پاؤوں کو اس طرح باندھا جاتا ہے کہ وہ آسانی سے بھاگ یا دوڑ نہ سکیں اور ایک ہی جگہ گھوم پھر کر چرسکیں ۔

پڈتی

وہ لکڑی جو گایوں یا بیلوں کے اگلے پاؤں میں رسیوں کی مدد سے باندھی جاتی ہے ۔ جن سے ان کو بھاگنے میں دشواری ہوتی ہے ۔

تَنَنْد

رسیوں کا ایک جال ، جو زاغل اور گورپڑ (بھیڑ بکریوں کے بچوں) کو باندھ رکھنے کے کام آتا ہے ۔

بُلُم

وہ رسا جو بھیڑ بکریوں کو باندھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ بلم ان چھوٹی چھوٹی رسیوں کو بھی کہتے ہیں جو بنجاہ کی گل میهون میں لگی ہوئی ہوتی ہیں ۔ جن سے بھیڑ بکریوں کو الگ الگ باندھا جاتا ہے ۔

---

[1] ۔ اشکیل کرنا یا اشکیلنا اس طور کی پابندی کے لیے مورد صورت میں کہا جا سکتا ہے ۔

نوٹ : بُلُم ۔ پشتو کے بُلُم کا ہم گوش رنت یعنی پشتو کا ایک متبادل ۔
بھیڑ بکریوں کے پاؤں باندھنے والی چھوٹی چھوٹی رسیوں کو جوڑنے کی نیام میں سوئی جب ...
ہو سکتا ہے ...

ڈھنگ

گایوں کو دوہنے کے لیے ان کے پچھلے پاوؤں کو باندھنے کا طریقہ ۔

کید

اونٹ کے اگلے ایک پاؤں کا گھٹنوں میں موڑ کر گردن پر باندھے جانے کا عمل کہ وہ آسانی سے اُٹھ نہ سکے ؛ کید کہلاتا ہے ۔

جالگ

کپڑے کا وہ تھیلا جو بھیڑ یا بکریوں کی تھنوں سے باندھا جاتا ہے تاکہ سورت (بھیڑیا بکری کا بچہ) ان کا دودھ نہ پی سکیں ۔

پُروم

ایک خاص قسم کی مٹی جو گائے کے تھنوں میں لگائی جاتی ہے ۔ تاکہ بچھڑے اس کا دودھ نہ پی سکیں[1] ۔

سَلہاڑ

بہت سے گدھوں کا ایک ساتھ (پچھلے پاؤں) باندھا جانا کہ وہ آسانی سے مل کر چر سکیں اور بھاگ کر بھٹک نہ سکیں سہاڑ کہلاتا ہے ۔

درؔگ

کئی گھوڑوں کا ایک ساتھ باندھا جانا ۔ (گھاس پھونس چرنے کے لیے)

کـئـوتل

چوپایوں کو گھسیٹ کر ساتھ لانے کو ، کوتل کہتے ہیں ۔

---

۱ ۔ بچھڑوں کے منہ پر بعض اوقات سند کے چھوٹے چھوٹے تھیلے بھی باندھے جاتے ہیں ۔

کشوتل کرنا

مصدر مورد ۔

سرم ساد

گدھے کے منہ میں ایک خاص طریقہ سے رسی ڈال کر سواری کی جاتی ہے جو لگام کا کام دیتی ہے ۔

گوشش

اونٹ کی ناک میں چھید کرکے اس میں ایک باریک اور مضبوط رسی ڈالی جاتی ہے جسے گوسس کہتے ہیں ۔

بوتانی

بوتانی وہ خاص رسا جو گھوڑے کے منہ پر باندھا جاتا ہے ۔

قدرتیات

زمین سے متعلق

ڈَلّ

پہاڑ کا وہ نشیبی دامن جو ندی نالوں کے پانی سے محفوظ ہو -

ڈال بار

وہ زمین جس کی سطح پر سیلاب کے جمع کیے ہوئے پتھر ہوں ؛ مگر اندرونی طور پر پتھریلی نہ ہو ،

مَٹ بال

وہ زمین جس پر سیلابی مٹی کی تہیں جم گئی ہوں -

ڈاک

سفید زمین جس پر روئیدگی نہ ہو سکتی ہو -

ڈُڈّ گ

وہ زمین جو پانی کو جذب کرنے کی اہلیت نہ رکھتی ہو -

مَتّٹ تَشرک

وہ زمین جس پر سیلابی مٹی کی تہ خشک ہو کر اکھڑ جاتی ہو -

سئور گ

وہ زمین جس میں پانی جذب ہونے کے بعدسفید شورے کی پتلی سی تہ اوپرکو

ابھرتی ہو (لیکن اس قسم کی زمین فصل دیتی ہے - خصوصاً پیاز ، تمباکو
اور سبزی کی عمدہ فصل)

ریک مال

وہ زمین جس کی مٹی میں ریت کی ملاوٹ ہو -

سیک

وہ زمین جس کی مٹی میں بجری کی ملاوٹ ہو -

سیہ زمین

وہ زمین جس کی رنگت ہلکی سیاہی مائل دکھائی دیتی ہو -

سُہر زمین

وہ زمین جو ہلکی سرخی مائل دکھاتی ہو -

کسّچ یا بَسشت

زمین کا وہ چھوٹا سا ٹکڑا جو پہاڑی ندی نالوں کے کنارے کنارے اس
طرح سے بنایا جاتا ہو کہ وہ سیلاب کے زور سے بھی محفوظ رہے اور
اس سے (چھوٹی نالیوں کے ذریعے) سیراب بھی ہوتا رہے -

لَٹوپ

وہ زمین جس کے تین اطراف پہاڑیاں ''نال'' کی صورت پھیلی ہوئی ہوں -

کَٹورُک

نرم اور خشک زمین کو کھودنے کے بعد جو سخت چٹانیں نکلتی ہیں ۔کورک
کہلاتی ہیں -

شُتر

کاریز یا کنوؤں کے اندر کی سخت اور چٹانی زمین -

سرگتہ

کھیتوں کا وہ حصہ جو پہاڑ کی جانب ہو۔

بنشگہ

کھیتوں یا بندات کا نشیبی حصہ

سر

کھیتوں کی نسبتاً بلند سطح جہاں پانی با مشکل چڑھ سکتا ہو۔

پائینا

کھیتوں کی نسبتاً نشیبی سطح جہاں پانی آسانی سے اتر سکتا ہو۔

شنز

ندی نالوں کے کنارے سبز رنگ کی مٹی۔

دوبا

تر مٹی کے بڑے بڑے پیڑے جو اٹھانے کی سہولت کے لیے بنائے جاتے ہیں۔

مٹ

ایک سفید سی باریک اور ملائم مٹی کی تہ جو بارش کا پانی بچھا جاتا ہے۔

میٹ

سخت مگر صاف زرد یا سفید رنگ کی مٹی جو بالوں کو دھونے اور صاف کرنے کے کام آتی ہے اور صابن کی طرح اس میں جھاگ بھی پیدا ہوتے ہیں۔

پل

زمین کے اندر وہ گہری لکریں جو ہل چلانے سے پیدا ہوتی ہیں۔ جنھیں

بیج ڈال کر مَشْرزا[1] جاتا ہے -

ریج

وہ نمی جو زمین کو کاشت کے قابل بنا دیتی ہے -

بینٹ یا بیٹ

زمین کا وہ حصہ جو اپنی ذرا سی اونچائی کی وجہ سے پانی کے بہاؤ سے محفوظ رہے اور پانی کا بہاؤ اس کے دائیں بائیں سے گزر جائے -

تَلّو

بارش کے پانی کا کمروں یا برآمدے کی طرف بہاؤ کو روکنے اور سردیوں میں دھوپ سینکنے کے لیے تقریباً $\frac{3}{4}$ فٹ بلند ایک مستطیل نما زمینی فرش جو تَلّو کہلاتا ہے -

جُنب

ہموار زمین میں کہیں کہیں اُبھرا ہوا حصہ -

دَنْب

مٹی کے ڈھیر جو آثار قدیمہ کی نشان دہی کرتے ہوں -

---

۱ - مَشْرزا، مشرزنا مصدر سے ، جس کا مطلب ہل کو برابر کرنا ہے -

پہاڑوں سے متعلق

گشورَغ

سفید یا سرخ رنگت کی پہاڑی ۔

شیِرو

پکی مٹی کی پہاڑی ۔

تیہَر

پہاڑوں کا پھیلا ہوًا سلسلہ ۔

ھشی

اونچا اور بلند پہاڑ ۔

درنگ

پہاڑ کا لمبا ، اور قدرتی چھجہ نما حصہ ؛ جس پر آسانی سے چڑھا اور اترا نہ جاسکے ۔

کَروُد

درنگ سے نسبتاً چھوٹا اور غیر مضبوط ۔

کَنڈگ

پہاڑوں کے درمیان نسبتاً کم مرتفع چڑھائی ۔

جڑّو یا تلنشب

پہاڑی کا ایسا حصہ جو آڑ کا کام دے اور بارش وغیرہ سے محفوظ رہنے میں مدد دے یہ درنگ سے چھوٹا ہوتا ہے -

تلانگ یا تلار

ایسی پہاڑی سطح جو انتہائی صاف اور سخت ہو ؛ جس پر بمشکل چڑھا جا سکے -

تیلیٹ

تلانگ کا دشوار گزار راستہ -

رہ لغ

پہاڑی سلسلوں کے کنارے کنارے طویل ترین راستہ جو انتہائی دشوار گزار اور خطرناک ہوتا ہے -

گتر

پہاڑیوں کے درمیان تقریباً غیر مرتفع راستہ یا حصہ -

تنشک

مسلسل پہاڑوں کا درمیانی راستہ -

تل

پہاڑوں کے درمیان مختصر زمین -

سنٹ

پہاڑی سلسلوں کا موڑ -

گَسْٹ

پہاڑی ، جو دو بلند پہاڑوں کے درمیان بند کی طرح حائل ہو ۔

تِیگْر

وہ چٹان جس سے پانی کی قدرتی تقسیم ہوتی ہو ۔

بُوہَشْنُوْ

وہ مقام جہاں پانی کو تقسیم کیا جاتا ہو ۔

رود

انتہائی سخت چٹان ۔

کِشْک

پہاڑوں کی ایسی پگ ڈنڈی جو کسی واضح منزل کی نشان دہی نہ کر سکتی ہو ۔

مانتّر[1]

ایسا راستہ جو کسی پہاڑی کے گردا گرد ہوکر آگے کو نکلتا ہو ۔

رُنگ راہ

پہاڑی Short cut ۔

گَبَر بَنْد

بلوچستان میں آثار قدیمہ کے پہاڑی بند جو قبل از اسلام کے ایرانیوں کے نام سے منسوب ہیں ۔

---

۱ ۔ مانتر پیش بندی کو بھی کہتے ہیں ۔

کور تگار

پہاڑیوں میں جمع شدہ پانی کی نکاسی کا سب سے چھوٹا راستہ ۔

تگار

کور تگار سے بڑا ، نالہ ۔

چُتّر

تگار سے بڑا ، طویل پہاڑی نالہ ۔

شانک

گر سے پھوٹا ہوا پانی کا راستہ جو پہاڑ ہی کے اوپر ہوتا ہے ۔

پانچ

پہاڑ میں شانک سے پھوٹا ہوا پانی کا راستہ ۔

شیلہ

پہاڑوں کے اوپر سے بارانی پانی کا سب سے بڑا راستہ ۔ جس کا رخ زمین کی طرف ہوتا ہے ۔

بادل اور بارش

َرگام

بادلوں کا موسم ۔

بَشّام

گرمیوں کی بارش کا موسم ۔

سَنْج[1]

غروب آفتاب کے وقت شعاعوں کی وجہ سے سرخ نظر آنے والے بادل ۔

نَوْد

نرم اور ہلکے بادل جو بہار کے موسم میں صبح کے وقت چھا جاتے ہیں اور دھوپ نکلتے ہی چھٹ جاتے ہیں ۔ نود کبھی کبھی ہلکا ہلکا برستا بھی ہے ۔

کُوہ کیتّر

وہ سفید اور اٹھتے ہوئے بادل جو بارش چھٹ جانے کے بعد پہاڑوں کی چوٹیوں پر اُبھرتے ہیں اور جو دوبارہ بارش لانے کی علامت سمجھے جاتے ہیں ۔

گیتْلو

بادلوں کے ٹکڑے جو بارش کے بعد پہاڑوں کی چوٹیوں کو چھپا دیتے ہیں

---

۱ ۔ سنج بلوچی میں دھنک کو بھی کہتے ہیں ۔

گیتلو میں پہاڑ کبھی مکمل طور پر نظر نہیں آتا ۔

کاہُر

وہ گہرے اور تاریک بادل جو سمندر میں بارش کا طوفان لاتے ہیں ۔

گوڈنگ یا پُتّہ

بادل کے زرد رنگ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ۔

شیشنک

ہلکے ہلکے اور نیلے بادل جو سطح آسمان پر چادر کی طرح تن جاتے ہیں۔

پَیاپ

پر آب بادل ، ایسے بادل جو برسنے ہی والے ہوتے ہیں ۔

اِستین

گہرا کالا دھوئیں کی طرح اٹھتا ہوا بادل ۔

جُڑ

وہ بادل جو ہوا کے جھونکوں سے پُڈّوں سے مجتمع ہوتا جائے ۔

جیہَر

آب شار کی سی دھار رکھنے والی بارش ۔

لَسّی یا لَشّ

ہلکی کم کم مگر متواتر کئی روز تک برسنے والی بارش ۔

پُڈّا[1]

ہلکی معمولی بوندا باندی ۔

---

۱ ۔ پڑ روئی کی طرح نرم ۔

آب بند

سردیوں کا وہ خاص موسم جس میں پانی کے جم جانے کا امکان ہوتا ہے ۔

جڑ سا یا سائیل

بادلوں کا سایہ ۔

ڈنگا

گھرے چھائے ہوئے بادلوں میں بارش کی پہلی دھار جو دور سے نظر آئے ۔

چمک اور روشنی کے متعلقات

لاشٹ

دور سے نظر آتی ہوئی آگ کا شعلہ ۔

شمّال

جلتی بجھتی روشنی ۔

سرامرنشک

جلتی بجھتی لو ۔

لہشک

خفیف سی چمک ۔

جلشک

ستاروں کی چمک ۔

چیلشک

بجلی کی چمکتی لکیر ۔

شمشم

بجلی کی دبتی اُبھرتی روشنی ۔

گروشک

تیز اور آنکھوں کو چندھیانے والی چمک ۔

ہوائیں اور موسم

رُوہشو

سرد ہواؤں کی لہر ۔

پالو

وہ سرد ہوا جس سے درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں ۔

ڈکّ

ہوا کے بغیر سردی کی سخت ترین لہر ۔

تہار گشوات

غبار آلود بھیگی ہوائیں جو بارش کا طوفان لاتی ہیں ۔

پَشّگ

ہلکی سرد ہوا جو صبح کے وقت یا بارش کے بعد چلتی ہیں ۔

چِلّگ

بلوچستان میں سال کو موسم کے لحاظ سے نو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ہر حصہ چالیس دن کا ہوتا ہے جو چِلّگ کہلاتا ہے ۔ ہر چِلّگ کا ایک مخصوص نام ہوتا ہے جو الگ موسمی خاصیتوں کی بنا پر رکھا گیا ہے ۔ جیسے خشک چلگ ، چلگ تر ، چلگ سیاہ ، وغیرہ ۔

بَند

ہر چلگ کو الگ خاصیتوں کی بنا پر تین "بند" میں تقسیم کیا گیا ہے جو تیرہ تیرہ دن کا ہوتا ہے ۔

پانی سے متعلق

لـَـوکاف

سیلاب کا تازہ پانی -

سیہ آف

کاریز یا چشموں کا جاری پانی -

چَـکّل

پہاڑی چشمہ -

کانی

پہاڑوں میں قدرتی یا بنائے ہوئے گڑھے جس میں بارش کا پانی جمع ہوتا رہتا ہے جو مسافروں اور ریوڑ وغیرہ کے استعمال کے کام میں آتے ہیں - یہ گڑھے کانی کہلاتے ہیں -

گـور م یا کُنـب

پہاڑی نالوں میں گہری قدرتی جھیلیں جو سیلاب کے پانی سے گھٹتی بڑھتی اور مٹتی رہتی ہیں -

لیپ شالـک

وہ نشان یا لکیریں جو سیلاب کا پانی ندی کے کناروں پر بنا جاتا ہے -

اُوشانک

ندی نالوں کے درمیان ٹھہرا ہؤا پانی ۔

پتَار

وہ لکڑی کوڑا کرکٹ وغیرہ جو سیلاب کا پانی دریا کے کنارے چھوڑتا جاتا ہے ۔

تا آف

کھیتوں یا فصلات کو کچھ مخصوص اور مقررہ مدت تک بغیر پانی کے رکھنے کا عمل ۔

هٔوشام

نہ بجھنے والی پیاس ، جو ایک قسم کی بیماری بھی ہوتی ہے ۔

کور چاہ یا کور دُون

وہ کنواں جو گہرا مگر بے آب ہو ۔

کَلڈچات

وہ کنواں جو منہدم ہو چکا ہو ۔

چات

ندی کا ایسا پانی جو کہیں زیر زمین ہو اور کہیں ظاہر ہو ۔

کاناف

پانی کی وہ مقدار جو ایک ہی بار پیاس بجھانے کے لیے کافی ہو ۔

لَشوبی

بارش کے دوران بڑے بڑے پتھروں کے گڑھوں میں جمع شدہ پانی ۔

سرگشوار

بارش کا وہ پانی جو کھیتوں کو سیراب کرتا ہو ۔ براہ راست ، ندی یا نالے کی مدد سے نہیں ۔

چُلتّر

بارش کا پانی جو پہاڑوں یا سڑکوں پر (بارش کے بعد) کہیں کہیں جمع ہؤا ہو ۔

ھشور

ساحل سمندر کا وہ حصہ جہاں رات کے وقت مد و جزر سے پانی جمع ہوتا ہو ، اور دن میں سوکھ جاتا ہو ۔

شیب

پہاڑ کے دامن کا ڈھلوانی نالہ ۔

گشوز

بارشوں کے زمانے میں پہاڑوں کے قریب چھوٹی چھوٹی جھیلوں سے پانی نکالنے کے لیے راستہ بنایا جاتا ہے جو گوز کہلاتا ہے ۔

تفریحات

نغمہ و ساز

مالد

حمد ، نعت اور منقبت کے گیت جو صوفی منش حضرات کی پسند پر شادی بیاہ کی تقریبات یا بچے کی پیدائش کے موقعے پر گائے جاتے ہیں۔ یہ گیت ایک خاص قسم کے دف کے ساتھ گائے جاتے ہیں - جو 'سا' کہلاتے ہیں ، مالد کے درمیان گرز بازی بھی کی جاتی ہے -

مالدی

مالد گانے والے مردوں کی ٹولی ، یہ پیشہ ور گانے والے تقریبات پر بھی بلائے جاتے ہیں اور بن بلائے بھی آ کر گاتے اور صدقہ یا خیرات لے جاتے ہیں -

مِل

یہ ایک قسم کے دعائیہ گیت ہوتے ہیں - جو 'مل جن' شادی کی صبح بن بلائے آ کر گاتے اور خیرات لے جاتے ہیں -

مِل جن

مل گانے والے : جو صرف مذہبی درس گاہوں کے طلبا ہوتے ہیں - بعض دفعہ درس گاہ کے مولوی صاحبان بھی ان کے ساتھ آتے ہیں -

ہوسی

مل کے گیتوں میں وہ مکرر 'لفظ' جو کورس میں ادا کیا جاتا ہے -

دمال

موسیقی کے ذریعے مست ہو کر کسی کی بیماری کا علاج یا چوری کا حال معلوم کیا جاتا ہے ۔ یہاں بلوچستان میں ساز و آواز کے اس اہتمام کو دمال کہتے ہیں ۔

شیک شیک

دمال میں مست ہو کر سراغ لگانے والے ۔

شے پرجا

ایک قسم کا یک طرفہ لیکن بڑا ڈھول ، جسے زمین پر کھڑا کر کے بجایا جاتا ہے ۔ شے پرجا بجانے کے ساتھ ساتھ اس کے ارد گرد گھوما اور ناچا بھی جاتا ہے ۔

سُروز

ایک قسم کا بلوچی ساز جو سارنگی سے ملتا جلتا ہے اور بلوچی کلاسیکی موسیقی میں عام طرر پر استعمال ہوتا ہے ۔

دنبورگ

ایک اور قدیم بلوچی ساز جو شکلاً ستار سے مماثل ہے اور ڈھولک یا طبلے کی جگہ لے کو برقرار رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

چنگ

ایک بلوچستانی ساخت کا ساز جس میں ایک تارلگا ہوتا ہے ۔ قریباً چھ انچ لمبا یہ ساز دانتوں میں داب کے انگلیوں کی مدد سے بجایا جاتا ہے ۔

نڑ یا گیرو

بانسری سے بڑا اور الغوزہ سے ملتا جلتا ؛ یہ خاص ساز کے بجاتے وقت ایک اور فنکار کی ضرورت ہوتی ہے جو اس سے سر ملا کر داستانگ چھیڑتا ہے ۔

َداستانگ یا َدستان

وہ مخصوص گیت جو سر ملا کر اڑ کے ساتھ گائے جاتے ہیں ۔ یہ گیت عموماً چرواہے بھیڑ بکریاں چراتے وقت گاتے ہیں جو اکثر رزمیہ ہوتے ہیں۔

صوت

مختلف الموضوع لوک گیت ، جو مضامین کے تنوع کی وجہ ہر موقع محل پر گائے جاتے ہیں ۔

لاڈوگ

کورس میں گایا جانے والا گیت ۔ جو شادی بیاہ کی تقریبات میں خصوصیت سے مقبول ہے ۔ ان گیتوں میں لفظ ''لاڈوگ'' کی تکرار لازمی ہوتی ہے ۔

ہالو

دواھا یا دلھن کی تعریف میں گائے جانے والا گیت ۔

صِفت یا سِپت

ایسے حمد یا نعت یا منقبت کے گیت جو بچے کی پیدائش کے موقع پر رات کے وقت عورتیں مل کر گاتی ہیں ۔

موتک

مخصوص بلوچی دھنوں میں وہ گیت جو کسی عزیز کی موت پر سوگ کے اظہار کے طور پر گائے جاتے ہیں ۔

َزہیروک

بلوچی موسیقی کی ایک قسم بھی ہے اور فراقیہ لوک گیتوں کی صنف بھی ، ان گیتوں میں محبوب کے وصال کی خواہش اور انتظار میں دکھ درد کی کیفیات بیان ہوتی ہیں ۔

شعر

بلوچی شعری اصطلاح میں ایک مکمل داستان (منظوم) - شعر کلاسیکی طرز موسیقی کو بھی کہا جاتا ہے اور اُس خاص محفل کو بھی جس میں شعر گانے کا اہتمام کیا جاتا ہے -

لِیکو

شتربانوں کا گیت -

ڈیہی

ہجر وصال انتظار وغیرہ کے مضامین ڈیہی کی خصوصیت ہیں - یہ گیت موضوع کے لحاظ سے صوت سے ملتے ہیں - فارم کے اعتبار سے مثنوی سے قریب ہیں اور اپنی الگ طرز اور آہنگ رکھتے ہیں -

پُسّج بُسّری

وہ خوشی اور بہجت کے گیت جو دلھا دلھن کے جوڑے کی کاٹ اور ناپ کے وقت گائے جاتے ہیں -

چوگان

بلوچستان کے ایک مذہبی فرقہ ''ذکری'' کے مقبول دینی نغمے (جو ایک قسم کے عبادتی نغمے ہوتے ہیں) -

چاپ

تالیوں اور قدموں کی لے کی ہم آہنگی سے مرتب ایک خاص بلوچی رقص -

اَمْبا

ساحل مکران کے مچھیروں کے گیت -

کچھ کھیلوں کے باب میں

جیِی

ایک بلوچی کھیل جس میں ایک فریق کے افراد ٹاس جیتنے کے بعد گول دائرہ کی شکل میں پیٹھ ملا کر کھڑے ہوتے ہیں اور دوسری ٹیم ان کے گرد چکر کاٹتی ہے ۔ اور موقع پا کر یا ان کی توجہ ہٹا کر انھیں چھو کر بھاگ جاتی ہے ۔ فریق دوم کے افراد بکھر جاتے ہیں اور چھوا جانے والا چھونے والے کو پکڑنے کی کوشش کرتا ہے ۔ ناکام ہونے کی صورت وہ آؤٹ ہو جاتا ہے اور باقی افراد اسی طرح پھر کھیلتے ہیں اگر چھونے والا پکڑا جائے تو وہ بھی آؤٹ ہو جاتا ہے ۔

چولـکی یا چوکی

تقریباً ڈیڑھ فٹ عرض کے مربع کی شکل میں چھوٹے چھوٹے گڑھے کھودے جاتے ہیں اور اس کے بیچ میں ایک بڑا اور بھاری پتھر گاڑا جاتا ہے۔ لکڑی کے $\frac{3}{4}$ فٹ لمبے چار ٹکڑے بنائے جاتے ہیں ۔ جنھیں گڑھوں کے اندر بڑے پتھر پر مارا جاتا ہے ۔ ان لکڑیوں کی مختلف صورتوں میں پڑنے کے خاص اشارے بنائے گئے ہیں ۔ جن کی مدد سے چار اور چھوٹے چھوٹے لکڑی کے ٹکڑے تقریباً 3 انچ کے ، ان گڑھوں میں ''لوڑو'' کے کھیل کی طرح اٹھائے اور گڑھوں میں آگے بڑھائے جاتے ہیں ۔ آگے یہ کھیل ''لوڑو'' کی شکل اختیار کرتا ہے ۔

پُوُنچی

سردیوں کا ایک کھیل ، جس میں ایک فریق کے افراد مل کر کوئی چیز

مثلاً چھلا ہاتھوں میں چھپا لیتے ہیں اور ٹیم کے دوسرے افراد یہ ٹوہ لگاتے ہیں کہ چھلا ان میں سے کس ہاتھ میں ہوگا ۔ ہارنے والا جیتنے والے کی حسب منشا پانی پیتا رہتا ہے ۔ یہاں تک کہ وہ تنگ آ کر ہار مان لیتا ہے ۔

ورنڈو

رات کا ایک مخصوص کھیل ، جو زمین پر چوکور اور مستطیل نما لکیروں کے ذریعے کھیلا جاتا ہے ۔ ایک فریق مختلف خانوں میں بٹ کر دوسرے فریق کو آنے کے لیے للکارتا ہے ۔ آنے والے فریق کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ وہ چوکور اور مستطیل خانوں کو پار بھی کرے اور مخالف فریق کے ہاتھ بھی نہ آئے ۔ کسی ایک کو بھی پکڑنے کی صورت میں ہارا جا سکتا ہے ۔

گُڈرک پس

رات کا ایک اورکھیل، جس میں ایک شخص ایک سفید پتھر پھینک دیتا ہے اور باقی اُسے اٹھا کر لے آتے ہیں ۔ شرط یہ ہے کہ پتھر وہی ہو جو پھینکا گیا ہے ۔

مجولی

بھیڑ بکریوں کی ہیڑیوں کا ایک مقبول کھیل ۔ جس میں ہار جیت کا دار و مدار 'ہیڑی' کے مختلف اطراف کی شکلوں پر ہوتا ہے ۔

گڈّ

سکہ بند ہیڑی جو مجولی کھیل کے دوران باقی ہیڑیوں کو مارنے کے کام آتی ہے ۔

بُرّی یا ارغند

کھیلوں سے متعلق مختلف افراد کی تقسیم اورٹیم بنانے کا ایک طریقہ جس میں

دو دو نفراپنے اپنے اصل ناموں کے علاوہ دوسرے نام رکھ لیتے ہیں اور کپتانوں کو جو "مات" کہلاتے ہیں اپنا یہ غلط نام بتا دیتے ہیں ۔ کپتان باری باری ان ناموں کا انتخاب کرتے ہیں اور اس طرح نئے ناموں سے منسوب فرد ایک ایک کرکے دونوں ٹیموں کو فارم کرتے ہیں ۔

آل جا

وہ خاص مرکز یا نشان جہاں سے کھیل شروع ہوتا ہے ۔ خصوصاً ایسے کھیلوں کے لیے جن میں فریقین کو دور دور بھاگنا پڑتا ہے ۔ بعض خاص کھیلوں میں آل جا بھی کھیل کا ایک حصہ ہوتا ہے ۔

برفی

برف کے موسم کا ایک شغل ۔ اس میں ایک برتن کو برف سے بھرا جاتا ہے اور اس کے اندر کوئلہ کا ایک ٹکڑا چھپا لیا جاتا ہے ۔ برتن یا ظرف اس طرح سے ڈھکا جاتا ہے کہ وہ کوئی خاص تحفہ یا سوغات معلوم ہو ، پھر اُسے مختلف دوستوں یا ہمسایوں کے گھر بھیجا جاتا ہے ۔ اگر ہمسایہ یا دوست انجانے میں اسے قبول کرتا ہے تواسے بھیجنے والے کے پورے گھر کی دعوت کرنی پڑتی ہے اور اگر وہ سمجھ جاتا ہے تو دعوت برف بھیجنے والے کے ذمہ ہوئی ہے ۔

برف بازی

برف باری کے موسم میں برف مارنے کا ایک شغل جس میں کوئی ایک فرد یا افراد کسی بھی راہ چلتے کو جانے پہنچانے بغیر برف کا نشانہ بنا سکتے ہیں اور بگڑنے یا ناراض ہونے والے کو برف کے خوبصورت موسم کا احساس دلا کر سب لعنت ملامت کرتے ہیں ۔

چناغ

دو دوست ایک تنکا توڑ کر ایک عہد کر لیتے ہیں جس کے تحت کسی

دوست کو کسی چیز کی فراموش گاری میں یاد دلانے پر حسب طلب یا
حسب وعدہ کوئی تحفہ پیش کیا جاتا ہے -

گَڈگی یا قطار

سردیوں کا ایک گسی[1] کھیل ہے جو شطرنج سے ملتا جلتا ہے - اس کھیل
میں زمین پر مختلف چوکور اور تکون بنائے جاتے ہیں اور ان میں گیٹیاں
رکھ دی جاتی ہیں اور اٹکل سے اُٹھائی جاتی ہیں -

چُور

مجولی کے کھیل میں اگر کوئی غیر فریق کھیل کے دوران میدان میں پڑی
ہوئی بیڑیوں کو "چور" کہہ کے اُٹھا لے تو کھیلنے والے اس سے بیڑیوں کی
واپسی کا مطالبہ نہیں کرتے ہیں -

دَست خوش

اگر کوئی جواری جوے میں جیت جائے اور عین جیت کے وقت کوئی
غیر متعلق شخص جیتی ہوئی رقم کا مطالبہ کرے تو وہ اسے بلا چون
وچرا دے دی جاتی ہے - اس رقم کو دست خوش کہتے ہیں -

سَر خوش

وہ کلمہ جو دست خوش لینے والا شکریہ کے طور پر جواری کو کہتا ہے -

لانٹکی

شلوار پہننے کے دوران کوئی دوست اپنے کسی دوست کو پکڑ لے اور اُسے
تنگ کرنا چاہے تو اُسے چھڑانے کے عوض جو شیرینی یا نقدی دی جاتی
ہے لانکی کہلاتی ہے -

---

۱ - کسی کھیل In door game

حُجّ

کوئی دوست اگر کسی دوست کی عزیز ترین ملکیت مثلاً گھوڑا تلوار بندوق وغیرہ اس کی رضا مندی کے بغیر لے جائے تو اس عمل کو حج کرنا کہتے ہیں - حج کرنے والے کو یقین ہوتا ہے کہ کل اس کی ملکیت بھی حج کی جا سکتی ہے -

مُتفرِقات

الفاظ

اِنْسر

لیٹ جانے کے بعد نیند کی اولین کیفیت ۔ خواب کی آمد کی ابتدا

اِنْسرنا

انسر کا اردو مصدر ۔

اُ ہین

نیند آنے کی کیفیت جو بیٹھے بٹھائے بھی آ سکتی ہے ، اُبین اور اونگھنے کی کیفیت میں فرق یہ ہے کہ اُبین ایک خواب آلود کیفیت ہوتی ہے اور اونگھنے میں خواب کے غلبے کا اثر اور حرکت نمایاں ہوتی ہے ۔

اُ بینا

اُبین کا مصدر

جاپ

جان بوجھ کر اپنے آپ کو بے خبر ظاہر کرنے کا عمل ۔ جاگی ہوئی حالت میں اپنے آپ کو گہری نیند میں ظاہر کرنے کا دھوکا ۔ بات سننا لیکن اپنے آپ کو انجان ظاہر کرکے توجہ دوسری طرف ہٹانے کا فعل ۔

جاپ دینا

مصدر

آوَار

وہ مال جو قرض خواہ ، قرض دار سے بطور جرمانہ یا قرض کی ادائیگی کی ضمانت کے طور پر زبردستی حاصل کر لیتا ہے ۔

آوار مارنا

مصدر

چُڑت

بیٹھے بٹھائے کسی گہری سوچ میں ڈوبنے کی علت ۔

چُڑت مارنا

مصدر

چُڑتی

چڑت کی علت میں مبتلا ۔

ٹاہ

ایسی اخلاق غلطی جس کا ازالہ ممکن نہ ہو ۔

ٹاہ مارنا یا ٹاہ لگانا یا ٹاہ کرنا

اردو مصدر

لیمَزم

احساس جرم کی شرمندگی ۔

ہَر جان

تصدق ، یا ، نثار یا قربان کا متضاد

بشر جان جانا

کسی شخص یا چیز کی تباہی پر کسی دوسری چیز یا شخص کا اس کے لیے برباد ہو جانا یا کرنا ۔ (قربانی کے جذبے کے تحت نہیں انتقاماً)

وت سہار

وہ سواری یا بار برداری کا جانور جو کسی زور یا سہار کی کھینچ تان کے بغیر از خود راہ فہم ہو ۔

اُستمان

یہ لفظ وطن اور قوم کے مفاہیم کو سمیٹ لیتا ہے ۔

اُلس

Masses بلا تخصیص خواص و عوام لوگوں کے گروہ کو اُلس کہتے ہیں ۔

زندپہم

زندگی کو سمجھنے والا ۔

جندآدمی

Personification

وانگ

متحیّر، گنگ ، خاموش ، چشم وا ، سکتے کے عالم میں مبتلا یہ کیفیت کسی بیماری کے عالم کی (سکتہ کی بیماری) نہیں بلکہ بعض اوقات انسان پر جو نا قابل بیان تحیر اور مبہم سی خاموشی طاری ہو جاتی ہے اس کی عکاسی کرتی ہے ۔

لست

انتہائی صاف ، چاندی کے روپے کے نقش گھس کر مٹ جائیں تو وہ لسہ

کہلائے گا ، شاعری میں مانگ کے حسن کے لیے لسہ کی تشبیہ دی جاتی ہے ۔

لَسّتہ گیِوار

ستھری اور صاف مانگ رکھنے والی ۔

پِیر زادہ

سوتیلا لڑکا ۔

پِیر زادی

سوتیلی لڑکی ۔

لَوا

کان میں محسوس ہوتی ہوئی ایسی آواز جس کے بارے میں یقین سے کچھ نہ کہا جا سکتا ہو ۔ لیکن اس کے مانوس ہونے کا احساس پیدا ہو ۔

ہِنّار

پیاس کی ایسی شدت جس میں آسانی سے پانی نہ پیا جا سکتا ہو ۔

ھُوشام[1]

پیاس کی ایسی شدت جس میں بے انتہا پانی پینے سے بھی پیاس نہ بجھ سکے ۔

جُول

بے پناہ گرمی اور دھوپ کی انتہا میں بے ہوش ہو جانے کی کیفیت ۔

سکّش سر

آسانی سے نہ مر سکنے والا (مذموم معنوں میں استعمال ہوتا ہے) ۔

---

۱ - ہوشام ایک بیماری بھی ہوتی ہے ۔

بدَشتوئیں راج

نامکمل قوم ۔ جس میں قومی خصوصیات کے جملہ عناصر نہ ہوں ۔

ستر بار

مناسب مقدار سے زیادہ خوشبو ۔

ھُول

احمق محض ، مگر جسمانی اعتبار سے توانا ، بیوقوف بہادر ۔

دُرگُوش

کانوں میں در پہننے والی ۔

دُرْرَدپ

محبوب ، جس کی گفتگو سے موتی جھڑتے ہوں ۔

دِل تَنْگ

دل کا تنگ ہو جانے والا ۔ انتظار کی کیفیت میں عاجز اور مغموم ۔

دِل تَنگ ہونا

(مصدر)

دِل تُرک

دل پھٹا ہوا ، وہ شخص جس کا دل خوف یا دہشت سے پھٹ گیا ہو یا حرکت بند ہو چکی ہو ۔

جم شیر

قبیلے کا شیر ، قبیلے کا بہادر ۔

زَباد[1] بُو

زباد[1] کی خوشبو بکھیرنے والا ۔ مراد محبوب ۔

---

۱ ۔ زباد ایک مشہور خوشبو ۔

شَکَّل لیشاد

جس سے مل کر ، جس سے گفتگو ، کرکے مسرت کی شیرینی ملتی ہو -

بُژ گَشرلچ

وہ گانٹھ جس پر اور کئی گانٹھیں لگائی گئی ہوں -

سیر واد

غذا کی ضرورت کے مطابق مناسب مقدار کا نمک -

زرمَشت

دولت مند جو دولت کو کسی چیز کی حقیقت یا اصلی قیمت یا ضرورت کو مدنظر رکھے بغیر لٹاتا ہو -

لَہشمین غم

وہ غم جس سے کسی قسم کا سکون ملتا ہو ، محبوب کا غم -

دیر لیشاد

وہ شخص جس سے عرصے سے ملاقات نہ ہوئی ہو یا کافی فاصلے پر رہتا ہو -

پُردِیم

راکھ ملی ہوئی صورت والا -

روچ سَوجیر

وہ شخص (خصوصاً محبوبہ) جو سورج سے بھی پردہ کرتا ہو۔ بےانتہا پردے میں رہنے والی عورت -

گِرد

گول مگر چپٹا جیسے روپیہ -

لٹونڈ

نا ہموار ، کہیں اُبھرا ، کہیں پچکا ، دائرہ نما ۔ جیسے انسان کی کھوپڑی ۔

لیمپ

ناک کا میل ، ناک کا پانی ۔

لیچ

آنکھ کا میل ۔

لیچین

کیچڑ لگی ہوئی ۔

اسٹال جُڑشک یا اِسٹار جُڑشک

ستاروں کی طرح چمک رکھنے والا ۔

بَدآس یا بَدآچ

وہ بندوق جس کا درسان[1] سلگ اٹھے لیکن گولی نہ نکل سکے ۔

بد آس ہونا

مصدر کی شکل ۔

شتَرام

خواب میں بولنے کی عادت ۔

بُکّو

کسی واقعہ کے بیان یا گفتگو کے دوران اگر کوئی ناقابل یقین یا دروغ

---

۱ ۔ درسان وہ مرکبات بارود جو بندوق کی گولی میں ڈال دیے جاتے ہیں۔

یا مبالغے کی بات آ جائے تو سننے والا بکو کہتا ہے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ صاحب مبالغہ کی بھی حد ہوتی ہے ۔

گشران ماَول

بہت ہی قیمتی ۔ مراد محبوب جو قیمت یا خرید سے بہت بلند ہوتا ہے ۔

دُرّ گَپ

جس کی باتوں میں موتی کی سی کشش ہو ۔

پُل گُد

جس کی پوشاک میں پھول کی خوشبو اور حسن موجود ہو ۔

چاڑ

موڈ ٹھیک ہونے کی حالت ۔

بے چاڑ

موڈ خراب ہو جانے کی حالت (Diss mooded) ۔

تنگَو یں پَشچ

وہ فرزند جو سونے کی طرح سچا اور بیش قیمت ہو ۔

تنگر یں بشرات

مضبوط اور محکم بھائی جو کمزور بھائی کا یقینی مدد گار ہو ۔

عار یفیں پت

مقدس اور مہربان باپ ۔

مکتئیں مات

مکہ متبرکہ جیسی تقدس رکھنے والی ماں ۔

سِنْج

کسی کام کی انجام دہی کی اہلیت اور شعور ۔

بے سِنْج

جسے کسی کام کا شعور نہ ہو ، جو ہر قسم کی صلاحیت سے بے بہرہ ہو ۔

جُسْک

پرانے غصہ کو دل میں رکھنا اور کسی معمولی بات کو بہانہ بنا کر رو دینے کی عادت ۔ جو عموماً عورتوں میں ہوتی ہے ۔

جُسْک زدہ

مُفترس مورد ۔

کَسَتّگ

مشکیزہ کا پیوند ۔

کالئو

لکڑی کا ایک گلاس جو پانی پینے کے استعمال میں آتا ہے ۔

سِکیتّ

یخ زدہ سالن کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

ماہ لُنْج

وہ حسین جس کے حسن کے سامنے چاندنی بھی مدھم ہو ۔

ماہ تئوس

چاند کو بجھا دینے والا ۔ چاند کو ماند کر دینے والا حسین ۔

ماہ لَنّج

چاند کی لاج (حسین محبوب)

زَباد مال

زباد کی خوشبو ملنے والا۔

زَباد بشّو

محبوب جس سے زباد کی خوشبو آئے۔

ذِگری

بلوچستان میں ایک مذہبی فرقہ جو کوہ مراد (واقعہ بلوچستان) کو مقام حج مانتے ہیں۔

ذِ گِر

ذِگریوں کی عبادت کا نام۔

یَک زد

وہ شکار جو ایک ہی وار سے ہلاک ہو جائے۔

ٹِک تیر

وہ شکاری جس کا نشانہ کبھی خطا نہ جائے۔

دَپاوَر

وہ شخص جو بات چیت میں سب سے آگے آگے ہو، (لیکن باتونی نہ ہو) دپاور کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ اپنا مدعا، بلا جھجک، اور بلا لحاظ مراتب بیان کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

یَک زُبان

وہ شخص جو اٹل اور فیصلہ کن بات کرنے کا عادی ہو۔

یَک راہ

وہ لوگ جو مشترکہ طور پر کسی ایک ہی شخص کے فیصلے کو مانتے ہوں یا کسی معاملے میں مشترکہ مگر ایک ہی رائے رکھتے ہوں ۔

کَشْرس

ایک کشتی سے دوسری کشتی کو باندھ کر کھینچنے کا عمل ۔

کَشْرس کرنا

مذکورہ عمل ۔

دِل پَدَرْد

وہ شخص جس کے دل پر کسی خاص واقعے یا حادثہ کا گہرا اثر ہوا ہے ۔

دل دور

وہ شخص جو پہلے ہی کسی غم میں مبتلا ہو ، اور دوسرے دردناک واقعہ کے ذکر تک کو برداشت نہ کر سکتا ہو ۔

دل گشراں

وہ شخص جو کسی قسم کی ناراضگی کا عملی مظاہرہ نہ کرتا ہو ، لیکن دل ہی دل ہیں وجہ رنجش کو محسوس کرتا ہو ۔

زَہیر

جدائی میں وصل کی خواہش کا غم—وصل سے محرومی کا غم ۔

زہیری یا زہیریگ

زہیر زدہ ۔

یک قرار

مستقل طور پر ایک ہی صورت میں رہنے والا ، زمانے کی گردش یا تاریخی

حوادث کی لپیٹ میں آنے کے باوجود کسی طور سے متاثر نہ ہونے والا یک قرار کا مفہوم ایک جگہ ٹھہرنے والا ہے ۔ لیکن گفتگو کی اصطلاح میں ہئیتی طور پر مبدل نہ ہونے والے کو کہا جاتا ہے ۔

سَرزیات

زیادہ سے اوپر ۔ زیادہ سے بھی زیادہ یہ لفظ اردو کے ایک طرز بیان ''فوراً سے پیشتر'' سے ملتا جلتا ہے اور عموماً وہاں استعمال ہوتا ہے جہاں بہتات یا افراط کو مؤثر بنانا مقصود ہو ۔ حد سے متجاوز ۔

سَرتیر

پہلا تیر ۔ یا گولی جو نشانہ پر لگنے کی بجائے اوپر کو نکل جائے (نہ دائیں جانب نہ بائیں جانب) ۔

سَر بَند

سر پر باندھنے کی پٹی ۔

یَک و ٹِک

وہ دعا یا بدعا یا تعویز یا نظر بد یا نشانہ جو کبھی خطا نہ ہو ۔

دل گیر

ہر قسم کی غذا جو کسی دوست یا محبوب کی جدائی میں بے لطف سی رہتی ہو اور حلق سے نہ اترتی ہو ۔

دل گرانی

دل گران ہونے کی کیفیت ۔

زَدگ

وہ شکار جس پر گولی کا اثر تو ہوا ہو مگر جائے نشانہ پر نہ گر سکا ہو ۔

تانْگ

بیٹھے بیٹھائے کسی گزری ہوئی یاد میں کھو جانے کی کیفیت ۔

تانْگنا

مصدر مورد ۔

پلیتگی

ایک بلوچستانی ساخت کی بدصورت اور معمولی بندوق ۔

پُلّکی

ایک اور بلوچستانی ساخت کی بندوق ۔

گیگ

ذہنی تفکرات سے فراغت کی کیفیت ۔

نگیگ

ذہنی الجنھوں میں الجھا ہوا ۔

کُنڈ

سر دریا یا جھیلوں کے کنارے پتھروں سے بنی ہوئی آڑ جو مستقل طور پر شکاریوں کے لیے بنائی جاتی ہیں ۔

گُل زمین

پھولوں کی زمین ۔ پھولوں کی سی طہارت اور پاکیزگی رکھنے والی زمین ۔ بلوچی میں یہ لفظ مقدس زمین کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ اس کی قسم بھی کھائی جاتی ہے ۔ شاعری میں عموماً وطن پاک کے معنوں میں استعمال ہوا ہے ۔

آس یا آچ

ایسا جذبۂ عمل جو کسی کام کے آسان یا مشکل ہونے کو سوچے بنا دل میں پیدا ہو جائے۔ ایسا جوہر جو انسان کو ہر موقع پر عمل کے لیے تیز اور تیار رکھے۔

آسی

آس رکھنے والا۔

سئوجانی

وہ شخص جو عیش و نشاط اور بے فکری میں رہتا ہو اور کسی کی رائے کو خاطر میں نہ لاتا ہو جو اس کے خلاف یا حق میں ہو۔

ہوائی

جس شخص کی زندگی کے متعلق انتہائی سطحی رائے ہو جو صرف ظاہری دل چسپیوں سے متاثر ہوتا ہو، معمولی اور ذرا سی چمک کا گہرا اثر قبول کرتا ہو۔ لیکن کسی گہری بات کا اسے ادراک نہ ہو۔

دوُدسٙب

جس کی دو دم ہوں۔ مراد وہ شخص جو ایک کو دوسرے سے لڑاتا رہے، یہاں کی بات وہاں اور وہاں کی بات یہاں پہنچاتا رہے۔

دو راجی

وہ شخص جو اپنے آپ کو مقبول بنانے کے لیے ہر ایک کا خیر خواہ بنا پھرتا ہو اور ہر طرف پسندیدہ ہونا چاہتا ہو۔

دو زُبان

وہ شخص جس کی زبان دو ہوں یعنی کبھی ایک وعدہ یا ایک بات پہ نہ ٹھہرنے والا۔ ایک زبان سے وعدہ کرنے اور دوسری زبان سے پھرنے والا۔

چار سٹوٹ یا دو سٹوٹ

وہ شخص جس کی صورت سے بے وجہ ، بلا جرم ، بے قصور ، خدا واسطے کا بیر ہو ۔

دو دَلشتاں

بکری کا دوسال کا بچہ ۔

دو پَشژم

اونٹ کا بچہ جو دو سال کا ہو ۔

کَسلَانشٹ

وہ عورت جو عمر رسیدہ ہو لیکن اب تک اس کی شادی نہ ہوئی ہو ۔

دو مُودَگ

وہ عورت جو جوانی کی عمر سے گزر گئی ہو لیکن ابھی بوڑھی نہ ہوئی ہو ۔
ادھیڑ عمر کی عورت ۔

دَرداں

درد زہ میں مبتلا عورت ۔

گشوات دَرد

درد زہ کے ابتدائی ایام میں ایسے درد جو وقفے وقفے کے بعد محسوس کیے جاتے ہوں لیکن پے بہ پے نہ ہوں ۔

کُکُڈ

وہ لکڑی کی بڑی میخ جو کُنسٹ چیرنے کے کام آتی ہے ۔

سِہاں بانگ

رات کے بارا ایک بجے مرغ کی اذان ۔

یَلتَہ سَر

وہ عورت یا مرد جو قابو نہ کیا جا سکے اور اپنی مرضی سے زندگی کے راستے پر چلے -

سَر یِتَلہ

وہ شخص جو سرپرستوں کی توجہ اور نگرانی سے محروم ہو اور در بدر مارا مارا پھرتا ہو -

یَلہ چَر

وہ شخص جو اپنی منشا پر جو چاہے کرے - اس پر کسی کی گرفت نہ ہو، یلہ چر مذموم معنوں میں استعمال ہوتا ہے -

ژَنڈ پَنڈ

تھکان کی حالت میں بند بند اور جوڑ جوڑ کا درد -

لُکّ سَہ لُکّ

وہ لوگ جو مستقل ایک دوسرے پر معترض اور برسر بحث ہوں -

جُبّانی

وہ شخص جس کا شوق بدلتا رہتا ہو جس کی دل چسپی مستقل نہ ہو .

سالےِں ساعت

وہ ایک لمحہ جو سال پر بھاری ہو -

لٹوک

کچے مکانوں کی بیرونی چھتوں پر بارش کے پانی کی نکاسی کے لیے لکڑی کا ایک نالہ جو مکان کے پچھواڑے کی طرف اس طرح لگایا جاتا ہے کہ مکان پانی کی زد سے محفوظ رہے -

کہٹر

انتہائی سست اور کاہل شخص ، جسے ایک جگہ سے زبردستی اٹھا کر اگر دوسری طرف بھیج دیا جائے تو وہ درمیان میں کہیں بیٹھ جائے۔ ٹپر ایک قسم کا لحاف ہوتا ہے لحاف جہاں رکھ دیا جائے وہیں رکھا رہتا ہے - یہی حال ٹپر قسم کے آدمی کا ہے -

بومیا

جو راستوں کا شناسا ہو ، جو اہل طلب کو مرادوں کی منزل تک پہنچا سکتا ہو -

راہ گیر

وہ ڈاکو جو راستوں میں کہیں چھپ کر یا کہیں تاک میں بیٹھ کر راہگیروں یا قافلوں پر حملہ کریں اور ان کو لوٹ لیں - پہاڑی علاقوں میں راہ گیر بھیڑیئے بھی ہوتے ہیں جو راستوں میں چھپ کر راہ چلتے مویشیوں پر حملہ کر دیتے ہیں -

دزّ درّہ

وہ چور درّے جہاں راہ گیر چھپ کر راہگیروں کو لوٹتے ہیں -

بے گشواز

جو ناپا نہ جاسکے -

بیشکار

جو خود تو کچھ نہ کر سکے لیکن دوسروں کا بنا بنایا کام بگاڑ دیا کرے -

بیش کاری

بیشکار کا عمل -

اُولاک

بار برداری کا جانور -

شار

کسی وبا سے صحت یابی - شار صرف وبا سے صحت یابی کے لیے استعمال ہوتا ہے -

شـارنا

مصدر

کـَلشپ

وہ شخص جو کسی جھگڑے میں صلح صفائی کرنے کی بجائے متعلقہ فریقوں کو لڑانے کے در پے ہو -

َدز مـشوش

اندھیرے میں ہاتھوں سے کسی چیز کو تلاش کرنے کا عمل -

َدز مـشوش کرنا

مصدر

پُتوئی

ایک ہی جگہ بیٹھے بیٹھے تنگ کرنے کی کیفیت -

پُل

پتوئی کی حالت میں کہیں اور جانے یا اٹھنے کی اُمنگ -

پُل َدپ

جس کا منہ پھول کی طرح شگفتہ ہو -

دل پُل

دل کا پھول - بہت عزیز -

سیر مراد

جس کی مرادیں بھر آئی ہوں -

سیر مرادی

مرادیں بھر آنے کا عمل -

ھیر گوار

خشبو برسانے والا (معشوق)

ماہ پُل

چاند کی اُمنگ ، محبوب مراد ہے .

ڈَلگ چار

وہ بیٹا یا عزیز جو باپ یا کسی بزرگ کی نظر میں کوئی اہمیت نہ رکھتا ہو یا اس پر زیادہ توجہ نہ دی جاتی ہو -

دِل بَنْشد

دل کا جوڑ ، بے انتہا پیارا -

سُوکی

کسی کو تنگ کرنے یا عاجز کرنے کا فعل -

سیہ دِل

کہہ کہہ کر تنگ کرتے کرتے دل کا کالا پڑجانا ، استعمال سوکی کے معنوں میں ہوتا ہے -

سیہ دِل کرنا یا سُوی کرنا

مصدر اردو -

گُلا لِیک

پہاڑی علاقوں میں رہنے والے بلوچوں (مردوں) کی گردن پر لہراتے ہوئے بالوں کے گچھے -

اُمبوئیں سلام

خوشبو میں بسا ہوا سلام - مراد محبوب کا پیغام -

نَجَن

طلاق یافتہ عورت سابق شوہر کی نجن ہوتی ہے -

نجنی

طلاق یافتہ عورت کا سابق خاوند سے رشتہ علیحدگی -

نمرد

سابق شوہر -

لَنْشش

پاؤں میں خفیف سی لنگڑاہٹ -

لَنْششنا

مصدر (لنش سے)

تیْرلنگ

زخمی ہونے یا کسی دوسری وجہ سے ایک پاؤں پر چلتے رہنے کی حالت -

تشرنشگ کرنا

مصدر ۔

ناگ

ہلکی سی تپش جو بجھی ہوئی راکھ یا جسم میں محسوس ہوتی ہو ۔

کہار

محبت کی توجہ (lift) ۔

کہار دینا یا کہار کرنا

مصدر اردو ۔

صلاح

کھانے میں شریک کرنے کی دعوت ۔

صلاح مارنا

مصدر موّرد ۔

زر نشود

سمندر کی طرف سے آتی ہوئی ہلکی سی پھوار —محبوب سے مراد ہے ۔

لار

سوتے میں ہونٹوں پر جمتا ہؤا جھاگ ۔

گشران واب

وہ آدمی جو سوتے ہی گہری نیند میں ڈوب جائے اور اُسے اٹھانے اور جگانے کے لیے بسیار کوشش کی ضرورت پڑے ۔

سُبتک واب

نیند میں غرق ہونے کے باوجود ، ذرا سی آواز یا چاپ سے جاگ پڑنے والا شخص ۔

باہنشٹر

کاروان کے ٹھہرنے کے آثار یا نشانات ۔

دِل سُبَک

دل پر بوجھ نہ بننے والا ۔ ہلکا ، وہ شخص جو ہر ایک کو عزیز ہو کسی کے دل پر بوجھ یا تکلیف کا باعث نہ ہو ۔

دِل گیشرشن

دل پر گانٹھ ، غیر مخلص اور ناپسندیدہ شخص ۔

تیسمچہ

شکست کھانے کے بعد پھر ہمت کر کے مقابلہ کرنے کے موقع کی تلاش میں ہونے والا ۔

پتلاسُرزی

کسی دوسرے اور غیر متعلقہ شخص کی طرف سے (صرف اپنی اہمیت ظاہر کرنے کے لیے) کسی جھگڑے میں ٹانگ اڑانے کا عمل ۔

َوتاچ

قدیم ساخت کی بلوچی چھوٹی بندوق جو پستول سے بڑی ہوتی ہے ۔

َرہ گیدار

وہ شخص جو بہت ہی کم مدت کے لیے کسی مقام پر ٹھہر کر چلا جائے ، سرسری سفر کرنے والا ۔

راہ گداری

سرسری سفر ۔

غم تشوس

غم کی آگ بجھا دینے والا — محبوب ۔

رہ بلد

راستوں کے خم و پیچ سے واقف ۔

دُر چین

موتی چننے والا ۔

مات کوہ

(Mother Mountain) مادر وطن یا دھرتی ماتا کی ترکیب کی طرح یہ بھی مقدس اور متبرک کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ بلوچ پہاڑوں کو اپنا قلعہ کہتے ہیں ، وطن مانتے ہیں ، مات کوہ کہتے ہیں ۔ (مادر کوہ)

کریاب

دھوپ یا سورج کی تپش میں انتظار کے عالم میں جلا ہوا ۔

کریابی

انتظار میں جان عذاب ہونے والی کیفیت ۔

گیتر

بچے کی ضد ۔

بچار مات

ایک ہی باپ کی وہ اولاد جو کم ترنسل کی بیوی سے ہوں ۔ اصیل النسل کے

مقابلے میں یہ اولاد بچار مات کہلائے گی ۔

زنڈد یگ

زندگی کے ایے مجبور—زندگی سے متعلق ہونا یا زندگی ہی کا ہوکر رہنے والا ۔

حَشلک یا کُوچَگ

پہاڑوں کے دامن میں چھوٹی چھوٹی آبادیاں ۔

شُبین

کسی شکل کو دیکھ کر، اس سے ملتی جلتی صورت والے کسی دوسرے شخص کا تصور ۔ شبین کا تعلق کسی واقعہ سے نہیں صرف تصور سے ہے ۔

آفِنشکی یا آپِنشکی

تاس کے معیار پر پانی کی تقسیم کا عمل ۔

جاگشو

وہ لوگ (عورت یا مرد) جو عزیز و اقارب یا ہمسائے میں سخت بیماری کی صورت میں یا کسی عورت کے بچہ جننے کے تکلیف دہ لمحوں میں رات جاگ جاگ کر گزارتے ہیں ۔

زِی

گزری ہوئی کل (بلوچی لفظ مفرد ہے)

بانشدا

آنے والی کل (بلوچی لفظ مفرد ہے) ۔

روشَم

Alternate days.

سُبارَگ

دوپہر کا کھانا ۔

شام

شام کا کھانا ۔

ہم سُبارَگ

وہ شخص جو دن کے کھانے سے محروم رہا ہو ۔

ہم شام

وہ شخص جسے رات کا کھانا نصیب نہ ہوا ہو ۔

دلنگ

وہ آدمی جو طویل الجثہ ہونے کے باوجود بزدل ہو ۔

دوبنشدی

ہر دو جانب مفاد ، قطار کے کھیل میں ایک چال ، جس سے مقابل کو ہر جانب سے شکست دی جاتی ہے ۔

جکونشان

مستقل پڑا ہوا ، بھاری بے کار تن آسان ۔ کاہل ۔

میلانک

مستقل کھڑا ، وہ شخص جس سے جان چھڑانی مشکل ہوجائے ۔

لیشزگ

جو نہ خود کھائے نہ دوسروں کو کھلائے ۔ کھانے کے معاملے میں بد تمیز

کو بھی ، لیزگ کہتے ہیں -

چُشپچَل

وہ شخص جو چمگادڑ کی طرح ہر جا و ہر کجا چمٹ جاتا ہو ، ہر بات چیت میں شامل ہو، ہر معاملے میں ٹانگ اڑاتا ہو اور ہر کھانے پر موجود ہو،

ھـئونـڑسر

بات بات پر چھڑنے اور ناراض ہونے والا آدمی -

انارک

گالوں کے اوپر اور آنکھوں کے نیچے کان کی سمت میں ابھرا ہؤا رخسار کا حصہ - بلوچی شاعری میں یہ لفظ حسن و خوب صورتی کی علامت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے -

گال یا بـنـد

منظوم پہیلی ، جس کا تعلق زیادہ تر کسی تاریخی واقعے سے ہوتا ہے -

ڈِـک نظر

وہ شخص جس کی نظر بد سے خطا ممکن نہ ہو -

کُـڈکی

بچوں کا ایک کھیل ، جس میں وہ گڑیوں کی مدد سے ایک گھریلو ماحول پیدا کر دیتے ہیں -

بـرام

وہ خوش بو جو کسی کھانے (سالن وغیرہ) سے آئے -

نیاز بُندی

کسی چیز کو کھائے ہوئے مدت گزر جانے کے بعد ، پھر کھانے کی خواہش -

کسی شخص کو دیکھتے ہوئے عرصہ گزر جانے کے بعد پھر اس سے ملنے کی تمنّا ۔

نیاز بُند

نیاز بندی کا فاعل ۔

بِتر

Untamed غیر تربیت یافتہ پرندے اور حیوانات ۔

سَؤلیں پُسّگ

وہ فرزند جو لیاقت میں اپنے نامدار و باپ کی جگہ لے سکے ۔

دَپ کَپ

غیر معینہ ملاقات ۔

مُلائی

ذگری مذہب کے دینی پیشوا ۔

تُلسّ

وہ عورت جو ہر معاملے میں خواہ مخواہ دخل انداز رہے اور اس کے بنا کبھی سکون سے نہ بیٹھ سکے ۔

دِلاپ

دل پگھلا ہؤا ، محبت یا مصیبت میں حد سے متجاوز ۔ رقیق القلب ۔

ہشّرن

وہ بدمزگی یا بے لذتی جو کسی عزیز ترین دوست کی غیر موجودگی میں خصوصاً کسی خاص غذا کے کھانے میں محسوس کی جاتی ہو ۔

بَشرن ہونا

بژن کا مصدر

بَشژنی یا بَژنیگ یا دل بَشژن

وہ شخص جس سے کوئی چیز بژن ہو جائے۔

ٹِکّ

بدنامی کا داغ ۔

ٹِکّ کرنا

بدنامی کا داغ دینا ۔

چِلّگی

زچہ ، جس کے ابھی چالیس دن پورے نہ ہوں ۔

ہَشمَبل

اگر تین یا چار آدمی بیٹھے یا سفر میں اپنے ہمراہیوں میں سے کسی ایک یا کسی غیر موجود شخص کے خلاف ۔ اس طرح بات کرنا چاہیں کہ اس کا نام آشکار نہ ہو ، تو وہ اس نام کی بجائے ہمبل کہہ کر گفتگو کریں گے ۔

دَپ شیٹر

وہ شخص جسے اپنا مدعا بیان کرنے کا سلیقہ یا اہلیت نہ ہو ، یا بیان کرتے وقت مدعا بھول جائے اور پھر کھسیانی ہنسی میں خفت مٹانے کی کوشش کرنے لگے ۔

دَپ خَنٹ

وہ شخص جو فضول اور بے مقصد ہنستا رہے ۔

ٹَسّٹ

وہ کمزوری ، جس کی وجہ سے کوئی شخص اپنی ضرورت اور مقصد کی چیز پیش کیے جانے کے باوجود اُسے ٹھکرا دے ۔ یہ کمزوری نہ خود داری کی بنا پر ہو ، نہ غرور اور دکھاوے کے سبب سے ۔

یاُرک

وہ شخص جسے کوئی دوست نہ سمجھے مگر وہ اپنے آپ کو ہر ایک کا دوست بنا کر ساتھ چپکتا رہے ۔

پُتیشنک پَسّٹ

وہ شخص جو کرید کرید کر پرانی اور غیر ضروری باتوں کا ذکر محض جھگڑا اٹھانے کی خاطر چھیڑتا رہے ۔

پشوتی پَسّٹ

وہ شخص جو ڈھونڈ ڈھونڈ کر پرانے حساب کتاب تلاش کرتا رہے اور تنازعہ بڑھاتا رہے ۔

جشوزَڈ

ایک باریک تقریباً ڈیڑھ فٹ لمبی لکڑی جو چولہا جلانے کے دوران آگ کو الٹ پلٹ کرنے اور ٹھیک طور سے جلانے میں مدد دیتی ہے ۔ جوزڈ کہلاتی ہے ۔

َشرتَگ

سمندر میں آیا ہوا طوفان ۔

َہشنکین

وہ مستقل قیام گاہ جو نسل در نسل اور کارواں در کارواں خانہ بدوشوں کے استعمال میں آتا رہا ہو ۔

بُشند َر

وہ مقام جسے نسل در نسل استعمال میں لایا گیا ہو—باپ دادا کے زمانہ سے چلا آتا ہو ، وہ مکان جو بنیاد کی حیثیت رکھتا ہو قدیم ترین گھر۔
ھنکین خانہ بدوشوں کے لیے اور بندر مستقل باشندوں کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

-ھوا َد گ

نمک ڈالنے کے بعد بھی نمکین نہ ہونے والا ذائقہ ۔

بے تام

وہ آدمی جس کی گفتگو میں کوئی کشش نہ ہو ، بے لذت ، بے مزہ ۔

دو ریش

جاپ دینے والا ۔

بے وار یا بے گیگ

وہ شخص جو نا مساعد حالات میں گھرا ہؤا ہو ، جسے کسی صورت میں آسائش نصیب نہ ہو ۔

بُنـَّکی

وہ لوگ جو ایک ہی جگہ سلسلہ در سلسلہ رہتے چلے آئے ہوں ۔

وار خطا

جس کا وار خطا گیا ہو ، جس کا نشانہ چوک گیا ہو ، شدت جذبات میں انتہائی غیر متوازن دماغی حالت میں مبتلا شخص ۔

جُلـگہَ

پرہجوم اُلس در اُلس ، جیسے کراچی ایک جلگہی شہر ہے ۔

دل بُتّر

دل کو کاٹنے والا — یعنی غم زدہ بنانے والا ۔

َابابکی

بلوچستان کا ایک طائفہ جو اپنے آپ کو حضرت ابوبکر سے منسوب کرتا جو تعویذ گنڈے کا پیشہ کرتا ہے ۔

شَت

باریک ٹہنی جو جانوروں کو ہانکنے کے لیے لٹ کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

َزگرِیں

تازہ ، تازہ دوہا ہوا دودھ ، جھاگ دار ۔

َمڑا

سوسائٹی میں اپنے وقار کا پاس یا تحفظ ۔

مڑا کرنا

مصدر مورد ۔

َمڑا دار

اپنے وقار کا پاس رکھنے اور تحفظ کرنے والا ۔

َمڑا داری

معاشرہ کی قدروں کے مطابق اپنے وقار کے تحفظ کا عمل ۔

اردو اور علاقائی زبانیں

مرکزی اردو بورڈ کا ایک مقصد یہ ہے کہ اردو کی بنیادوں کو توسیع و ترقی دے تاکہ لکھنے اور پڑھنے کے اعتبار سے اردو پورے مغربی پاکستان کی زبان بن سکے ۔

مغربی پاکستان کے مختلف علاقوں کی مختلف زبانیں ہیں ۔ اردو ان تمام علاقوں میں بولی اور سمجھی جاتی ہے لیکن یہ کسی علاقے کی مادری زبان نہیں ۔ اردو کو اس صوبے کے تمام علاقوں کی مشترکہ زبان بنانے کے لیے ضروری ہے کہ علاقائی زبانوں اور اردو کو زیادہ سے زیادہ قریب لایا جائے اور ان کے درمیان علم و ادب کی آمد و رفت کو عام کیا جائے مرکزی اردو بورڈ نے لسانی یک جہتی کے اس عظیم مقصد کے تحت جو منصوبے بنائے ہیں ان کا ایک ہلکا سا خاکہ یہ ہے :

ا ۔ علاقائی کلاسیکی ادب کا ترجمہ

ہیر وارث شاہ ۔ترجمہ : ڈاکٹر فقیر محمد فقیر

ب ۔ علاقائی زبانون اروان کے ادب کی تاریخ

پنجابی زبان اور ادب کی تاریخ ۔ : مرتبہ ڈاکٹر فقیر محمد فقیر

پشتوز بان اور ادب کی تاریخ ۔ زیر نگرانی : مولانا عبدالقادر

سندھی زبان اور ادب کی تاریخ ۔ زیر نگرانی :

ڈاکٹر این اے بلوچ

بلوچی زبان اور ادب کی تاریخ ۔ مرتبہ : عطا شاد بلوچ

ج ۔ مختلف علاقوں میں اردو

پنجاب میں اردو ۔ مرتبہ : ڈاکٹر وحید قریشی

سندھ میں اردو ۔ مرتبہ : پیر حسام الدین راشدی

سرحد میں اردو ۔ مرتبہ : مولانا عبدالقادر

بلوچستان میں اردو ۔ مرتبہ : ڈاکٹر انعام الحق کوثر

د ۔ دو زبانی لغتیں

اردو پنجابی لغت ۔ مرتبہ : ارشاد احمد پنجابی

اردو پشتو لغت ۔ مرتبہ : ڈاکٹر انوار الحق

اردو بلوچی لغت ۔ میر مٹھا خان مری ، عطا شاد بلوچ

مرکزی اردو بورڈ